لمحہ فکریہ!

چاہیئے تو یہ تھا کہ عربی کو جماعت اول سے لے کر ایم اے تک لازمی حیثیت دی جائے۔ لیکن تعجب ہے کہ حصہ پرائمری میں عربی کا نام ونشان نہیں۔ حصہ مڈل میں لازمی حیثیت حاصل ہے۔ نہم، دہم، گیارہویں، بارہویں میں پھر عربی کے معاملہ میں سکوت، بی اے میں پھر لازمی حیثیت! یہ کوئی بے ربط سی بات ہے۔ اور اس طرح طلباء/ طالبات کے اندر عربی زبان کی اہمیت وافادیت اجاگر نہیں ہوسکتی۔ لہذا حکام بالا کی توجہ اس طرف مبذول کرائی جاتی ہے کہ عربی زبان کو حصہ پرائمری سے لے کر ایم اے تک لازمی مضمون کی حیثیت دی جائے تاکہ طلباء طالبات عربی زبان کو سمجھنے کے ساتھ ساتھ دینی حمیت سے بھی شعوری طور پر مطلع ہوں۔

لہذا طلباء/ طالبات کے لئے امتحانی نقطۂ نظر سے اسے سہل کردیا گیا ہے لیکن اس کا مطلب یہ ہرگز نہ ہوگا کہ طلباء/ طالبات اصل کتاب کو چھوڑ کر فقط گائیڈ کا سہارا لینا شروع کردیں۔ یہ تو فقط طلباء/ طالبات کو امتحانات کی تیاری میں بہترین طریقے سے کامیاب کرانے کا سامان پیدا کرے گی۔ یہ انصاف نہ ہوگا کہ اگر محترم جناب بشیر احمد بٹالوی آزاد بک ڈپو لاہور کا شکریہ ادا نہ کیا جائے کہ جنہوں نے انتھک محنت کرکے اسے قابل اشاعت بنایا۔

آخر میں طلباء/ طالبات سے گزارش ہوگی کہ انہیں اگر اس میں کوئی سقم نظر آئے تو بندۂ خطا کار سے درگذر فرماتے ہوئے فوری مطلع فرمائیں گے۔ اچھائی نظر آئے تو اللہ رب العزت کا فضل وکرم سمجھے گا۔

حفیظ الرحمٰن بغدادی

الدرس الأوّل

عربی جملے	اردو ترجمہ
هٰذَا قَلَمٌ	یہ قلم ہے
ذٰلِكَ شُبَّاكٌ	وہ کھڑکی ہے
هٰذِهٖ وَرَقَةٌ	یہ کاغذ ہے
تِلْكَ سَبُّوْرَةٌ	وہ تختہ سیاہ ہے
هَلْ هٰذَا عَلَمٌ ؟	کیا یہ جھنڈا ہے ؟
نَعَمْ هٰذَا عَلَمٌ	جی ہاں، یہ جھنڈا ہے
هَلْ هٰذَا عَلَمٌ	کیا یہ جھنڈا ہے ؟

جس طرف اشارہ کیا جارہا ہے۔ اگر جھنڈا نہ ہو تو جواب کی چار صورتیں ہوں گی درج ذیل ہیں

۱۔ لَا۔	جی نہیں
۲۔ هٰذَا كِتَابٌ	یہ کتاب ہے
۳۔ لَا هٰذَا كِتَابٌ	نہیں یہ کتاب ہے
۴۔ لَا۔ بَلْ هٰذَا كِتَابٌ	نہیں! بلکہ یہ کتاب ہے (آخری جواب بہترین ہے)
هَلْ ذٰلِكَ شُبَّاكٌ	کیا وہ کھڑکی ہے ؟

جواب درست ہونے کی صورت میں تین مختلف صورتوں میں جواب گذشتہ صفحہ لکھا جاچکا ہے۔

نَعَمْ ذٰلِكَ شُبَّاكٌ	جی ہاں وہ کھڑکی ہے
هَلْ ذٰلِكَ شُبَّاكٌ ؟	کیا وہ کھڑکی ہے ؟
لَا۔ بَلْ ذٰلِكَ بَابٌ	نہیں بلکہ وہ دروازہ ہے۔
هَلْ هٰذِهٖ مَدْرَسَةٌ ؟	کیا یہ سکول ہے ؟
نَعَمْ هٰذِهٖ مَدْرَسَةٌ	جی ہاں یہ سکول ہے۔
هَلْ هٰذِهٖ مَدْرَسَةٌ	کیا یہ سکول ہے ؟
لَا۔ بَلْ هٰذِهٖ حَدِيْقَةٌ	نہیں بلکہ یہ باغ ہے
هَلْ تِلْكَ سَبُّوْرَةٌ	کیا وہ تختہ سیاہ ہے
نَعَمْ تِلْكَ سَبُّوْرَةٌ	جی ہاں وہ تختہ سیاہ ہے
هَلْ تِلْكَ سَبُّوْرَةٌ ؟	کیا وہ تختہ سیاہ ہے ؟
لَا بَلْ تِلْكَ وَرَقَةٌ	نہیں بلکہ وہ کاغذ ہے۔

اب ہم اس سبق کے متعلق کچھ اہم معلومات طلباء/ طالبات کو منتقل کریں گے۔

عزیزانِ من ! دنیا کے بہترین نکات میں ایک اہم جسے میدانِ تدریس کے شہسواروں نے ہمیشہ ملحوظِ خاطر رکھا۔ یعنی آسان سے مشکل کی طرف۔

ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ جماعت ششم سے لے کر بغیر رکاوٹ کے بی اے تک بلکہ ایم اے تک عربی مضمون کو لازمی حیثیت دی جاتی۔ جس گریجویشن کرنے والے طلاب کما حقہٗ مستفید ہو چکے ہوتے۔ اور درجہ بالا سبق آسان سے مشکل کی طرف پہلا قدم ثابت نہ ہوتا بلکہ اس وقت کا طالب علم عربی تراکیب کرنے کی صلاحیت کا حامل رکھتا۔ بہرکیف اس بحث کا اس موضوع سے اتنا تعلق نہیں اسے صرف اظہارِ خیال اور پیامِ فکر کی حیثیت حاصل ہے۔

تو بات عرض کر رہا تھا۔ آسان سے مشکل کی طرف

عزیزانِ من ! آپ نے یہ سبق پڑھا۔ اس میں هٰذا۔ هٰذِهٖ۔ ذَالِكَ اور تِلْكَ کی بہت تکرار ہے۔ اسی طرح اکثر جملے کبھی استفہامیہ کی صورت میں ہیں اور کبھی منفی۔

بعض دفعہ اثباتی سوالیہ فقروں اور منفی سوالیہ فقروں کے جوابات کی مختلف صورتیں آپ نے پڑھیں۔ (تکرار کے ساتھ)

یہ طریقہ فضول اور بیکار نہیں بلکہ آپ کو آنے والے اسباق کے لئے ذہنی طور پر تیار کیا جا رہا ہے۔ تاکہ آنے والے مشکل فقرات کا آسانی سے اردو ترجمہ کر سکیں اور اردو کو عربی میں بڑی مہارت سے منتقل کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جائے۔

بعض فقروں میں آپ نے دیکھا کہ سوال کرنے والا متعلقہ چیز کے قریب سے سوال کر رہا ہے تو اس نے قریبی عربی اشارات استعمال کئے جبکہ جواب دینے والا متعلقہ چیز سے دُور ہے اس نے دور کے عربی اشارات استعمال کئے (جیسا کہ تصاویر سے بغور ملاحظہ کیا جا سکتا ہے)۔

بعض فقروں میں سوال کرنے والا مذکر عربی اشارات استعمال کر رہا ہے۔ کیونکہ نظر آنے والی چیز سوال کرنے والے کے نزدیک مذکر بھی ہو سکتی ہے۔ اور بے خبری بھی تو اس صورت میں جواب دینے والے نے مذکر ہونے کی صورت میں مذکر عربی اشارات استعمال کر کے جواب دیا۔ اور مؤنث ہونے کی صورت میں مؤنث عربی اشارات کی صورت میں جواب دیا۔ گزشتہ فقروں میں ایسی صورت بھی دیکھی جا سکتی ہے۔

اب ہم تمرین حل کرتے ہیں۔ کچھ کتابی سوالات کے جوابات ہوں گے۔ اور کچھ کا تعلق نصابی اور معلوماتی سوالات و جوابات سے ہو گا۔

تمرین ۱

سوال : اجزائے کلام کتنے ہیں ؟

جواب : اجزائے کلام تین ہیں :- (۱) اسم (۲) فعل (۳) حرف۔

مزید تعریف :-

۱- اِسم : بامعنی لفظ کو اسم کہتے ہیں مثلاً جَمِیْل۔ عَلَم۔ کِتَاب وغیرہ

۲- فِعْل : بامعنی لفظ جس میں زمانہ پایا جائے۔ فعل کہلاتا ہے۔

مثلاً : قَالَ۔ (اُس نے کہا) زمانہ ماضی۔ یَکْتُبُ (وہ لکھتا ہے یا لکھے گا) (مضارع)

۳- حَرف : ایسا لفظ جو دوسرے لفظ کے ساتھ ملے بغیر کوئی مفہوم ادا نہ کرے حرف کہلاتا ہے۔

مثلاً : مِنْ (سے) عَلٰی (پر) بِ (ساتھ) وغیرہ۔

سوال :- اسم اور فعل میں کیا فرق ہے ؟

جواب :- اسم میں زمانہ نہیں پایا جاتا جبکہ فعل میں زمانہ پایا جاتا ہے

سوال :- مؤنث کی کیا علامت ہے۔ تین مؤنث اور تین مذکر اسموں کی مثالیں دیں۔

جواب :- جس لفظ کے آخر میں گول (ۃ) آ جائے وہ مؤنث ہے۔

مثلاً (۱) مَدْرَسَةٌ (۲) سَاعَةٌ (۳) وَرَقَةٌ۔ چونکہ ان لفظوں کے آخری حرف میں گول (ۃ) بول رہی ہے۔ اس لئے درج بالا تینوں لفظ مؤنث ہیں۔

۲- تین مذکر اسم :- (۱) قَلَمٌ (۲) بَابٌ (۳) کِتَابٌ وغیرہ۔

سوال :- هَلْ کا جواب کیسے دیا جا سکتا ہے ؟

جواب :- فقرے کا مثبت ہونے کی صورت میں جواب نَعَمْ میں ہو گا۔ اور منفی ہونے کی صورت میں جواب لَا میں ہو گا۔ اختصاراً۔ نَعَمْ یا لَا میں اس کا جواب ہو گا۔

سوال : مَا اور هَلْ کو چار الگ الگ جملوں میں استعمال کریں ؟

جواب : ۱- مَا : (۱) مَا هٰذَا ؟ - یہ کیا ہے (۲) مَا ذٰلِكَ ؟ وہ کیا ہے ؟

(۳) مَا هٰذِهٖ ؟ یہ کیا ہے ؟ (۴) مَا تِلْكَ ؟ وہ کیا ہے ؟

۲- هَلْ : (۱) هَلْ هٰذَا قَلَمٌ ؟ کیا یہ قلم ہے ؟ (۲) هَلْ هٰذِهٖ هِرَّةٌ۔ کیا یہ بلی ہے ؟

(۳) هَلْ تِلْكَ وَرَقَةٌ ؟ کیا وہ کاغذ ہے (۴) هَلْ ذٰلِكَ بَابٌ ؟ کیا وہ دروازہ ہے۔

سوال :- کلمات استفہام کہاں واقع ہوتے ہیں ؟

جواب :- کلمات استفہامیہ ہمیشہ فقرے / جملے کے آغاز میں آتے ہیں۔ جیسا کہ گزشتہ فقرات میں دیکھا جا سکتا ہے۔

سوال : کلمات استفہامیہ کون کون سے ہوتے ہیں ؟ (اضافی سوال)

جواب: هَلْ۔ کیا۔ مَا۔ کیا۔ مَنْ۔ کون۔ لِمَاذَا۔ کیوں۔ مَتٰی۔ کب۔ کَمْ۔ کتنا۔ اَیْنَ۔ کہاں۔ اَیُّ۔ کون سا۔ اَنّٰی۔ کس طرح وغیرہ۔

سوال: هَلْ اور مَا میں کیا فرق ہے؟

جواب: "ما" اور "هل" حروفِ استفہام ہیں۔ ان میں فرق یہ ہے کہ "ما" کسی چیز کی حقیقتِ واقعی دریافت کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اس لئے جواب میں اس چیز کی حقیقت بیان کردی جاتی ہے۔ جبکہ "هَل" سے شروع ہونے والا سوال نفی یا اثبات کا متقاضی ہوتا ہے۔

مثالیں: هَلْ هٰذَا کِتَابٌ کیا یہ کتاب ہے۔ مَا هٰذَا۔ یہ کیا ہے۔

سوال: نَعَمْ اور لَا میں کیا فرق ہے؟

جواب: نَعَمْ اثبات کے لئے اور لَا منفی کے لئے آتا ہے۔

سوال: هٰذَا اور هٰذِهٖ میں کیا فرق ہے؟

جواب: هٰذَا: اسم اشارہ قریب ہے۔ جس میں قریبی اشارہ پایا جاتا ہے۔ اس کا ترجمہ "یہ" ہے۔ واحد مذکر ہے۔ مثلاً هٰذَا کِتَابٌ۔ یہ کتاب ہے۔ هٰذِهٖ جس میں قریب کا اشارہ ملتا ہو۔ ترجمہ "یہ" ہے۔

واحد مؤنث ہے۔ مثلاً هٰذِهٖ هِرَّةٌ، یہ بلی ہے۔

سوال: گردان اسم اشارہ قریب کون سی ہے۔ لکھیں اور مثالیں دیں۔ (اضافی سوال)

جواب:

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	هٰذَا	هٰذَانِ	هٰؤُلَاءِ
مؤنث	هٰذِهٖ	هَاتَانِ	هٰؤُلَاءِ

مثالیں:۔ مذکر = (۱) هٰذَا قَلَمٌ۔ یہ ایک قلم ہے (۲) هٰذَانِ قَلَمَانِ۔ یہ دو قلم ہیں۔
(۳) هٰؤُلَاءِ اَقْلَامٌ۔ یہ بہت سے قلم ہیں۔

سوال: ذٰلِكَ اور تِلْكَ میں کیا فرق ہے؟ مثالوں سے واضح کریں۔

جواب: ذٰلِكَ: اسم اشارہ بعید ہے۔ جس میں دور کا اشارہ ملتا ہو۔ مثلاً ذَالِكَ بَابٌ، وہ دروازہ ہے۔ واحد مذکر کے لئے آتا ہے۔ ترجمہ "وہ" ہے۔

تِلْكَ:۔ اسم اشارہ بعید۔ جس میں دور کا اشارہ ملتا ہو۔ ترجمہ "وہ" ہے واحد مؤنث کے

لئے آتا ہے۔ مثلاً تِلْكَ نَافِذَةٌ۔ وہ کھڑکی ہے۔

سوال: گردان اسم اشارہ بعید کون سی ہے؟ امثلہ سے واضح کریں۔ (اضافی سوال)

جواب:

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	ذٰلِكَ	ذَانِكَ	اُولٰئِكَ
مؤنث	تِلْكَ	تَانِكَ	اُولٰئِكَ

مثالیں:۔ مذکر: (۱) ذَالِكَ کِتَابٌ۔ وہ ایک کتاب ہے (۲) ذَانِكَ کِتَابَانِ۔ وہ دو کتابیں ہیں۔
(۳) اُولٰئِكَ کُتُبٌ۔ وہ بہت سی کتابیں ہیں۔

مؤنث: (۱) تِلْكَ نَافِذَةٌ۔ وہ ایک کھڑکی ہے (۲) تَانِكَ نَافِذَتَانِ۔ وہ دو کھڑکیاں ہیں۔
(۳) اُولٰئِكَ نَوَافِذُ۔ وہ بہت سی کھڑکیاں ہیں۔

سوال: نَافِذَةٌ اور شُبَّاكٌ میں کیا فرق ہے؟ (معلوماتی سوال)

جواب: حقیقت میں نَافِذَةٌ اور شُبَّاكٌ کے معانی: کھڑکی ہے۔ بعض اہل زبان نے معمولی سا فرق بیان کیا ہے کہ نَافِذَةٌ عام روزمرہ کھڑکی کو کہتے ہیں جبکہ شُبَّاكٌ جالی دار کھڑکی کو کہتے ہیں۔ ہمارے نزدیک صرف تذکیر و تانیث کا فرق ہے۔ نَافِذَةٌ مؤنث کے لئے اور شُبَّاكٌ مذکر کے لئے مستعمل ہوتا ہے۔ معانی ہر دو چند کھڑکی ہی ہیں۔ اس میں تخصیص نہیں ہوسکتی۔

نوٹ:۔ عزیزان! ہم نے خلاصے کو طویل کرنے کے لئے اتنے سوالات نہیں لکھے اور بنائے۔ مقصد صرف آپ کا عربی زبان سے واقفیت حاصل ہو جانا ہے۔ اسم اشارہ قریب و بعید کی گردانیں آپ کو آنے والے اسباق میں بہت مفید ثابت ہوں گی۔ یاد رکھیئے! ہر زبان خواہ وہ اردو ہو یا انگریزی اس میں مفرد ایک کو اور جمع دو یا دو سے زائد چیزوں کو کہتے ہیں۔ لیکن عربی کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ مفرد ایک کے لئے، تثنیہ دو کے لئے اور جمع کے لئے تین یا تین سے زائد چیزوں کو کہتے ہیں۔ مدعا بیان کرنے کا مقصد صرف اتنا ہے کہ تثنیہ صرف دو کے لئے استعمال نہیں ہوتا بلکہ مشارٌ الیہ کو بھی تثنیہ کر دیتا ہے۔ جیسا کہ گذشتہ مثالوں سے آپ نے ملاحظہ کیا۔ پھر مثال دیکھیں:۔

۱۔ هَاتَانِ هِرَّتَانِ۔ یہ دو بلیاں ہیں۔

۲۔ ذٰلِكَ کِتَابَانِ۔ وہ دو کتابیں ہیں۔ وغیرہ۔

اَلدَّرْسُ الثَّانِی ـــــ سبق ۲

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
کُرْسِیّ	کرسی	صُوْرَۃٌ	تصویر
شَجَرَۃٌ	درخت	جِدَارٌ	دیوار
دَرَّاجَۃٌ	سائیکل	سَیَّارَۃٌ	کار
مَنْزِلٌ	گھر	مَکْتَبٌ	ڈیسک
سَقْفٌ	چھت	مِرْوَحَۃٌ	پنکھا

بیت ←

عربی جملے	اردو ترجمہ	
قَلَمِیْ	میرا قلم	
عَلَمُنَا	ہمارا جھنڈا	
کِتَابُكَ	تیری کتاب	(مذکر مخاطب)
سَاعَتُكِ	تیری گھڑی	(مؤنث مخاطب)
بَابُہٗ	اس کا دروازہ	(مذکر غائب)
جِدَارُھَا	اس کی دیوار	(مؤنث غائب)
ھٰذَا جِدَارٌ	یہ دیوار ہے	
ھٰذَا جِدَارُكَ	یہ تیری دیوار ہے	(مذکر مخاطب)
ھٰذَا جِدَارُكِ	یہ تیری دیوار ہے	(مؤنث مخاطب)
ھٰذَا جِدَارِیْ	یہ میری دیوار ہے	(متکلم مذکر و مؤنث)
ذٰلِكَ جِدَارٌ	وہ دیوار ہے	
ذٰلِكَ جِدَارُنَا	وہ ہماری دیوار ہے	
ذٰلِكَ جِدَارُہٗ	وہ اس کی دیوار ہے	(مذکر غائب)
ذٰلِكَ جِدَارُھَا	وہ اس کی دیوار ہے	(مؤنث غائب)
ھٰذِہٖ صُوْرَۃٌ	یہ تصویر ہے	
ھٰذِہٖ صُوْرَتُكَ	یہ تیری تصویر ہے	(مذکر مخاطب)
ھٰذِہٖ صُوْرَتُكِ	یہ تیری تصویر ہے	(مؤنث مخاطب)

عربی جملے	اردو ترجمہ	
ھٰذِہٖ صُوْرَتِیْ	یہ میری تصویر ہے۔	
تِلْكَ صُوْرَۃٌ	وہ تصویر ہے۔	
تِلْكَ صُوْرَتُنَا	وہ ہماری تصویر ہے۔	
تِلْكَ صُوْرَتُہٗ	وہ اُس کی تصویر ہے	(مذکر غائب)
تِلْكَ صُوْرَتُھَا	وہ اُس کی تصویر ہے	(مؤنث غائب)
ھٰذَا سَقْفٌ	یہ چھت ہے	
ھٰذَا سَقْفُكَ	یہ تیری چھت ہے	(مذکر مخاطب)
ھٰذَا سَقْفُكِ	یہ تیری چھت ہے	(مؤنث مخاطب)
ھٰذَا سَقْفِیْ	یہ میری چھت ہے	
ذٰلِكَ سَقْفٌ	وہ چھت ہے	
ذٰلِكَ سَقْفُنَا	وہ ہماری چھت ہے	
ذٰلِكَ سَقْفُہٗ	وہ اس کی چھت ہے	(مذکر غائب)
ذٰلِكَ سَقْفُھَا	وہ اس کی چھت ہے	(مؤنث غائب)
ھٰذِہٖ مِرْوَحَۃٌ	یہ پنکھا ہے	
ھٰذِہٖ مِرْوَحَتُكَ	یہ تیرا پنکھا ہے	(مذکر مخاطب)
ھٰذِہٖ مِرْوَحَتُكِ	یہ تیرا پنکھا ہے	(مؤنث مخاطب)
ھٰذِہٖ مِرْوَحَتِیْ	یہ میرا پنکھا ہے	
تِلْكَ مِرْوَحَۃٌ	وہ پنکھا ہے	
تِلْكَ مِرْوَحَتُنَا	وہ ہمارا پنکھا ہے	
تِلْكَ مِرْوَحَتُہٗ	وہ اس کا پنکھا ہے	(مذکر غائب)
تِلْكَ مِرْوَحَتُھَا	وہ اس کا پنکھا ہے	(مؤنث غائب)
ھٰذِہٖ شَجَرَۃٌ	یہ درخت ہے	(سادہ فقرہ)
ھٰذِہٖ شَجَرَتُكَ	یہ تیرا درخت ہے	(مذکر حاضر)
ھٰذِہٖ شَجَرَتُكِ	یہ تیرا درخت ہے	(مؤنث حاضر)
ھٰذِہٖ شَجَرَتِیْ	یہ میرا درخت ہے	(مذکر/مؤنث واحد متکلم)
تِلْكَ شَجَرَۃٌ	وہ درخت ہے	(سادہ فقرہ)

عربی جملے	اردو ترجمہ
تِلْكَ شَجَرَتُنَا	وہ ہمارا درخت ہے (مذکر/مونث جمع متکلم)
تِلْكَ شَجَرَتُهُ	وہ اس کا درخت ہے (مذکر غائب)
تِلْكَ شَجَرَتُهَا	وہ اس کا درخت ہے (مؤنث غائب)
هٰذَا مَكْتَبٌ	یہ دفتر ہے
هٰذَا مَكْتَبُكَ	یہ تیرا دفتر ہے
هٰذَا مَكْتَبُكِ	یہ تیرا دفتر ہے
هٰذَا مَكْتَبِي	یہ میرا دفتر ہے
ذَالِكَ مَكْتَبٌ	وہ دفتر ہے
ذٰلِكَ مَكْتَبُنَا	وہ ہمارا دفتر ہے
ذٰلِكَ مَكْتَبُهُ	وہ اس کا دفتر ہے
ذٰلِكَ مَكْتَبُهَا	وہ اس کا دفتر ہے
هٰذِهٖ دَرَّاجَةٌ	یہ سائیکل ہے
هٰذِهٖ دَرَّاجَتُكَ	یہ تیری سائیکل ہے
هٰذِهٖ دَرَّاجَتُكِ	یہ تیری سائیکل ہے
هٰذِهٖ دَرَّاجَتِي	یہ میری سائیکل ہے
تِلْكَ دَرَّاجَةٌ	وہ سائیکل ہے (سادہ فقرہ)
تِلْكَ دَرَّاجَتُنَا	وہ ہماری سائیکل ہے (مذکر/مؤنث متکلم)
تِلْكَ دَرَّاجَتُهُ	وہ اس کی سائیکل ہے (مذکر غائب)
تِلْكَ دَرَّاجَتُهَا	وہ اس کی سائیکل ہے (مؤنث غائب)
هٰذِهٖ سَيَّارَتُكَ	یہ تیری کار ہے (مذکر حاضر)
تِلْكَ سَيَّارَتُكِ	یہ تیری کار ہے (مؤنث حاضر)
هٰذِهٖ سَيَّارَتِي	یہ میری کار ہے
تِلْكَ سَيَّارَتُنَا	وہ ہماری کار ہے
هَلْ هٰذِهٖ صُوْرَتُهُ؟	کیا یہ اس (مرد) کی تصویر ہے
نَعَمْ هٰذِهٖ صُوْرَتُهُ	جی ہاں، یہ اس (مرد) کی تصویر ہے
هَلْ هٰذِهٖ صُوْرَتُهَا؟	کیا یہ اس (عورت) کی تصویر ہے

عربی جملے	اردو ترجمہ
نَعَمْ هٰذِهٖ صُوْرَتُهَا	جی ہاں یہ اُس (عورت) کی تصویر ہے
هَلْ هٰذِهٖ صُوْرَتُنَا؟	کیا یہ ہم سب (مرد عورت) کی تصویر ہے
نَعَمْ هٰذِهٖ صُوْرَتُنَا	جی ہاں یہ ہم سب (مرد عورت) کی تصویر ہے
مَا هٰذَا؟	یہ کیا ہے؟
هٰذِهٖ شَجَرَةٌ	یہ درخت ہے
هَلْ هٰذِهٖ شَجَرَةٌ؟	کیا یہ درخت ہے؟
نَعَمْ هٰذِهٖ شَجَرَةٌ	جی ہاں یہ درخت ہے
هَلْ هٰذِهٖ شَجَرَتُكَ؟	کیا یہ تیرا (مذکر) درخت ہے
نَعَمْ هٰذِهٖ شَجَرَتِي	جی ہاں! یہ میرا درخت ہے
هَلْ هٰذِهٖ شَجَرَتُهُ؟	کیا یہ اُس (مرد) کا درخت ہے؟
لَا هٰذِهٖ شَجَرَتِي	نہیں! یہ میرا درخت ہے
هَلْ هٰذِهٖ شَجَرَتُنَا؟	کیا یہ ہمارا درخت ہے؟
نَعَمْ هٰذِهٖ شَجَرَتُنَا	جی ہاں! یہ ہمارا درخت ہے
هَلْ هٰذِهٖ دَرَّاجَةٌ؟	کیا یہ سائیکل ہے؟
لَا هٰذِهٖ شَجَرَةٌ	نہیں یہ درخت ہے
هَلْ هٰذِهٖ شَجَرَتُهَا؟	کیا یہ اس (عورت) کا درخت ہے
لَا! بَلْ هٰذِهٖ شَجَرَتِي	نہیں بلکہ یہ میرا درخت ہے
هَلْ هٰذِهٖ سَيَّارَةٌ؟	کیا یہ کار ہے؟
نَعَمْ هٰذِهٖ سَيَّارَةٌ	جی ہاں! یہ کار ہے
هَلْ هٰذِهٖ سَيَّارَتُنَا؟	کیا یہ ہماری کار ہے؟
نَعَمْ هٰذِهٖ سَيَّارَتُنَا	جی ہاں، یہ ہماری کار ہے
مَا هٰذَا؟	یہ کیا ہے؟
هٰذَا كُرْسِيٌّ	یہ کرسی ہے۔
هَلْ هٰذَا كُرْسِيُّكَ؟	کیا یہ تیری کرسی ہے؟
نَعَمْ هٰذَا كُرْسِيِّي	جی ہاں! یہ میری کرسی ہے۔
هَلْ هٰذَا كُرْسِيُّهُ؟	کیا یہ اُس (مرد) کی کرسی ہے؟

Lec#03

عربی جملے	اردو ترجمہ
لَا۔ بَلْ هٰذَا كُرْسِيُّكَ ؟	نہیں، بلکہ یہ تیری کرسی ہے
لَا۔ هٰذَا كُرْسِيُّكَ	نہیں، یہ تیری کرسی ہے۔
مَا هٰذِهٖ ؟	یہ کیا ہے ؟
تِلْكَ مِرْوَحَتُنَا	وہ ہمارا پنکھا ہے
هَلْ هٰذِهٖ مِرْوَحَتُهٗ ؟	کیا یہ اُس (مرد) کا پنکھا ہے ؟
نَعَمْ تِلْكَ مِرْوَحَتُهٗ	جی ہاں، وہ اس (مرد) کا پنکھا ہے۔
مَا ذٰلِكَ	وہ کیا ہے ؟
ذٰلِكَ سَقْفٌ	وہ چھت ہے
هَلْ ذٰلِكَ سَقْفُكَ	کیا وہ تیرا چھت ہے
نَعَمْ ذٰلِكَ سَقْفِيْ	جی ہاں، وہ میرا چھت ہے
هَلْ ذَالِكَ جِدَارُنَا	کیا وہ ہماری دیوار ہے
ذٰلِكَ جِدَارُهٗ	وہ اُس کی دیوار ہے
لَا بَلْ ذٰلِكَ جِدَارُهٗ	نہیں بلکہ وہ اُس کی دیوار ہے
مَا هٰذِهٖ ؟	یہ کیا ہے ؟
هٰذِهٖ مَدْرَسَةٌ	یہ سکول ہے
هَلْ هٰذَا مَدْرَسَتُكَ ؟	کیا یہ تیرا سکول ہے
لَا هٰذِهٖ مَدْرَسَتُهَا	نہیں یہ اُس (عورت) کا سکول ہے
هَلْ هٰذَا مَدْرَسَتُكَ	کیا وہ تیرا سکول ہے
نَعَمْ تِلْكَ مَدْرَسَتِيْ	جی ہاں وہ میرا سکول ہے
هٰذِهٖ مَدْرَسَتُهَا	یہ اُس (عورت) کا سکول ہے
وَتِلْكَ مَدْرَسَتِيْ	اور وہ میرا سکول ہے
مَا هٰذِهٖ ؟	یہ کیا ہے ؟
هٰذَا كِتَابٌ	یہ کتاب ہے
هَلْ هٰذَا كِتَابٌ	کیا یہ کتاب ہے
نَعَمْ هٰذَا كِتَابٌ	جی ہاں یہ کتاب ہے
هَلْ هٰذَا كِتَابُكَ ؟	کیا یہ تیری کتاب ہے ؟

عربی جملے	اردو ترجمہ
نَعَمْ هٰذَا كِتَابِيْ	جی ہاں! یہ میری کتاب ہے
هَلْ هٰذَا كِتَابُهَا	کیا یہ اُس (عورت) کی کتاب ہے
لَا بَلْ هٰذَا كِتَابِيْ	نہیں بلکہ یہ میری کتاب ہے

عزیز طلاب! تمرین حل کرنے سے قبل درج ذیل معروضات پر غور کریں۔ دوسرے سبق میں آپ نے اسم اشارہ قریب و بعید تذکیر و تانیث ضمائر متصلہ اور منفصلہ کی مختلف حالتیں دیکھیں۔ اور فقرات میں ان کی تکرار کو پڑھا۔ سادہ فقرہ سے لے کر مذکر حاضر، مؤنث حاضر، مؤنث غائب مذکر غائب۔ متکلم صیغوں میں پڑھا۔ پہلے سبق کی طرح اس میں بھی آپ کو زبان کی شناخت کرانے کے لئے اس طرح کی تکرار کی گئی۔ جس کو بار بار پڑھنے سے آپ کی قوتِ تکرار اور قوتِ حافظہ میں اضافہ ہوگا اور سوال کرنے اور عربی میں جواب دینے میں دِقّت محسوس نہ ہوگی۔ اردو کا عربی میں ترجمہ کرنے کا بھی مسئلہ حل ہو جائے گا۔

تمرین ۲ - مشق ۲

مندرجہ ذیل اسماء میں سے ہر ایک کے ساتھ هٰذَا یا هٰذِهٖ لگا کر جمع بنائیے :۔

كُرْسِيٌّ، مَدْرَسَةٌ، بَابٌ، سَاعَةٌ، مَكْتَبٌ، وَرَقَةٌ، مَنْزِلٌ، قَلَمٌ، كِتَابٌ۔
مِرْوَحَةٌ، جِدَارٌ، سَيَّارَةٌ، سَقْفٌ، صُوْرَةٌ، حَدِيْقَةٌ۔

جواب: اسماء	عربی جملے	اردو ترجمہ
كُرْسِيٌّ	هٰذَا كُرْسِيِّيْ	یہ میری کرسی ہے
مَدْرَسَةٌ	هٰذِهٖ مَدْرَسَتُنَا	یہ ہمارا سکول ہے
بَابٌ	هٰذَا بَابٌ	یہ ایک دروازہ ہے
سَاعَةٌ	هٰذِهٖ سَاعَتُنَا	یہ اُس (عورت) کی گھڑی ہے
مَكْتَبٌ	هٰذَا مَكْتَبُنَا	یہ ہمارا دفتر یا میز ہے
وَرَقَةٌ	هٰذِهٖ وَرَقَتُكَ	یہ تمہارا (مؤنث کا) کاغذ ہے
مَنْزِلٌ	هٰذَا مَنْزِلٌ جَمِيْلٌ	یہ خوبصورت گھر ہے
قَلَمٌ	هٰذَا قَلَمِيْ	یہ میرا قلم ہے
كِتَابٌ	هٰذَا كِتَابُهَا	یہ اُس (عورت) کی کتاب ہے
مِرْوَحَةٌ	هٰذِهٖ مِرْوَحَتُكَ	یہ تیرا (مذکر کا) پنکھا ہے
جِدَارٌ	هٰذَا جِدَارُنَا	یہ ہماری دیوار ہے

اسماء	عربی جملے	اردو ترجمہ
سَيَّارَةٌ	هٰذِهٖ سَيَّارَتِيْ	یہ میری کار ہے
سَقْفٌ	هٰذَا سَقْفُهٗ	یہ اُس (مرد) کی چھت ہے
صُوْرَةٌ	هٰذِهٖ صُوْرَتُكِ	یہ تیری (مؤنث) کی تصویر ہے
حَدِيْقَةٌ	هٰذِهٖ حَدِيْقَتِيْ	یہ میرا باغ ہے

سوال: مندرجہ ذیل الفاظ کو پہلے سوالیہ جملوں میں استعمال کیجئے پھر ان سوالات کے جوابات دیجئے۔

كِتَابٌ ، حَدِيْقَةٌ ، قَلَمٌ ، سَاعَةٌ ، كُرْسِيٌّ ، مَدْرَسَةٌ ۔

هَلْ هٰذَا كِتَابٌ	کیا یہ کتاب ہے ؟
نَعَمْ هٰذَا كِتَابٌ	جی ہاں ! یہ کتاب ہے
هَلْ هٰذِهٖ حَدِيْقَةٌ	کیا یہ باغ ہے ؟
نَعَمْ هٰذِهٖ حَدِيْقَةٌ	جی ہاں ! یہ باغ ہے
هَلْ هٰذَا قَلَمُكَ ؟	یہ تیرا (مذکر کے لئے) قلم ہے
نَعَمْ هٰذَا قَلَمِيْ	جی ہاں ! یہ میرا قلم ہے
هَلْ هٰذِهٖ سَاعَتُنَا ؟	کیا یہ ہماری گھڑی ہے ؟
نَعَمْ هٰذِهٖ سَاعَتُكُمْ	جی ہاں ! یہ تمہاری گھڑی ہے
هَلْ هٰذِهٖ مَدْرَسَتُنَا ؟	کیا یہ ہمارا سکول ہے
لَا ۔ بَلْ هٰذِهٖ مَدْرَسَتُهَا	نہیں بلکہ یہ اُس (عورت) کا سکول ہے

سوال :۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں مستعمل کریں :۔

هٰذَا ۔ ذٰلِكَ ۔ مَا ۔ تِلْكَ ۔ يْ ۔ هٰذِهٖ ۔ نَا ۔ كَ

جواب: الفاظ	عربی جملے	اردو ترجمہ
هٰذَا	هٰذَا كِتَابِيْ	یہ میری کتاب ہے
ذٰلِكَ	ذٰلِكَ قَلَمُنَا	وہ ہمارا قلم ہے
مَا	مَا هٰذَا ؟	یہ کیا ہے ؟
تِلْكَ	تِلْكَ هِرَّةٌ	وہ بلی ہے
يْ	هٰذَا وَلَدِيْ	یہ میرا بچہ ہے
نَا	اَلْإِسْلَامُ دِيْنُنَا	اسلام ہمارا دین ہے
كَ	هٰذَا بَابُكَ	یہ تمہارا دروازہ ہے

Don't read شمسی حروف
Read J قمری

سوال : خالی جگہوں کو پُر کریں :۔

جواب : تکمیل خالی جگہیں

	اردو ترجمہ
هٰذَا كِتَابٌ	یہ ایک کتاب ہے
هٰذِهٖ شَجَرَتُكَ	یہ تیرا (مرد کا) درخت ہے
ذٰلِكَ قَلَمٌ	وہ قلم ہے
هٰذِهٖ دَرَّاجَةٌ	یہ سائیکل ہے
تِلْكَ مَدْرَسَتُكِ	وہ تیرا (مؤنث کے لئے) سکول ہے
هٰذَا كِتَابُهَا	یہ اُس (عورت) کی کتاب ہے
تِلْكَ دَرَّاجَتُهٗ	وہ اُس (مرد کی) سائیکل ہے
هٰذَا قَلَمِيْ	یہ میرا قلم ہے

اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ ـــــ تیسرا سبق

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اَلشَّمْسُ	سورج	تَمْرٌ	کھجور
بَقَرَةٌ	گائے	رَجُلٌ	مرد
جَارٌ	پڑوسی	حَلِيْبٌ	دودھ
إِكْرَامٌ	عزت کرنا	نَظِيْفٌ	صاف ستھرا
أُسْتَاذٌ	استاد	طَالِبٌ	طالب علم
ذَكِيٌّ	ذہین	حُبٌّ	محبت
صَغِيْرٌ	چھوٹا	كَبِيْرٌ	بڑا
عُصْفُوْرٌ	چڑیا	تِلْمِيْذٌ	شاگرد
اِسْمٌ	نام	لَيْسَ	نہیں (مذکر کے لئے)
كَيْفَ	کیسا؟ کیسے؟	مَنْ ؟	کون ؟
وَلَدٌ	بیٹا ۔ لڑکا	ضَوْءٌ	روشنی
ظَلَامٌ	تاریکی ۔ اندھیرا	وَرْدَةٌ	گلاب کا پھول
بِنْتٌ	لڑکی یا بیٹی	لَيْسَتْ	نہیں (مؤنث کے لئے)

عربی جملے	اردو ترجمہ
مَا اِسْمُكَ ؟ (مذکر)	تیرا نام کیا ہے ؟
اِسْمِیْ مُحَمَّدٌ	میرا نام محمد ہے
مَا اِسْمُكِ (مؤنث)	تیرا نام کیا ہے ؟
اِسْمِیْ زَیْنَبُ	میرا نام زینب ہے
مَا اِسْمُهٗ ؟	اُس (مرد) کا نام کیا ہے ؟
اِسْمُهٗ حُسَیْنٌ	اُس (مرد) کا نام حسین ہے
مَا اِسْمُهَا ؟	اُس (عورت) کا نام کیا ہے ؟
اِسْمُهَا مَرْیَمُ	اُس (عورت) کا نام مریم ہے
هَلْ اِسْمُكَ اَمِیْنٌ ؟	کیا تیرا نام امین ہے ؟
نَعَمْ اِسْمِیْ اَمِیْنٌ	جی ہاں، میرا نام امین ہے
هَلْ اِسْمُكَ اَحْمَدُ	کیا تیرا نام احمد ہے ؟
لَا لَیْسَ اِسْمِیْ اَحْمَدُ	نہیں، میرا نام احمد نہیں ہے
بَلْ اِسْمِیْ عُثْمَانُ	بلکہ میرا نام عثمان ہے
هَلْ اِسْمُهَا فَاطِمَةُ ؟	کیا اس کا نام فاطمہ ہے ؟
لَا بَلْ اِسْمُهَا خَدِیْجَةُ	نہیں بلکہ اس کا نام خدیجہ ہے
هَلْ اِسْمُهَا خَدِیْجَةُ ؟	کیا اس کا نام خدیجہ ہے ؟
نَعَمْ اِسْمُهَا خَدِیْجَةُ	جی ہاں، اس کا نام خدیجہ ہے
مَا اِسْمُهَا ؟	اُس (عورت) کا نام کیا ہے ؟
اِسْمُهَا عَائِشَةُ	اُس (عورت) کا نام عائشہ ہے ؟
هَلْ اِسْمُهَا خَدِیْجَةُ ؟	کیا اُس (عورت) کا نام خدیجہ ہے ؟
لَا۔ لَیْسَ اِسْمُهَا خَدِیْجَةُ	نہیں اس کا نام خدیجہ نہیں ہے
بَلْ اِسْمُهَا عَائِشَةُ	بلکہ اس کا نام عائشہ ہے
هَلْ اِسْمُهَا عَائِشَةُ	کیا اس (عورت) کا نام عائشہ ہے
نَعَمْ اِسْمُهَا عَائِشَةُ	جی ہاں، اس (عورت) کا نام عائشہ ہے

عربی جملے	اردو ترجمہ
هَلْ اِسْمُكِ عَقِیْلَةُ ؟	کیا تیرا نام عقیلہ ہے ؟
نَعَمْ اِسْمِیْ عَقِیْلَةُ	جی ہاں، میرا نام عقیلہ ہے
هَلْ اِسْمُكِ زَیْنَبُ ؟	کیا تیرا نام زینب ہے
لَا۔ لَیْسَ اِسْمِیْ زَیْنَبُ	نہیں، میرا نام زینب نہیں ہے
بَلْ اِسْمِیْ عَقِیْلَةُ	بلکہ میرا نام عقیلہ ہے
مَا اِسْمُهٗ ؟	اس کا نام کیا ہے ؟
اِسْمُهٗ حَسَنٌ	اس کا نام حسن ہے
هَلْ اِسْمُهٗ اَحْمَدُ ؟	کیا اس کا نام احمد ہے ؟
لَا۔ لَیْسَ اِسْمُهٗ اَحْمَدُ	نہیں، اس کا نام احمد نہیں ہے
بَلْ اِسْمُهٗ حَسَنٌ	بلکہ اس کا نام حسن ہے
هَلْ اِسْمُكَ عُثْمَانُ ؟	کیا تیرا نام عثمان ہے ؟
نَعَمْ اِسْمِیْ عُثْمَانُ	جی ہاں، میرا نام عثمان ہے
لَا۔ لَیْسَ اِسْمِیْ عُثْمَانُ	نہیں، میرا نام عثمان نہیں ہے
بَلْ اِسْمِیْ مَحْمُوْدٌ	بلکہ میرا نام محمود ہے
هَلْ اِسْمُكِ مَرْیَمُ ؟	کیا تیرا نام مریم ہے ؟
نَعَمْ اِسْمِیْ مَرْیَمُ	جی ہاں، میرا نام مریم ہے
لَا۔ لَیْسَ اِسْمِیْ مَرْیَمُ	نہیں، میرا نام مریم نہیں ہے
بَلْ اِسْمِیْ فَاطِمَةُ	بلکہ میرا نام فاطمہ ہے
هَلْ هٰذِهٖ شَاذِیَةٌ ؟	کیا یہ شاذیہ ہے ؟
نَعَمْ هٰذِهٖ شَاذِیَةٌ	جی ہاں، یہ شاذیہ ہے
لَا، لَیْسَتْ هٰذِهٖ شَاذِیَةٌ	نہیں، یہ شاذیہ نہیں ہے
بَلْ هٰذِهٖ رُقَیَّةُ	بلکہ یہ رقیہ ہے
مَنْ تِلْكَ	وہ کون ہے ؟
تِلْكَ بِنْتٌ	وہ بیٹی ہے
هَلْ تِلْكَ مَرْأَةٌ ؟	کیا وہ عورت ہے
لَا لَیْسَتْ تِلْكَ مَرْأَةٌ	نہیں، وہ عورت نہیں ہے۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
بَلْ تِلْكَ بِنْتٌ	بلکہ وہ لڑکی ہے

نوٹ : ان جملوں کی تکرار کا مقصد عربی زبان کا سمجھ کر بولنا ہے۔ لہٰذا عربی بولنے کی کوشش کریں۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
مَا اِسْمُهٗ ؟	اُس (مرد) کا نام کیا ہے ؟
اِسْمُهٗ مَحْمُوْدٌ	اس کا نام محمود ہے
هَلْ اِسْمُهٗ اَحْمَدُ ؟	کیا اس کا نام احمد ہے ؟
لَا۔ بَلْ اِسْمُهٗ مَحْمُوْدٌ	نہیں۔ بلکہ اس کا نام محمود ہے
مَا اِسْمُكَ ؟	تیرا نام کیا ہے ؟
اِسْمِیْ سَعِیْدٌ	میرا نام سعید ہے
هَلْ اِسْمُكَ سَعْدٌ ؟	کیا تیرا نام سعد ہے ؟
لَا۔ بَلْ اِسْمِیْ سَعِیْدٌ	نہیں۔ بلکہ میرا نام سعید ہے
هٰذَا تِلْمِیْذٌ۔ مَا اِسْمُهٗ ؟	یہ شاگرد ہے۔ اس کا نام کیا ہے ؟
اِسْمُهٗ اِقْبَال	اس کا نام اقبال ہے
هَلْ اِسْمُهٗ اِقْبَال ؟	کیا اس کا نام اقبال ہے ؟
نَعَمْ اِسْمُهٗ اِقْبَال	جی ہاں، اس کا نام اقبال ہے۔
هَلْ اِسْمُهٗ اَحْمَدُ ؟	کیا اس کا نام احمد ہے ؟
لَا۔ لَیْسَ اِسْمُهٗ اَحْمَدُ۔ بَلْ اِسْمُهٗ اِقْبَال	نہیں، اس کا نام احمد نہیں ہے بلکہ اس کا نام اقبال ہے
مَنْ هٰذَا ؟	یہ کون ہے ؟
هٰذَا مُحَمَّدٌ	یہ محمد ہے
هَلْ هٰذَا مُحَمَّدٌ ؟	کیا یہ محمد ہے ؟
نَعَمْ هٰذَا مُحَمَّدٌ	جی ہاں ! یہ محمد ہے
هَلْ هٰذَا عُمَرُ ؟	کیا یہ عمر ہے ؟
لَا۔ لَیْسَ هٰذَا عُمَرُ	نہیں، یہ عمر نہیں ہے
بَلْ هٰذَا مُحَمَّدٌ	بلکہ یہ محمد ہے۔
مَنْ هٰذِهٖ ؟	یہ کون ہے ؟

عربی جملے	اردو ترجمہ
هٰذِهٖ فَاطِمَةُ	یہ فاطمہ ہے
هَلْ هٰذِهٖ فَاطِمَةُ ؟	کیا یہ فاطمہ ہے ؟
نَعَمْ هٰذِهٖ فَاطِمَةُ	جی ہاں، یہ فاطمہ ہے
لَا۔ هٰذِهٖ عَائِشَةُ	نہیں، یہ عائشہ ہے
لَا۔ لَیْسَتْ هٰذِهٖ فَاطِمَةُ	نہیں، یہ فاطمہ نہیں ہے
بَلْ هٰذِهٖ عَائِشَةُ ؟	بلکہ یہ عائشہ ہے
هَلْ هٰذِهٖ اُسْتَاذَةٌ ؟	کیا یہ استانی ہے ؟
لَا۔ هٰذِهٖ تِلْمِیْذَةٌ	نہیں یہ شاگردہ ہے
لَیْسَتْ اُسْتَاذَةٌ	استانی نہیں ہے
بَلْ هٰذِهٖ تِلْمِیْذَةٌ	بلکہ یہ شاگردہ ہے
مَنْ هٰذِهٖ ؟	یہ کون ہے ؟
هٰذِهٖ بِنْتٌ	یہ بیٹی ہے
هَلْ هٰذِهٖ بِنْتٌ ؟	کیا یہ بیٹی ہے ؟
نَعَمْ هٰذِهٖ بِنْتٌ	جی ہاں، یہ بیٹی ہے
هَلْ هٰذِهٖ اِمْرَأَةٌ ؟	کیا یہ عورت ہے ؟
لَا۔ هٰذِهٖ بِنْتٌ	نہیں، یہ لڑکی ہے
لَا۔ بَلْ هٰذِهٖ بِنْتٌ	نہیں یہ آپکی ہے
لَیْسَتْ هٰذِهٖ۔ مَرْأَةٌ	نہیں یہ عورت ہے
هَلْ تِلْكَ مَرْأَةٌ ؟	کیا وہ عورت ہے ؟
نَعَمْ تِلْكَ مَرْأَةٌ	جی ہاں، وہ عورت ہے
هَلْ تِلْكَ بِنْتٌ ؟	کیا وہ بچی ہے ؟
لَا۔ بَلْ تِلْكَ مَرْأَةٌ	نہیں، بلکہ وہ عورت ہے
مَا اِسْمُهَا ؟	اس کا نام کیا ہے ؟
اِسْمُهَا عَقِیْلَةُ ؟	اس کا نام عقیلہ ہے
مَنْ ذٰلِكَ ؟	وہ کون ہے ؟
ذٰلِكَ وَلَدٌ	وہ بچہ ہے

عربی جملے	اردو ترجمہ
هَلْ ذٰلِكَ وَلَدٌ	کیا وہ بچہ ہے ؟
نَعَمْ ذٰلِكَ وَلَدٌ	جی ہاں وہ بچہ ہے
هَلْ ذٰلِكَ رَجُلٌ	کیا وہ آدمی ہے ؟
لَا۔ بَلْ ذٰلِكَ وَلَدٌ	نہیں بلکہ وہ بچہ ہے
مَنْ هٰذَا ؟	یہ کون ہے ؟
هٰذَا رَجُلٌ	یہ آدمی ہے
هَلْ هٰذَا رَجُلٌ ؟	کیا یہ آدمی ہے ؟
نَعَمْ هٰذَا رَجُلٌ	جی ہاں ! یہ آدمی ہے
هَلْ هٰذَا وَلَدٌ	کیا یہ بچہ ہے ؟
لَا بَلْ هٰذَا رَجُلٌ	نہیں، بلکہ یہ آدمی ہے
هَلْ هٰذِهٖ اِمْرَأَةٌ ؟	کیا یہ عورت ہے ؟
لَا بَلْ هٰذَا رَجُلٌ	نہیں، بلکہ یہ مرد ہے
مَا هٰذَا ؟	یہ کیا ہے ؟
هٰذَا كِتَابُ الْأُسْتَاذِ	یہ استاد کی کتاب ہے
مَا هٰذَا ؟	یہ کیا ہے ؟
هٰذَا قَلَمُ التِّلْمِيْذِ	یہ شاگرد کا قلم ہے
مَا هٰذِهٖ ؟	یہ کیا ہے ؟
هٰذِهٖ حَدِيْقَةُ الْمَنْزِلِ	یہ گھر کا باغ ہے
مَا هٰذِهٖ ؟	یہ کیا ہے ؟
هٰذِهٖ دَرَّاجَةُ الْوَلَدِ	یہ لڑکے کی سائیکل ہے
مَا ذٰلِكَ	وہ کیا ہے ؟
ذٰلِكَ بَابُ الْمَدْرَسَةِ	وہ سکول کا دروازہ ہے
مَا ذٰلِكَ ؟	وہ کیا ہے ؟
ذٰلِكَ شُبَّاكُ الْغُرْفَةِ	وہ کمرے کی کھڑکی ہے
مَا تِلْكَ ؟	وہ کیا ہے ؟
تِلْكَ مِرْوَحَةُ السَّقْفِ	وہ چھت کا پنکھا ہے

عربی جملے	اردو ترجمہ
مَا تِلْكَ	وہ کیا ہے ؟
تِلْكَ سَيَّارَةُ مُحَمَّدٍ	وہ محمد کی کار ہے
مَنْ هٰذَا ؟	یہ کون ہے ؟
هٰذَا طَالِبٌ	یہ طالب علم ہے
مَا اِسْمُ الطَّالِبِ ؟	طالب علم کا نام کیا ہے ؟
اِسْمُ الطَّالِبِ مَحْمُوْدٌ	طالب علم کا نام محمود ہے
هَلِ الطَّالِبُ بِخَيْرٍ	کیا طالب علم خیریت سے ہے ؟
نَعَمْ الطَّالِبُ بِخَيْرٍ	جی ہاں، طالب علم خیریت سے ہے
مَا حَالُ الطَّالِبِ ؟	طالب علم کا حال کیسا ہے ؟
حَالُهٗ طَيِّبٌ	اس کا حال ٹھیک ہے۔
كَيْفَ حَالُ الطَّالِبِ ؟	طالب علم کا حال کیسا ہے ؟
حَالُ الطَّالِبِ طَيِّبٌ	طالب علم کی حالت اچھی ہے
حَالُ الطَّالِبِ بِخَيْرٍ	طالب علم کا حال خیریت سے ہے
كَيْفَ حَالُكَ ؟	تمہاری حالت کیسی ہے ؟
حَالِيْ بِخَيْرٍ	میری حالت خیریت سے ہے
طَيِّبٌ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ	بہتر ہے سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں
كَيْفَ حَالُهٗ	اس کا حال کیسا ہے ؟
حَالُهٗ طَيِّبٌ	اس کا حال اچھا ہے
كَيْفَ حَالُهَا	اُس (عورت) کا حال کیسا ہے ؟
حَالُهَا بِخَيْرٍ	اُس (عورت) کا حال خیریت سے ہے
مَنْ هٰذَا ؟	یہ کون ہے ؟
هٰذَا اُسْتَاذِيْ	یہ میرا استاد ہے
مَا اِسْمُ الْأُسْتَاذِ	استاد کا نام کیا ہے ؟
اِسْمُ الْأُسْتَاذِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ	استاد کا نام عبدالرحمٰن ہے
مَنْ ذٰلِكَ ؟	وہ کون ہے ؟
ذٰلِكَ وَلَدُ الْأُسْتَاذِ	وہ استاد کا بچہ ہے۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
مَا اِسْمُ الْوَلَدِ ؟	بچے کا نام کیا ہے ؟
اِسْمُ الْوَلَدِ عَبْدُ اللّٰہِ	بچے کا نام عبداللہ ہے

نوٹ:۔ امتحانی نقطۂ نظر سے درج ذیل پیراگراف بہت اہمیت کا حامل ہے:۔

هٰذَا عَبْدُ اللّٰہِ	یہ اللہ کا بندہ ہے
جِدَارُ الْمَنْزِلِ نَظِیْفٌ	گھر کی دیوار صاف ستھری ہے
حُبُّ الْوَطَنِ مِنَ الْاِیْمَانِ	وطن کی محبت ایمان سے ہے
تَمْرُ الْمَدِیْنَةِ لَذِیْذٌ	مدینہ کی کھجور مزے دار ہے
اَلْمَسْجِدُ بَیْتُ اللّٰہِ	مسجد اللہ کا گھر ہے
مَدِیْنَةُ الرَّسُوْلِ مُنَوَّرَةٌ	رسولؐ کا شہر نور والا ہے
وَجْهُ الْمُؤْمِنِ مُنَوَّرٌ	مومن کا چہرہ منوّر ہے
اِکْرَامُ الْجَارِ مِنَ الْاِیْمَانِ	پڑوسی کی عزت کرنا ایمان میں سے ہے
حَلِیْبُ الْبَقَرِ مُفِیْدٌ	گائے کا دودھ مفید ہے
ضَوْءُ النَّهَارِ قَوِیٌّ	دن کی روشنی تیز ہے
ظَلَامُ اللَّیْلِ شَدِیْدٌ	رات کی تاریکی زیادہ ہے
هٰذِهٖ بِنْتُ الْاُسْتَاذِ	یہ استاد کی لڑکی ہے
عَلَمُ بَاکِسْتَانَ اَخْضَرُ	پاکستان کا جھنڈا سبز ہے
شَهْرُ رَمَضَانَ مُبَارَکٌ	رمضان کا مہینہ مبارک ہے
لَوْنُ الْوَرْدِ اَحْمَرُ	گلاب کے پھول کا رنگ سرخ ہے
اِبْنُ الْاُسْتَاذِ ذَکِیٌّ	استاذ کا بیٹا سمجھ دار ہے
ذٰلِکَ عُصْفُوْرُ الْوَلَدِ	وہ لڑکے کی چڑیا ہے
کِتَابُکَ جَدِیْدٌ	تیری کتاب نئی ہے
بَابُ الْمَنْزِلِ مَفْتُوْحٌ	گھر کا دروازہ کھلا ہے
نَافِذَةُ الْمَدْرَسَةِ وَاسِعَةٌ	سکول کی کھڑکی کشادہ ہے
هٰذَا کِتَابُ تِلْمِیْذٍ	یہ کتاب شاگرد کی ہے
تِلْکَ سَیَّارَةُ اُسْتَاذٍ	وہ استاد کی کار ہے
اَلْوَلَدُ عِنْدَ شَجَرَةٍ	لڑکا درخت کے پاس ہے

عربی جملے	اردو ترجمہ
ذٰلِکَ بُسْتَانُ صَدِیْقٍ	وہ ایک دوست کا باغ ہے
تِلْکَ صُوْرَةُ مَسْجِدٍ	وہ مسجد کی تصویر ہے
ذٰلِکَ کُرْسِیُّ مُعَلِّمٍ	وہ استاد کی کرسی ہے
هٰذَا عُصْفُوْرُ وَلَدٍ	یہ بچے کی چڑیا ہے
هٰذِهٖ صُوْرَةُ قَرْیَةٍ	یہ گاؤں کی تصویر ہے
تِلْکَ نَافِذَةُ غُرْفَةٍ	وہ کمرے کی کھڑکی ہے
هَلْ هٰذَا یَوْمُ عِیْدٍ ؟	کیا آج عید کا دن ہے ؟
نَعَمْ هٰذَا یَوْمُ عِیْدٍ	جی ہاں، آج عید کا دن ہے
مَا اِسْمُکَ ؟	آپ کا نام کیا ہے ؟
اِسْمِیْ سَعِیْدٌ	میرا نام سعید ہے
مَا اِسْمُکَ ؟	آپ کا نام کیا ہے ؟
اِسْمِیْ زَیْنَبُ	میرا نام زینب ہے
مَا اِسْمُهٗ ؟	اس کا نام کیا ہے ؟
اِسْمُهٗ حَامِدٌ	اس کا نام حامد ہے
مَا اِسْمُهَا ؟	اس کا نام کیا ہے ؟
اِسْمُهَا زَاهِدَةٌ	اس کا نام زاہدہ ہے
هَلْ اِسْمُهٗ صَالِحٌ ؟	کیا اس کا نام صالح ہے ؟
نَعَمْ اِسْمُهٗ صَالِحٌ	جی ہاں، اس کا نام صالح ہے
لَا۔ لَیْسَ اِسْمُهٗ صَالِحٌ	نہیں اس کا نام صالح نہیں ہے
هَلْ هٰذِهٖ طَاهِرَةٌ ؟	کیا یہ طاہرہ ہے ؟
نَعَمْ هٰذِهٖ طَاهِرَةٌ	جی ہاں، یہ طاہرہ ہے
لَا۔ لَیْسَ هٰذِهٖ طَاهِرَةٌ	نہیں، یہ طاہرہ نہیں ہے

نوٹ: درج ذیل فقرات پر اعراب لگا کر ترجمہ کیا گیا ہے:۔

هٰذَا فَضْلُ اللّٰہِ	یہ اللہ کا فضل ہے
کِتَابُ اللّٰہِ نُوْرٌ	اللہ کی کتاب روشن ہے
رَحْمَةُ اللّٰہِ وَاسِعَةٌ	اللہ کی رحمت وسیع ہے

عربی جملے	اردو ترجمہ
قَمِيصُ الْوَلَدِ صَغِيرٌ	بچے کی قمیض چھوٹی ہے
تَلْمِيذُ الْمَدْرَسَةِ بِخَيْرٍ	سکول کا شاگرد خیریت سے ہے
بُسْتَانُ الْأُسْتَاذِ كَبِيرٌ	استاد کا باغیچہ بڑا ہے
لُغَةُ الْعَرَبِ لُغَةُ الْقُرْآنِ	عرب کی زبان قرآن کی زبان ہے
صَدِيقِي مُسَافِرٌ	میرا دوست مسافر ہے
حَدِيقَةُ الْمَنْزِلِ وَاسِعَةٌ	گھر کا باغ وسیع ہے
هٰذِهِ سَاعَةُ مَحْمُودٍ	یہ محمود کی گھڑی ہے
عَلَمُ السُّعُودِيَّةِ أَخْضَرُ	سعودی پرچم سبز ہے
تِلْكَ صُورَةُ الشَّجَرَةِ	وہ درخت کی تصویر ہے
لَوْنُ السَّمَاءِ أَزْرَقُ	آسمان کا رنگ نیلا ہے
دَرَّاجَةُ الْوَلَدِ جَدِيدَةٌ	لڑکے کی سائیکل نئی ہے
كُرْسِيُّ الْأُسْتَاذِ قَوِيٌّ	استاد کی کرسی مضبوط ہے
تِلْكَ مِرْوَحَةُ السَّقْفِ	وہ چھت کا پنکھا ہے
اَلْفَلَاحُ فِي نِظَامِ الْمُصْطَفٰى	نظامِ مصطفیٰ میں کامیابی ہے
وَجْهُ الْمُؤْمِنِ مُنَوَّرٌ	مومن کا چہرہ روشن ہے
بَابُ الْمَدْرَسَةِ مَفْتُوحٌ	سکول کا دروازہ کھلا ہے
كِتَابُ مَحْمُودٍ جَدِيدٌ	محمود کی کتاب نئی ہے
تِلْكَ سَاعَةُ الطَّالِبِ	وہ طالب علم کی گھڑی ہے
ذٰلِكَ جِدَارُ الْمَدْرَسَةِ	وہ سکول کی دیوار ہے
اِسْمُ الْوَلَدِ سَعِيدٌ	بچے کا نام سعید ہے
حَالُ الْمُدَرِّسِ بِخَيْرٍ	مدرس کا حال خیریت سے ہے
مَكْتَبُ الْمُعَلِّمِ نَظِيفٌ	استاد کا دفتر صاف ستھرا ہے
ضَوْءُ الشَّمْسِ شَدِيدٌ	سورج کی روشنی تیز ہے
حَدِيقَةُ الْمَدْرَسَةِ وَاسِعَةٌ	سکول کا باغ کشادہ ہے
سَيَّارَةُ مَحْمُودٍ قُرْبَ الْمَنْزِلِ	محمود کی کار گھر کے قریب ہے
هٰذَا جَارٌ صَدِيقِي	یہ پڑوسی میرا دوست ہے

عربی جملے	اردو ترجمہ
نَافِذَةُ الْمَنْزِلِ مَفْتُوحَةٌ	گھر کی کھڑکی کھلی ہے
صَدِيقُكَ طَيِّبٌ	تمہارا دوست اچھا ہے
عَبْدُ اللّٰهِ صَدِيقِي	عبداللہ میرا دوست ہے
ضَوْءُ الشَّمْسِ قَوِيٌّ	سورج کی روشنی تیز ہے
اَلْأُسْتَاذُ فِي غُرْفَةِ الْمَدْرَسَةِ	استاد سکول کے کمرہ میں ہے
لُغَةُ الْعَرَبِ أُمُّ الْأَلْسِنَةِ	عربی زبان تمام زبانوں کی ماں ہے
جَامِعَةُ الْعَلَّامَةِ اِقْبَالَ مَفْتُوحَةٌ	علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

تمرین ۳

سوال :- ان الفاظ کو اس طرح ترتیب دیجئے کہ یہ جملے بن جائیں :-

جواب :- هٰذِهِ النَّافِذَةُ صَغِيرَةٌ	یہ کھڑکی چھوٹی ہے
هَلْ ذَالِكَ أُسْتَاذٌ	کیا وہ استاد صاحب ہیں ؟
ذٰلِكَ كِتَابُ تِلْمِيذٍ	وہ شاگرد کی کتاب ہے
بَابُ الْحَدِيقَةِ كَبِيرٌ	سکول کا دروازہ بڑا ہے
لَوْنُ الْعَلَمِ أَخْضَرُ	جھنڈے کا رنگ سبز ہے
سَاعَةُ الطَّالِبِ جَدِيدَةٌ	طالب علم کی گھڑی نئی ہے

سوال :- درجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں :-

جواب :- (س) هَلْ أَنْتَ تِلْمِيذٌ ؟	کیا تو شاگرد ہے ؟
(ج) نَعَمْ أَنَا تِلْمِيذٌ	جی ہاں ، میں شاگرد ہوں
(س) مَنْ تِلْكَ ؟	وہ کون ہے ؟
(ج) تِلْكَ بِنْتٌ	وہ بیٹی ہے
(س) مَا هٰذَا ؟	یہ کیا ہے ؟
(ج) هٰذَا قَلَمٌ	یہ قلم ہے
(س) مَنْ هٰذَا الْوَلَدُ ؟	یہ لڑکا کون ہے ؟
(ج) هٰذَا الْوَلَدُ صَدِيقِي	یہ لڑکا میرا دوست ہے
(س) مَا هٰذَا ؟	یہ کیا ہے ؟
(ج) هٰذِهِ سَاعَةٌ	یہ گھڑی ہے

عربی جملے	اردو ترجمہ
(س) هَلْ هٰذِهٖ بِنْتٌ	کیا یہ بیٹی ہے ؟
(ج) نَعَمْ هٰذِهٖ بِنْتٌ	جی ہاں، یہ بیٹی ہے
(س) كَيْفَ حَالُهٗ ؟	اُس کا حال کیسا ہے ؟
(ج) حَالُهٗ طَيِّبٌ	اُس کا حال ٹھیک ہے
(س) هَلْ وَلَدُهٗ طَيِّبٌ ؟	کیا اس کا لڑکا ٹھیک ہے ؟
(ج) نَعَمْ وَلَدُهٗ طَيِّبٌ	جی ہاں، اس کا حال ٹھیک ہے
(س) مَا اِسْمُكَ ؟	آپ کا نام کیا ہے ؟
(ج) اِسْمِيْ سَعِيْدٌ	میرا نام سعید ہے

هوا باجبر

سوال :۔ کسی اسم کے شروع میں (اَل) لگانے سے کیا فرق پڑتا ہے ؟

جواب :۔ کسی اسم کے شروع میں (اَل) لگانے سے مندرجہ ذیل دو فرق پڑتے ہیں :۔

۱۔ جس اسم کے شروع میں (اَل) لگایا جائے وہ نکرہ سے معرفہ بن جاتا ہے۔ یعنی وہ لفظ عمومیت سے خصوصیت کا حامل ہو جاتا ہے۔ مثلاً "وَلَدٌ" (لڑکا) اَلْوَلَدُ۔ خاص

۲۔ دوسرا اہم فرق یہ پڑتا ہے کہ اُس اسم کے آخر میں دو زیر۔ زبر۔ پیش کی بجائے ایک حرکت زبر۔ زبر۔ پیش آتی ہے۔ جیسے "وَلَدٌ" کی د میں دو پیش ہیں اور معرفہ ہونے کی بنا پر یعنی پہلے (اَل) لگنے کی وجہ سے ایک پیش رہ جاتی ہے مثلاً "وَلَدٌ"۔ اَلْوَلَدُ

سوال :۔ اسم معرفہ کا استعمال مرکب اضافی اور اسمیہ جملے میں الگ الگ تحریر کریں :۔

جواب :۔

نُوْرُ اللّٰهِ	اللہ کا نور	مرکب اضافی
اَللّٰهُ نُوْرٌ	اللہ نور ہے	جملہ اسمیہ
ضَوْءُ الشَّمْسِ	سورج کی روشنی	(مرکب اضافی)
اَلشَّمْسُ ضَوْءٌ	سورج روشن ہے	جملہ اسمیہ

سوال :۔ خالی جگہوں کو پُر کریں :۔

ا۔ هَلْ اِسْمُهَا عَائِشَةُ ؟ کیا اس کا نام عائشہ ہے ؟

نعم / حَالُ الطَّالِبِ بِخَيْرٍ طالب علم کا حال خیریت سے ہے

هٰذِهٖ سَاعَةُ الْبِنْتِ یہ بیٹی کی گھڑی ہے

تِلْكَ سَيَّارَةٌ جَدِيْدَةٌ وہ نئی کار ہے

ب۔ مضاف بالعموم نکرہ ہوتا ہے۔

مضاف الیہ کبھی معرفہ اور کبھی نکرہ ہوتا ہے۔

نَعَمْ اثبات کے لئے ہوتا ہے۔

لَا نفی کے لئے ہوتا ہے۔

سوال :۔ مرکب اضافی کی تعریف لکھیں اور مثالوں سے واضح کریں ؟ (معلوماتی سوال)

جواب :۔ **مرکب اضافی** :۔ جس مرکب میں دونوں جزو اسم ہوں اور پہلا دوسرے کی طرف منسوب ہو تو اسے مرکب اضافی کہتے ہیں۔ مثلاً بَابُ بَيْتٍ (گھر کا دروازہ)

نوٹ :۔ دو اسموں میں اس قسم کی نسبت کا نام اضافت ہے۔

یاد رہے (۱) مرکب اضافی کے پہلے جزو کو مضاف اور دوسرے جزو کو مضاف الیہ کہا جاتا ہے۔

(۲) مضاف پر نہ تو لام تعریف (اَل) داخل ہوتا ہے اور نہ ہی تنوین۔

(۳) مضاف الیہ ہمیشہ مجرور (ـِـ) ہوتا ہے۔

(۴) مضاف ہمیشہ مضاف الیہ سے پہلے آتا ہے۔

(۵) مرکب اضافی پورا جملہ نہیں ہوتا بلکہ جملے کا جزو ہوا کرتا ہے۔

سوال :۔ اسم معرفہ اور اسم نکرہ کی تعریفات مع امثلہ کریں۔ (معلوماتی سوال)

جواب :۔ "اسم معرفہ" وہ اسم ہے جس میں خصوصیت کا تذکرہ ہو۔ مثلاً (اَلْكِتَابُ) وغیرہ۔

"اسم نکرہ" وہ اسم ہے جس میں عمومیت کا تذکرہ ہو مثلاً كِتَابٌ وغیرہ۔

نوٹ : کسی اسم نکرہ پر (اَل) لگانے سے اسم معرفہ بن جاتا ہے۔ اور جس اسم پر اَل آ جائے اس کی تنوین گر جاتی ہے جیسے كِتَابٌ سے اَلْكِتَابُ ہے۔ نیز ایسے اسم سے پہلے جب کوئی اور اسم اس کا مضاف بن کر آئے تو ہمزہ بولنے میں نہ آئے گا۔ جیسے وَرَقُ الْكِتَابِ۔ اسی طرح اگر کوئی اسم اس سے پہلے ایسا آ جائے جس پر تنوین ہو تو تنوین کے نون پر زیر دے کر اس کے ساتھ ملائیں گے۔ جیسے جَمِيْدُنِ الْكَاتِبُ اس صورت میں جَمِيْدٌ موصوف ہے اور الکاتب اس کی صفت۔

سوال :۔ ضمیر کی تعریف کریں اور اس کی اقسام لکھتے ہوئے ان کی تعریفات لکھیں۔ نیز گردانیں بھی لکھیں۔ (معلوماتی سوال)

جواب :۔ **ضمیر** :۔ ضمیر ایک اسم ہے جو اسم ظاہر کی جگہ لایا جاتا ہے۔ مثلاً کسی کا نام لینے کی بجائے کہیں (هُوَ) وہ (اَنْتَ) تو۔ یا پھر اپنا نام ذکر کرنے کی بجائے کہے (اَنَا) میں وغیرہ۔

ضمیر کی دو قسمیں ہیں (۱) ضمیر متصل (۲) ضمیر منفصل

۱۔ ضمیر متصل یا متصلہ :۔ وہ اسم جو کسی لفظ کے ساتھ ملا ہوا ہو اور الگ مستعمل نہ ہوتا ہو اسے ضمیر متصلہ کہتے ہیں۔

مثلاً (غُلَامُهٗ) اس کا غلام ۔ (كِتَابُكَ) تیری کتاب۔ اس میں ہٗ اور كَ متصلہ ہیں۔

ضمیر متصلہ کی گردان

	واحد	ترجمہ	تثنیہ	ترجمہ	جمع	ترجمہ
مذکر غائب	هٗ	اس کا	هُمَا	ان دونوں کا	هُمْ	ان سب کا
مؤنث غائب	هَا	اس کا	هُمَا	ان دونوں کا	هُنَّ	ان سب کا
مذکر مخاطب	كَ	تیرا	كُمَا	تم دونوں کا	كُمْ	تم سب کا
مؤنث مخاطب	كِ	تیرا	كُمَا	تم دونوں کا	كُنَّ	تم سب کا
مذکر متکلم	ىْ	میرا	نَا	ہم دونوں کا	نَا	ہمارا۔ ہم سب کا۔
مؤنث متکلم	ىْ	میرا	نَا	ہم دونوں کا	نَا	ہمارا۔ ہم سب کا

۲۔ ضمیر منفصل یا منفصلہ :۔ وہ اسم ضمیر جو الگ بولا جاتا ہو۔ اور کسی لفظ کا جزو نہ ہو اور اپنا الگ مستقل وجود رکھتا ہو۔ مثلاً هُوَ خَالِدٌ۔ وہ خالد ہے وغیرہ۔

ضمیر منفصلہ کی گردان

	واحد	ترجمہ	تثنیہ	ترجمہ	جمع	ترجمہ
مذکر غائب	هُوَ	وہ	هُمَا	وہ دونوں	هُمْ	وہ سب
مؤنث غائب	هِىَ	وہ	هُمَا	وہ دونوں	هُنَّ	وہ سب
مذکر حاضر	اَنْتَ	تو	اَنْتُمَا	تم دونوں	اَنْتُمْ	تم سب
مؤنث حاضر	اَنْتِ	تو	اَنْتُمَا	تم دونوں	اَنْتُنَّ	تم سب
مذکر متکلم	اَنَا	میں	نَحْنُ	ہم دونوں	نَحْنُ	ہم سب
مؤنث متکلم	اَنَا	میں	نَحْنُ	ہم دونوں	نَحْنُ	ہم سب

عزیز طلاب :۔ گو ایک طالب علم صرف امتحانی تیاری کے لئے گائیڈ/ نوٹس کا استعمال کرتا ہے۔ لیکن ہمارے پیش نظر اس کے ساتھ ساتھ عربی زبان کی اشاعت بھی ہے۔ تاکہ طالب علم کے پاس نصابی کتب کے حوالہ سے جو جو مختصر نکات استعمال ہوتے ہیں انہیں ازبر کرے۔ اور انہیں سمجھ لے۔ ہمارا یہ بھی مؤقف ہے۔ اگر آپ صحیح معنوں میں اس گائیڈ سے گائیڈنگ حاصل کر لیں تو آپ بلاشبہ عربی میں مہارت عامہ ضرور حاصل کر لیں گے ۔۔ بلکہ

روزمرہ کے معاملات میں بھی عربی کو کما حقہ استعمال کرنے کی صلاحیت رکھ سکتے ہیں۔

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ ——— سبق نمبر ۴

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
سَهْلٌ	آسان	لَاعِبٌ	کھیلنے والا
طَوِيْلٌ	لمبا	قَصِيْرٌ	چھوٹا۔ پست قد
ضَيِّقٌ	تنگ	عَرِيْضٌ	چوڑا
مَرِيْضٌ	بیمار	سَرِيْعٌ	تیز رفتار
صَادِقٌ	سچا	جَمِيْلٌ	خوبصورت
رَخِيْصٌ	سستا	ثَمِيْنٌ	قیمتی
جَائِعٌ	بھوکا	صَالِحٌ	نیک
جُلُوْسٌ	بیٹھا	مُرٌّ	کڑوا
مُجْتَهِدٌ	محنتی	حَاضِرٌ	حاضر۔ موجود
حَسَنٌ	خوبصورت۔ اچھا	لَذِيْذٌ	مزیدار
طَعَامٌ	کھانا	فَاكِهَةٌ	پھل
طِفْلٌ	بچہ	لَيْلَةٌ	رات
طَرِيْقٌ	راستہ	غَائِبٌ	غیر حاضر
بُسْتَانٌ	باغ	مَفْتُوْحٌ	کھلا

عربی جملے	اردو ترجمہ
هٰذَا رَجُلٌ صَادِقٌ	یہ سچا آدمی ہے
تِلْكَ سَيَّارَةٌ سَرِيْعَةٌ	وہ تیز رفتار موٹر کار ہے
اَلْمَرْأَةُ الطَّوِيْلَةُ مُسَافِرَةٌ	لمبی عورت سفر کرنے والی ہے
اَلرَّجُلُ الْمَرِيْضُ غَائِبٌ	بیمار آدمی غیر حاضر ہے
اَلدَّوَاءُ الْمُرُّ مُفِيْدٌ	کڑوی دوا مفید ہے
ذٰلِكَ طَرِيْقٌ عَرِيْضٌ	وہ چوڑا راستہ ہے
اَلطَّالِبُ الْمُجْتَهِدُ حَاضِرٌ	محنتی لڑکا موجود ہے

عربی جملے	اردو ترجمہ
هٰذَا طِفْلٌ جَائِعٌ	یہ بھوکا لڑکا ہے
تِلْكَ طِفْلَةٌ لَاعِبَةٌ	وہ کھیلنے والی لڑکی ہے
أُسْتَاذِي رَجُلٌ صَالِحٌ	میرا استاد نیک آدمی ہے
هٰذِهٖ غُرْفَةٌ ضَيِّقَةٌ	یہ تنگ کمرہ ہے
هَلْ هٰذِهٖ فَاكِهَةٌ لَذِيذَةٌ ؟	کیا یہ مزے دار پھل ہے ؟
نَعَمْ هٰذِهٖ فَاكِهَةٌ لَذِيذَةٌ	جی ہاں ، یہ مزے دار پھل ہے
مَا هٰذَا ؟	یہ کیا ہے ؟
هٰذَا قَلَمٌ رَخِيصٌ	یہ سستا قلم ہے
مَنْ تِلْكَ ؟	وہ کون ہے ؟
تِلْكَ بِنْتٌ جَمِيلَةٌ	وہ خوبصورت لڑکی ہے
هَلْ هٰذِهٖ شَجَرَةٌ قَصِيرَةٌ ؟	کیا یہ چھوٹا درخت ہے ؟
لَا بَلْ هٰذِهٖ شَجَرَةٌ طَوِيلَةٌ	نہیں بلکہ یہ لمبا درخت ہے
مَا هٰذَا ؟	یہ کیا ہے ؟
هٰذَا كِتَابٌ ثَمِينٌ	یہ قیمتی کتاب ہے
هَلْ هٰذَا دَرْسٌ سَهْلٌ ؟	کیا یہ آسان سبق ہے ؟
نَعَمْ هٰذَا دَرْسٌ سَهْلٌ	جی ہاں ، یہ آسان سبق ہے
مَا ذٰلِكَ ؟	وہ کیا ہے ؟
ذٰلِكَ لَاعِبٌ سَرِيعٌ	وہ تیز کھلاڑی ہے
مَا تِلْكَ ؟	وہ کیا ہے ؟
تِلْكَ صُورَةٌ حَسَنَةٌ	وہ خوبصورت تصویر ہے
بِنْتٌ جَمِيلَةٌ	خوبصورت لڑکی
شَجَرَةٌ طَوِيلَةٌ	لمبا درخت
اِمْرَأَةٌ قَصِيرَةٌ	چھوٹی عورت
مَدْرَسَةٌ وَاسِعَةٌ	کشادہ مدرسہ
لَيْلَةٌ طَوِيلَةٌ	لمبی رات
حَدِيقَةٌ وَاسِعَةٌ	کشادہ باغ

عربی جملے	اردو ترجمہ
اَلطَّعَامُ اللَّذِيذُ	مزے دار کھانا
اَلرَّجُلُ الصَّالِحُ	نیک آدمی
اَلتِّلْمِيذُ النَّاجِحُ	کامیاب شاگرد
اَلْكِتَابُ الْمُفِيدُ	مفید کتاب
اَلْبَيْتُ الْوَاسِعُ	کشادہ گھر
اَلْقِطَارُ السَّرِيعُ	تیز رفتار ریل گاڑی
غُرْفَةٌ ضَيِّقَةٌ	تنگ کمرہ
تِلْمِيذَةٌ مُجْتَهِدَةٌ	محنتی شاگردہ
فَاكِهَةٌ لَذِيذَةٌ	مزیدار پھل
طِفْلَةٌ جَمِيلَةٌ	خوبصورت بچی
مُعَامَلَةٌ حَسَنَةٌ	اچھا معاملہ
دَرَّاجَةٌ سَرِيعَةٌ	تیز رفتار سائیکل
لَيْلَةٌ قَصِيرَةٌ	چھوٹی رات
سَاعَةٌ ثَمِينَةٌ	قیمتی گھڑی
مَدْرَسَةٌ كَبِيرَةٌ	بڑا مدرسہ
نَافِذَةٌ جَمِيلَةٌ	خوبصورت کھڑکی
عُصْفُورٌ جَمِيلٌ	خوبصورت چڑیا
تِلْمِيذٌ مُجْتَهِدٌ	محنتی شاگرد
قَلَمٌ جَدِيدٌ	نیا قلم
لَاعِبٌ سَرِيعٌ	تیز رفتار کھلاڑی
دَرْسٌ سَهْلٌ	آسان سبق
طَرِيقٌ ضَيِّقٌ	تنگ راستہ
تَمْرٌ حُلْوٌ	میٹھی کھجور
دَوَاءٌ مُرٌّ	کڑوی دوا
أُسْتَاذٌ حَاضِرٌ	حاضر/موجود استاد
طَعَامٌ لَذِيذٌ	مزے دار کھانا

عربی جملے	اردو ترجمہ
رَجُلٌ صَالِحٌ	نیک آدمی
بَابٌ عَرِيضٌ	چوڑا دروازہ
اَلْوَرَقَةُ الرَّخِيصَةُ	سستا کاغذ
اَلْحَدِيقَةُ الْوَاسِعَةُ	کشادہ باغ
اَلْمَدِينَةُ	پاکیزہ شہر
اَللُّغَةُ السَّهْلَةُ	آسان زبان
اَلْمَدْرَسَةُ الْمَفْتُوحَةُ	کھلا ہوا مدرسہ
اَلصُّورَةُ الْكَبِيرَةُ	بڑی تصویر
اَلْمِرْوَحَةُ الْجَدِيدَةُ	نیا پنکھا
اَلسَّائِلَةُ الْجَائِعَةُ	بھوکی فقیرنی
اَلطَّرِيقَةُ الْحَسَنَةُ	اچھا طریقہ
اَلْبِنْتُ الْحَاضِرَةُ	موجود بیٹی
اَلْغُرْفَةُ النَّظِيفَةُ	صاف ستھرا کمرہ
اَلسَّبُّورَةُ الْكَبِيرَةُ	بڑا تختہ سیاہ
اَلسَّاعَةُ الْجَمِيلَةُ	خوبصورت گھڑی
اَلسَّيَّارَةُ السَّرِيعَةُ	تیز رفتار کار
اَلْمَرْأَةُ الطَّيِّبَةُ	پاکیزہ عورت
اَلْبُسْتَانُ الْجَمِيلُ	خوبصورت باغ
اَلْكُرْسِيُّ الرَّخِيصُ	سستی کرسی
اَلْجَارُ الْقَرِيبُ	نزدیک پڑوسی
اَلْأُسْتَاذُ الْكَبِيرُ	بڑا استاد
اَلْمُتَعَلِّمُ الصَّغِيرُ	چھوٹا پڑھنے والا
اَلْحَلِيبُ الْحُلْوُ	میٹھا دودھ
اَلضَّوْءُ الشَّدِيدُ	تیز روشنی
اَلظَّلَامُ الْكَثِيرُ	زیادہ تاریکی
اَلْوَرْدَةُ الْجَمِيلَةُ	خوبصورت گلاب کا پھول

عربی جملے	اردو ترجمہ
اَلْوَلَدُ الْقَصِيرُ	چھوٹا لڑکا
اَلْحَالُ الطَّيِّبُ	اچھا حال
وَلَدٌ صَغِيرٌ	چھوٹا لڑکا
هٰذَا وَلَدٌ صَغِيرٌ	یہ چھوٹا لڑکا ہے
اَلْوَلَدُ الصَّغِيرُ	چھوٹا لڑکا
اَلْوَلَدُ الصَّغِيرُ نَظِيفٌ	چھوٹا بچہ صاف ستھرا ہے
شَجَرَةٌ طَوِيلَةٌ	لمبا درخت
هٰذِهٖ شَجَرَةٌ طَوِيلَةٌ	یہ لمبا درخت ہے
اَلشَّجَرَةُ الطَّوِيلَةُ	لمبا درخت
اَلشَّجَرَةُ الطَّوِيلَةُ جَمِيلَةٌ	لمبا درخت خوبصورت ہے
مَكَانٌ ضَيِّقٌ	تنگ مکان
ذٰلِكَ مَكَانٌ ضَيِّقٌ	وہ تنگ مکان ہے
اَلْمَكَانُ الضَّيِّقُ	تنگ مکان
اَلْبَيْتُ الضَّيِّقُ مُظْلِمٌ	تنگ مکان تاریک ہے
حَدِيقَةٌ وَاسِعَةٌ	کھلا باغ
تِلْكَ حَدِيقَةٌ وَاسِعَةٌ	وہ کشادہ باغ ہے
اَلْحَدِيقَةُ الْوَاسِعَةُ	کشادہ باغ
اَلْحَدِيقَةُ الْوَاسِعَةُ جَمِيلَةٌ	خوبصورت باغ کشادہ ہے
مَا هٰذَا ؟	یہ کیا ہے ؟
هٰذَا رَجُلٌ حَسَنٌ	یہ آدمی خوبصورت ہے۔
مَا هٰذِهٖ ؟	یہ کیا ہے ؟
هٰذِهٖ مَدْرَسَةٌ كَبِيرَةٌ	یہ بڑا مدرسہ ہے
هَلْ هٰذِهٖ مَدْرَسَةٌ صَغِيرَةٌ ؟	کیا یہ چھوٹا مدرسہ ہے ؟
لَا هٰذِهٖ مَدْرَسَةٌ كَبِيرَةٌ	نہیں یہ بڑا مدرسہ ہے
مَا هٰذِهٖ ؟	یہ کیا ہے ؟
هٰذِهٖ شَجَرَةٌ كَبِيرَةٌ	یہ بڑا درخت ہے

عربی جملے	اردو ترجمہ
هَلْ هٰذِهٖ شَجَرَةٌ كَبِيْرَةٌ	کیا یہ بڑا درخت ہے ؟
نَعَمْ هٰذِهٖ شَجَرَةٌ كَبِيْرَةٌ	جی ہاں، یہ بڑا درخت ہے
مَنْ ذٰلِكَ ؟	وہ کون ہے ؟
ذٰلِكَ رَجُلٌ	وہ آدمی ہے
هَلِ الرَّجُلُ طَيِّبٌ ؟	کیا آدمی اچھا ہے ؟
نَعَمْ الرَّجُلُ طَيِّبٌ	جی ہاں، آدمی اچھا ہے
هَلْ هٰذَا رَجُلٌ طَيِّبٌ ؟	کیا یہ اچھا آدمی ہے ؟
نَعَمْ هٰذَا رَجُلٌ طَيِّبٌ	جی ہاں، یہ اچھا آدمی ہے
هَلْ هٰذِهٖ مَرْأَةٌ طَيِّبَةٌ	کیا یہ اچھی عورت ہے ؟
لَا۔ لَيْسَتْ هٰذِهٖ مَرْأَةٌ طَيِّبَةٌ	نہیں، یہ اچھی عورت نہیں ہے
هٰذِهٖ مَدْرَسَةٌ كَبِيْرَةٌ	یہ بڑا مدرسہ ہے
تِلْكَ سَيَّارَةٌ سَرِيْعَةٌ	وہ تیز رفتار کار ہے
ذٰلِكَ شُبَّاكٌ صَغِيْرٌ	وہ چھوٹی کھڑکی ہے
هٰذَا شَارِعٌ طَوِيْلٌ	یہ لمبی سڑک ہے
تِلْكَ نَافِذَةٌ صَغِيْرَةٌ	وہ چھوٹی کھڑکی ہے
ذٰلِكَ مَسْجِدٌ وَاسِعٌ	وہ کھلی مسجد ہے
هٰذَا بَابٌ عَرِيْضٌ	یہ چوڑا دروازہ ہے
هٰذِهٖ كُرَّاسَةٌ نَظِيْفَةٌ	یہ صاف ستھری کاپی ہے
تِلْكَ شَجَرَةٌ	وہ درخت ہے
ذٰلِكَ مَنْزِلٌ	وہ گھر ہے
هٰذِهٖ دَرَّاجَةٌ	یہ سائیکل ہے
هٰذَا وَلَدٌ	یہ بچہ ہے
تِلْكَ حَدِيْقَةٌ	وہ باغ ہے
ذٰلِكَ مَسْجِدٌ	وہ مسجد ہے
هٰذِهٖ سَيَّارَةٌ	یہ کار ہے
هٰذَا قَلَمٌ	یہ قلم ہے

عربی جملے	اردو ترجمہ
تِلْكَ مِرْوَحَةٌ	وہ پنکھا ہے
هٰذِهٖ دَرَّاجَةٌ جَدِيْدَةٌ	یہ نئی سائیکل ہے
هٰذِهٖ سَيَّارَةٌ سَرِيْعَةٌ	یہ تیز رفتار کار ہے
تِلْكَ حَدِيْقَةٌ جَمِيْلَةٌ	وہ خوبصورت باغ ہے
ذٰلِكَ شَارِعٌ وَاسِعٌ	وہ کھلی سڑک ہے
ذٰلِكَ اُسْتَاذٌ كَرِيْمٌ	وہ مہربان اُستاد ہے
تِلْكَ بِنْتٌ مُجْتَهِدَةٌ	وہ محنتی بچی ہے
تِلْكَ نَافِذَةٌ كَبِيْرَةٌ	وہ بڑی کھڑکی ہے
هٰذَا كِتَابٌ ثَمِيْنٌ	یہ قیمتی کتاب ہے
هٰذَا شُبَّاكٌ عَرِيْضٌ	یہ چوڑی کھڑکی ہے
هٰذِهٖ نَافِذَةٌ كَبِيْرَةٌ	یہ بڑی کھڑکی ہے
مَنْ هٰذِهٖ ؟	یہ کون ہے ؟
هٰذِهٖ بِنْتٌ	یہ لڑکی ہے
هَلْ هٰذِهٖ بِنْتٌ كَبِيْرَةٌ ؟	کیا یہ بڑی بچی ہے ؟
نَعَمْ هٰذِهٖ بِنْتٌ كَبِيْرَةٌ	جی ہاں، یہ بڑی بچی ہے
هَلْ هٰذِهٖ بِنْتٌ صَغِيْرَةٌ ؟	کیا یہ چھوٹی بچی ہے ؟
لَا۔ بَلْ هٰذِهٖ بِنْتٌ كَبِيْرَةٌ	نہیں، بلکہ یہ بڑی بیٹی ہے
هَلْ هٰذِهٖ بِنْتٌ طَيِّبَةٌ ؟	کیا یہ اچھی بیٹی ہے ؟
نَعَمْ هٰذِهٖ بِنْتٌ طَيِّبَةٌ	جی ہاں، یہ بیٹی اچھی ہے

تمرین ۴

سوال: مرکب اضافی اور مرکب توصیفی میں کیا فرق ہے؟ مثالیں دیجئے!

مرکب اضافی اور مرکب توصیفی میں فرق تین اعتبار سے ہوتا ہے۔

۱۔ بلحاظِ معنی ۲۔ بلحاظِ لفظِ ظاہر ۳۔ بلحاظِ اعراب

۱۔ بلحاظِ معنی: مرکب اضافی دو مختلف الجنس اسموں پر مشتمل ہوتا ہے یعنی مضاف اور مضاف الیہ الگ الگ جنسوں سے ہوتے ہیں۔ جیسے "كِتَابُ الْوَلَدِ" میں "کتاب" اور "الولد" بالکل الگ الگ جنس سے ہیں جبکہ مرکب توصیفی میں شامل دونوں اسم

ایک ہی شئی کو ظاہر کرتے ہیں۔ یعنی وہ ایک ہی چیز یا شخص کے دو مختلف پہلوؤں کو ظاہر کرتے ہیں پہلا اسم (موصوف) کسی چیز یا شخص کی ذات کو اور دوسرا اسم (صفت) اس کی صفات کو ظاہر کرتا ہے۔ جیسے "الولد الصالح" (نیک لڑکا) میں "الولد" ذات کا مظہر ہے اور "الصالح" اس کی صفت کا۔

۲۔ بلحاظِ لفظِ ظاہر: مرکب اضافی میں پہلا اسم (مضاف) ہمیشہ نکرہ ہوتا ہے اس پر کبھی (اَلْ) نہیں ہوتا۔ اور دوسرا اسم (مضاف الیہ) بالعموم معرفہ ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں یہ ممکن ہے کہ ان میں سے کوئی ایک مذکر ہو اور دوسرا مؤنث یا ایک واحد ہو اور دوسرا جمع مگر مرکب توصیفی میں۔ دونوں اسم نکرہ ہوں گے یا دونوں معرفہ۔ دونوں مذکر ہوں گے یا دونوں مؤنث اسی طرح واحد، تثنیہ اور جمع ہونے میں بھی برابر ہوں گے سوائے جمع مکسر کے کیونکہ اس کی صفت ہمیشہ واحد مؤنث آتی ہے۔

۳۔ بلحاظِ اعراب: مرکب اضافی میں "مضاف" کا اعراب تو ترکیبِ جملہ کے اعتبار سے بدلتا رہتا ہے مگر مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوگا جبکہ مرکب توصیفی میں موصوف اور صفت دائماً ایک ہی حالتِ اعراب میں ہوں گے یعنی مرفوع، منصوب یا مجرور ہونے میں صفت اپنے موصوف کی تابع ہوگی۔

سوال: خالی جگہوں کو پُر کریں:

جواب: هٰذَا قَلَمُ التِّلْمِيْذِ — یہ شاگرد کا قلم ہے

ذٰلِكَ كِتَابٌ جَدِيْدٌ — وہ نئی کتاب ہے

دَرَّاجَةُ الْوَلَدِ قَوِيَّةٌ — بچے کی سائیکل مضبوط ہے

مَنَارَةُ الْمَسْجِدِ طَوِيْلَةٌ — مسجد کا مینار لمبا ہے

تِلْكَ سَيَّارَةٌ سَرِيْعَةٌ — وہ تیز رفتار کار ہے

بَابُ الْمَنْزِلِ مَفْتُوْحٌ — گھر کا دروازہ کھلا ہے

سوال: مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ لامِ تعریف لگائیے:۔

طَالِبٌ	طالب علم	اَلطَّالِبُ	خاص طالب علم
مَسْجِدٌ	مسجد	اَلْمَسْجِدُ	خاص مسجد
مَدْرَسَةٌ	مدرسہ	اَلْمَدْرَسَةُ	خاص مدرسہ
بَابٌ	دروازہ	اَلْبَابُ	خاص دروازہ
كِتَابٌ	کتاب	اَلْكِتَابُ	خاص کتاب

قَلَمٌ	قلم	اَلْقَلَمُ	خاص قلم
حَدِيْقَةٌ	باغ	اَلْحَدِيْقَةُ	خاص باغ
بِنْتٌ	بیٹی	اَلْبِنْتُ	خاص بیٹی
بَيْتٌ	گھر	اَلْبَيْتُ	خاص گھر
شَارِعٌ	راستہ	اَلشَّارِعُ	خاص راستہ

سوال: جملوں کو ترتیب سے لکھیں:۔ اشارہ - موصوف - صفت

ذٰلِكَ كُرْسِيٌّ صَغِيْرٌ — وہ چھوٹی کرسی ہے

هٰذَا كِتَابُ الطَّالِبِ — یہ طالب علم کی کتاب ہے

هٰذِهِ مَدِيْنَةٌ نَظِيْفَةٌ — یہ صاف ستھرا شہر ہے

تِلْكَ سَيَّارَةٌ وَاسِعَةٌ — وہ کشادہ کار ہے

هٰذِهِ شَارِعٌ ضَيِّقٌ — یہ تنگ سڑک ہے

هٰذِهِ بِنْتٌ جَمِيْلَةٌ — یہ خوبصورت لڑکی ہے

اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ ـــــــ سبق ۵

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
فَوْقَ	اوپر	تَحْتَ	نیچے
اَمَامَ	سامنے	خَلْفَ	پیچھے
عِنْدَ	پاس	مَعَ	ساتھ
صِنَاعَةٌ	بنا ہوا	اِلٰى	کی طرف۔ تک
فِيْ	میں	لِـ	اُس کے لئے
مِنْ	سے	عَنْ	کے بارے میں۔ بابت
عَلٰى	پر	بِـ	ساتھ
اَيْنَ	کہاں	قَرِيْبٌ	نزدیک
بَعِيْدٌ	دُور	صَدِيْقٌ	دوست
اَنَا	مَیں	نَحْنُ	ہم
اَنْتَ	تو (مرد)	اَنْتِ	تو (مؤنث)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
طَيِّبَةٌ	اچھی	هُمْ	وہ سب
هُوَ	وہ (مذکر)	هِيَ	وہ (مؤنث)

عربی جملے	اردو ترجمہ
مَنْ اَنْتَ ؟	تو کون ہے ؟
اَنَا طَالِبٌ	میں طالب علم ہوں
مَنْ هُوَ ؟	وہ کون ہے ؟
هُوَ صَدِيْقِيْ	وہ میرا دوست ہے
مَنْ اَنَا ؟	میں کون ہوں ؟
اَنْتَ اُسْتَاذٌ	تو استاد ہے
هَلْ هُوَ صَدِيْقُكَ ؟	کیا وہ تیرا دوست ہے ؟
نَعَمْ هُوَ صَدِيْقِيْ	جی ہاں، وہ میرا دوست ہے
هَلْ اَنْتَ قَرِيْبٌ	کیا تو نزدیک ہے ؟
نَعَمْ اَنَا قَرِيْبٌ	جی ہاں، میں قریب ہوں
اَيْنَ صَدِيْقُ مُحَمَّدٍ	محمد کا دوست کہاں ہے ؟
هَلْ هُوَ صَدِيْقُ مُحَمَّدٍ	یہ (وہ) محمد کا دوست ہے
هَلْ اَنَا بَعِيْدٌ	کیا میں دور ہوں ؟
نَعَمْ اَنْتَ بَعِيْدٌ	جی ہاں، تم دور ہو
مَنْ هِيَ ؟	وہ کون ہے ؟
هِيَ اُسْتَاذَةٌ	وہ استانی ہے
مَنْ اَنْتِ	تو کون ہے ؟
اَنَا طَالِبَةٌ	میں طالب علم ہوں
هَلْ هِيَ تِلْمِيْذَةٌ	کیا وہ شاگردہ ہے ؟
لَا - بَلْ هِيَ اُسْتَاذَةٌ	نہیں، بلکہ یہ استانی ہے
مَنْ اَنَا ؟	میں کون ہوں ؟
اَنْتِ اُسْتَاذَةٌ	تو استانی ہے
مَنْ هٰذِهٖ ؟	یہ کون ہے ؟

عربی جملے	اردو ترجمہ
هٰذِهٖ تِلْمِيْذَةٌ	یہ شاگردہ ہے
هَلْ اَنْتِ قَرِيْبَةٌ	کیا تو قریب ہے ؟
نَعَمْ اَنَا قَرِيْبَةٌ	جی ہاں، میں قریب ہوں
هِيَ تِلْمِيْذَةُ الْاُسْتَاذَةِ	وہ استانی کی شاگردہ ہے
مَا هٰذِهٖ ؟	یہ کیا ہے ؟
هٰذِهٖ كُرَّاسَةُ التِّلْمِيْذِ	یہ شاگرد کی کاپی ہے
هَلْ اَنَا بَعِيْدَةٌ ؟	کیا میں دور ہوں ؟
نَعَمْ اَنْتِ بَعِيْدَةٌ	جی ہاں، تو دور ہے
هِيَ كُرَّاسَةٌ جَدِيْدَةٌ	وہ نئی کاپی ہے
نَحْنُ تَلَامِذَةٌ	ہم شاگرد ہیں
نَحْنُ بَنَاتٌ	ہم بیٹیاں ہیں
نَحْنُ تَلَامِذَةٌ	ہم شاگردہ ہیں
نَحْنُ تَلَامِيْذُ	ہم شاگرد ہیں
نَحْنُ تِلْمِيْذَاتٌ	ہم شاگردہ ہیں
نَحْنُ صِغَارٌ	ہم چھوٹے ہیں
مَا اِسْمُكَ ؟	آپ کا نام کیا ہے ؟
اِسْمِيْ حَامِدٌ	میرا نام حامد ہے
كَيْفَ حَالُكَ ؟	آپ کا حال کیسا ہے ؟
حَالِيْ بِخَيْرٍ	میں خیریت سے ہوں
اَيْنَ مَدْرَسَتُكَ	تیرا اسکول کہاں ہے ؟
هٰذِهٖ مَدْرَسَتِيْ	یہ میرا اسکول ہے
هٰذِهٖ شَجَرَةٌ	یہ درخت ہے
تِلْكَ شَجَرَتُكَ	وہ تیرا درخت ہے
شَجَرَتُكَ قَصِيْرَةٌ	تیرا درخت چھوٹا ہے
شَجَرَتُهٗ بَعِيْدَةٌ	اس کا درخت دور ہے
شَجَرَتِيْ طَوِيْلَةٌ	میرا درخت لمبا ہے

عربی جملے	اردو ترجمہ
هَلْ هٰذِهٖ غُرْفَتُكَ ؟	کیا یہ تیرا کمرہ ہے ؟
نَعَمْ هٰذِهٖ غُرْفَتِيْ	جی ہاں، یہ میرا کمرہ ہے
غُرْفَتِيْ كَبِيْرَةٌ	میرا کمرہ بڑا ہے
تِلْكَ غُرْفَةُ الْاُسْتَاذِ	وہ استاد صاحب کا کمرہ ہے
هَلْ اَنْتَ اُسْتَاذٌ ؟	کیا تو استاد ہے ؟
لَا اَنَا طَالِبٌ	نہیں، میں طالب علم ہوں
مَا هٰذَا ؟	یہ کیا ہے ؟
هٰذَا قَلَمِيْ	یہ میرا قلم ہے
هَلْ تِلْكَ غُرْفَةٌ	کیا وہ کمرہ ہے ؟
لَا ذٰلِكَ بَيْتٌ	نہیں، وہ گھر ہے
اَنَا طَالِبٌ	میں طالب علم ہوں
هٰذَا كِتَابِيْ	یہ میری کتاب ہے
هُوَ جَارُكَ	وہ تیرا پڑوسی ہے
اَنْتِ تِلْمِيْذَةٌ	تو شاگرد ہے
تِلْكَ دَرَّاجَتُكَ	وہ تیری سائیکل ہے
هِيَ بِنْتِيْ	وہ میری بیٹی ہے
اَنَا مُجْتَهِدَةٌ	میں محنتی ہوں
ذٰلِكَ اُسْتَاذِيْ	وہ میرا استاد ہے
هٰذَا مَنْزِلِيْ	یہ میرا گھر ہے
اَنْتَ صَالِحٌ	تو نیک ہے
هٰذِهٖ سَاعَتُكَ	یہ تیری گھڑی ہے
تِلْكَ مَدْرَسَتُكَ	وہ تیرا مدرسہ ہے
مَا هٰذِهٖ ؟	یہ کیا ہے ؟
هٰذِهٖ صُوْرَةٌ	یہ تصویر ہے
اَلصُّوْرَةُ فَوْقَ الْمَكْتَبِ تَحْتَ الْكِتَابِ	تصویر میز کے اوپر کتاب کے نیچے ہے
مَا هٰذَا ؟	یہ کیا ہے ؟

عربی جملے	اردو ترجمہ
هٰذَا عَلَمُ بَاكِسْتَانَ	یہ پاکستان کا پرچم ہے
اَيْنَ الْعَلَمُ ؟	پرچم کہاں ہے ؟
اَلْعَلَمُ اَمَامَ الْمَدْرَسَةِ	پرچم سکول کے سامنے ہے
هٰذَا الْعَلَمُ عَلَمُ بَاكِسْتَانَ	یہ پرچم پاکستان کا پرچم ہے
مَا دَا تَحْتَكَ ؟	آپ کے نیچے کیا ہے ؟
تَحْتِيْ الْاَرْضُ	میرے نیچے زمین ہے
تَحْتِيْ الْكُرْسِيُّ	میرے نیچے کرسی ہے
مَا دَا فَوْقَكَ ؟	آپ کے اوپر کیا ہے ؟
فَوْقِيْ السَّمَاءُ	میرے اوپر آسمان ہے
فَوْقِيْ السَّقْفُ	میرے اوپر چھت ہے
اَيْنَ اَنَا ؟	میں کہاں ہوں ؟
اَنْتَ تَحْتَ السَّقْفِ	تو چھت کے نیچے ہے
اَلسَّقْفُ فَوْقَكَ	چھت تیرے اوپر ہے
اَيْنَ اَنْتَ ؟	تو کہاں ہے ؟
اَنَا فَوْقَ السَّرِيْرِ	میں چارپائی پر ہوں
اَنَا اَمَامَكَ	میں آپ کے سامنے ہوں
اَيْنَ السَّرِيْرُ	چارپائی کہاں ہے ؟
اَلسَّرِيْرُ فَوْقَ الْاَرْضِ	چارپائی زمین پر ہے
اَلسَّرِيْرُ تَحْتَ السَّقْفِ	چارپائی چھت کے نیچے ہے
اَنَا فَوْقَ السَّقْفِ	میں چھت پر ہوں
اَنْتَ تَحْتَ السَّمَاءِ	تو آسمان کے نیچے ہے
اَلْاَرْضُ تَحْتَ السَّمَاءِ	زمین آسمان کے نیچے ہے
مَنْ هٰذَا ؟	یہ کون ہے ؟
هٰذَا رَجُلٌ	یہ آدمی ہے
اَلرَّجُلُ طَيِّبٌ	آدمی اچھا ہے۔ یا۔ اچھا آدمی
اَلرَّجُلُ فَوْقَ الْكُرْسِيِّ	آدمی کرسی پر ہے۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
اَلْكُرْسِيُّ تَحْتَ الشَّجَرَةِ	کرسی درخت کے نیچے ہے
اَلشَّجَرَةُ عِنْدَ الْبَابِ	درخت دروازے کے پاس ہے
اَلشَّجَرَةُ عِنْدَ الْمَدْرَسَةِ	درخت مدرسہ کے پاس ہے
مَاذَا عِنْدَكَ ؟	تیرے پاس کیا ہے ؟
عِنْدِيْ كِتَابٌ	میرے پاس کتاب ہے
مَاذَا عِنْدَهٗ ؟	اُس (مرد) کے پاس کیا ہے ؟
عِنْدَهٗ سَاعَةٌ	اُس (مرد) کے پاس گھڑی ہے
مَاذَا عِنْدَهَا	اُس (عورت) کے پاس کیا ہے ؟
عِنْدَهَا وَلَدٌ صَغِيْرٌ	اُس (عورت) کے پاس چھوٹا بچہ ہے
عِنْدَ اُسْتَاذِيْ دَرَّاجَةٌ	میرے استاد کے پاس سائیکل ہے
هٰذِهٖ دَرَّاجَةُ الْاُسْتَاذِ	یہ اُستاد کی سائیکل ہے
تِلْكَ صُوْرَةُ الْحَدِيْقَةِ	وہ باغ کی تصویر ہے
عِنْدَ الْبِنْتِ صُوْرَةٌ	لڑکی کے پاس تصویر ہے
هٰذِهٖ صُوْرَةُ الْبِنْتِ	یہ لڑکی کی تصویر ہے
اَلصُّوْرَةُ عِنْدَ النَّافِذَةِ	تصویر کھڑکی کے پاس ہے
هَلْ عِنْدَكَ كِتَابٌ ؟	کیا تیرے پاس کتاب ہے ؟
نَعَمْ عِنْدِيْ كِتَابٌ	جی ہاں، میرے پاس کتاب ہے
اَيْنَ كِتَابُكَ ؟	تیری کتاب کہاں ہے ؟
كِتَابِيْ فَوْقَ مَكْتَبِيْ	میری کتاب میرے ڈیسک پر ہے
هَلْ عِنْدَكَ وَرَقَةٌ ؟	کیا تیرے پاس کاغذ ہے ؟
نَعَمْ عِنْدِيْ وَرَقَةٌ	جی ہاں، میرے پاس کاغذ ہے
اَيْنَ وَرَقَتُكَ ؟	تیرا کاغذ کہاں ہے ؟
وَرَقَتِيْ تَحْتَ كِتَابِيْ	میرا کاغذ میری کتاب کے نیچے ہے
مِنَ الْبَيْتِ اِلَى الْمَسْجِدِ	گھر سے مسجد تک
مِنَ الْحَدِيْقَةِ اِلَى الْمَدْرَسَةِ	باغ سے سکول تک
مِنَ الرِّيَاضِ اِلَى الْمَدِيْنَةِ	ریاض سے مدینہ تک

عربی جملے	اردو ترجمہ
مِنْ لَاهُوْرَ اِلَى اِسْلَامْ اَبَادِ	لاہور سے اسلام آباد تک
عَلَى الشَّجَرَةِ	درخت پر
فِي الْحَدِيْقَةِ	باغ میں
بِالْقَلَمِ	قلم سے
فِي الْكِتَابِ	کتاب میں
فِي بَيْتٍ	گھر میں
مِنْ تُرَابٍ	مٹی سے
عَنِ الْبَيْتِ	گھر سے
مِنْكَ - لَكَ	تجھ سے - تیرے لئے
اِلَيْكَ - بِكَ	تیری طرف - تیرے ساتھ
اَيْنَ الْوَلَدُ ؟	بچہ کہاں ہے ؟
اَلْوَلَدُ فِي الْغُرْفَةِ	بچہ کمرے میں ہے
اَيْنَ الْغُرْفَةُ ؟	کمرہ کہاں ہے ؟
اَلْغُرْفَةُ فِي الْمَنْزِلِ	کمرہ گھر میں ہے
اَيْنَ الْمَنْزِلُ ؟	گھر کہاں ہے ؟
اَلْمَنْزِلُ عِنْدَ الْمَسْجِدِ	گھر مسجد کے پاس ہے
اَيْنَ الْمَسْجِدُ ؟	مسجد کہاں ہے ؟
اَلْمَسْجِدُ عَلَى الطَّرِيْقِ	مسجد راستے پر ہے
مَنْ فِي الْمَسْجِدِ ؟	مسجد میں کون ہے ؟
اَلْاِمَامُ فِي الْمَسْجِدِ	مسجد میں امام ہے
اَيْنَ التِّلْمِيْذُ ؟	شاگرد کہاں ہے ؟
اَلتِّلْمِيْذُ فِي الْمَدْرَسَةِ	شاگرد سکول میں ہے
اَيْنَ الْبِنْتُ ؟	لڑکی کہاں ہے ؟
اَلْبِنْتُ فِي الْمَنْزِلِ	لڑکی گھر میں ہے
هَلِ الْوَلَدُ فِي الْمَدْرَسَةِ	کیا بچہ سکول میں ہے ؟
لَا بَلِ الْوَلَدُ فِي الْمَنْزِلِ	نہیں، بلکہ لڑکا گھر میں ہے

عربی جملے	اردو ترجمہ
أَيْنَ أَنْتَ ؟	تُو کہاں ہے ؟
أَنَا قَرِيبٌ مِنَ الْأُسْتَاذِ	مَیں استاد کے قریب ہوں
أَيْنَ أَنَا ؟	مَیں کہاں ہوں ؟
أَنْتَ قَرِيبٌ مِنَ السَّبُّوْرَةِ	تو تختہ سیاہ سے قریب ہے
أَيْنَ الْبَابُ ؟	دروازہ کہاں ہے
اَلْبَابُ قَرِيبٌ مِنَ الشُّبَّاكِ	دروازہ کھڑکی سے قریب ہے
أَيْنَ النَّافِذَةُ	کھڑکی کہاں ہے ؟
اَلنَّافِذَةُ بَعِيدَةٌ عَنِ السَّبُّوْرَةِ	کھڑکی تختہ سیاہ سے دُور ہے
مَاذَا فِي الْغُرْفَةِ	کمرہ میں کیا ہے ؟
فِي الْغُرْفَةِ سَرِيرٌ عَرِيضٌ	کمرے میں ایک چوڑی چارپائی ہے
مَاذَا فِي السَّقْفِ ؟	چھت میں کیا ہے ؟
فِي السَّقْفِ مِرْوَحَةٌ	چھت میں پنکھا ہے
مَاذَا فِي الْجِدَارِ ؟	دیوار میں کیا ہے ؟
فِي الْجِدَارِ صُوْرَةٌ	دیوار میں تصویر ہے
مَنْ هٰذِهٖ ؟	یہ کون ہے ؟
هٰذِهٖ بِنْتُ الْأُسْتَاذِ	یہ استاد کی بیٹی ہے
هَلْ عِنْدَهَا كِتَابٌ	کیا اُس (عورت) کے پاس کتاب ہے ؟
لَا لَيْسَ عِنْدَهَا كِتَابٌ	نہیں، اس (عورت) کے پاس کتاب نہیں ہے
هَلْ عِنْدَهَا قَلَمٌ	بلکہ اس (عورت) کے پاس قلم ہے
أَيْنَ قَلَمُهَا	اُس (عورت) کا قلم کہاں ہے ؟
قَلَمُهَا فِي يَدِهَا	اُس (عورت) کا قلم اس کے ہاتھ میں ہے
قَلَمُهَا صِنَاعَةٌ بَاكِسْتَانِيَّةٌ	اُس (عورت) کا قلم پاکستان کا بنا ہوا ہے
فِي بَاكِسْتَانَ صِنَاعَةٌ طَيِّبَةٌ	پاکستانی صنعت اچھی ہے
عِنْدَنَا سَاعَةٌ كَبِيرَةٌ	ہمارے پاس بڑی گھڑی ہے
عِنْدَهٗ حَدِيقَةٌ جَمِيلَةٌ	اُس (مرد) کے پاس خوبصورت باغ ہے
عِنْدَهَا وَلَدٌ طَيِّبٌ	اُس (عورت) کے پاس اچھا بچہ ہے

عربی جملے	اردو ترجمہ
عِنْدَكَ غُرْفَةٌ	تیرے پاس کمرہ ہے
عِنْدِي دَرَّاجَةٌ	میرے پاس سائیکل ہے
عِنْدَكِ عُصْفُوْرٌ	تیرے (مؤنث) کے پاس چڑیا ہے
أَنَا تِلْمِيذُكَ	مَیں تیرا شاگرد ہوں
أَنْتَ تِلْمِيذُ مُحَمَّدٍ	تُو محمد کا شاگرد ہے
أَنْتَ تِلْمِيذَةٌ	تو شاگردہ ہے
نَحْنُ تَلَامِيذُ فِي الْمَدْرَسَةِ	ہم سکول کے شاگرد ہیں
كُتُبُنَا فَوْقَ الْمَكْتَبِ	ہماری کتابیں ڈیسک پر ہیں
مَنْ عِنْدَكَ ؟	تیرے پاس کون ہے ؟
عِنْدِي رَجُلٌ كَرِيمٌ	میرے پاس مہربان آدمی ہے
مَنْ هٰذَا الرَّجُلُ ؟	یہ آدمی کون ہے ؟
هٰذَا الرَّجُلُ أُسْتَاذِي	یہ آدمی میرا استاد ہے
مَاذَا عِنْدَ الْأُسْتَاذِ ؟	اُستاد کے پاس کیا ہے ؟
عِنْدَ الْأُسْتَاذِ كُتُبٌ	استاد کے پاس کتابیں ہیں
مَنْ هٰذِهٖ ؟	یہ کون ہے ؟
هٰذِهٖ أُسْتَاذَةُ بِنْتِي	یہ میری بیٹی کی استانی ہے۔
مَا اِسْمُهَا ؟	اس کا نام کیا ہے ؟
اِسْمُهَا عَقِيلَةُ	اس کا نام عقیلہ ہے
هٰذِهٖ أُسْتَاذَةٌ طَيِّبَةٌ	یہ اچھی استانی ہے۔
اَلْأُسْتَاذَةُ عِنْدَهَا مَدْرَسَةٌ كَبِيرَةٌ	استانی کے پاس بڑا مدرسہ ہے
هَلْ عِنْدَكَ عُصْفُوْرٌ ؟	کیا تیرے پاس چڑیا ہے ؟
نَعَمْ عِنْدِي عُصْفُوْرٌ	جی ہاں میرے پاس چڑیا ہے
هٰذَا عُصْفُوْرٌ جَمِيلٌ	یہ خوبصورت چڑیا ہے۔
اَلْعُصْفُوْرُ فِي الْقَفَصِ	چڑیا پنجرے میں ہے۔
اَلْقَفَصُ عَلَى الشَّجَرَةِ	پنجرہ درخت پر ہے۔
اَلْوَلَدُ تَحْتَ الشَّجَرَةِ	بچہ درخت کے نیچے ہے۔

اَلْكُرْسِيُّ عِنْدَ الشَّجَرَةِ — کرسی درخت کے پاس ہے

اَنْتَ فِي بَيْتِنَا تَحْتَ الشَّجَرَةِ عِنْدَ الْعُصْفُوْرِ فَوْقَ الْكُرْسِيِّ اَمَامَ الْبَابِ قُرْبَ النَّافِذَةِ ۔ تو ہمارے گھر میں درخت کے نیچے چڑیا کے پاس کرسی پر دروازے کے سامنے کھڑکی کے پاس ہے ۔

تمرین ۵

سوال : خالی جگہوں کو پُر کریں :۔

جواب : اَلْوَلَدُ فِي الْمَدْرَسَةِ — لڑکا سکول میں ہے

اَلشُّبَّاكُ قَرِيْبٌ مِنَ الْبَابِ — کھڑکی دروازے کے قریب ہے

هٰذِهٖ قَائِمَةُ السَّرِيْرِ — یہ چارپائی کا پایہ ہے ۔

اَللّٰهُ قَرِيْبٌ مِنَ الْمُؤْمِنِ — اللہ مومن کے قریب ہے

صُوْرَةُ الْمَنْزِلِ جَمِيْلَةٌ — گھر کی تصویر اچھی ہے

اَلْقَلَمُ تَحْتَ كِتَابٍ — قلم کتاب کے نیچے ہے

سوال : مندرجہ ذیل کو جملوں میں استعمال کریں :۔

جواب :

عربی لفظ	اردو ترجمہ	عربی جملہ	اردو ترجمہ
مِنْكَ	تجھ سے	اَنَا قَرِيْبٌ مِنْكَ	میں تمہارے قریب
عِنْدَكَ	تیرے پاس	هَلْ عِنْدَكَ قَلَمٌ	کیا تیرے پاس قلم ہے
قَرِيْبٌ	نزدیک	اَلْمَسْجِدُ قَرِيْبٌ	مسجد قریب ہے
طَوِيْلَةٌ	لمبی	هٰذِهٖ بِنْتٌ طَوِيْلَةٌ	یہ لڑکی لمبی ہے
سَمَاءٌ	آسمان	اَلْقَمَرُ فِي السَّمَاءِ	چاند آسمان پر
أَنَا	میں	اَنَا طَالِبٌ	میں طالب علم ہوں
تِلْمِيْذٌ	شاگرد	هُوَ تِلْمِيْذٌ	وہ شاگرد ہے
سَاعَةٌ	گھڑی	تِلْكَ سَاعَةٌ	وہ گھڑی ہے
سَقْفٌ	چھت	فَوْقِي السَّقْفُ	میرے اوپر چھت ہے
اِمْرَأَةٌ	عورت	هٰذِهِ اِمْرَأَةٌ صَالِحَةٌ	یہ نیک عورت ہے
مَا	کیا ؟	مَا ذَالِكَ ؟	وہ کیا ہے ؟
تِلْكَ	وہ	تِلْكَ صُوْرَةٌ	وہ تصویر ہے
مَنْ	کون	مَنْ اَنَا ؟	میں کون ہوں

سوال : مندرجہ ذیل الفاظ کو اس طرح ترتیب دیجئے کہ جملے بن جائیں ۔

جواب :

هٰذِهٖ غُرْفَةُ الْاُسْتَاذِ	یہ استاد صاحب کا کمرہ ہے ۔
تَحْتَ السَّقْفِ مِرْوَحَةٌ	چھت کے نیچے پنکھا ہے ۔
تِلْكَ بِنْتُ الْاُسْتَاذِ	وہ استاد صاحب کی بیٹی ہے ۔
اَلْمَدْرَسَةُ قَرِيْبَةٌ مِنَ التِّلْمِيْذِ	سکول طالب علم کے نزدیک ہے ۔
تَحْتِي سَرِيْرٌ	میرے نیچے ایک چارپائی ہے ۔
عِنْدَهٗ سَاعَةٌ	اس کے پاس ایک گھڑی ہے ۔

سوال : مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات عربی میں دیں :۔

جواب :

س : هَلْ هُوَ فَوْقَ الْمَنْزِلِ ؟	کیا وہ گھر کے اوپر ہے ؟
ج : نَعَمْ هُوَ فَوْقَ الْمَنْزِلِ	جی ہاں ، وہ گھر کے اوپر ہے ۔
س : هَلْ هِيَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ ؟	کیا وہ درخت کے نیچے ہے ؟
ج : لَا بَلْ هِيَ عِنْدَ الشَّجَرَةِ	نہیں بلکہ وہ درخت کے پاس ہے ۔
س : مَا ذَا عِنْدَكَ ؟	تیرے پاس کیا ہے ؟
ج : عِنْدِي كِتَابٌ	میرے پاس کتاب ہے
س : اَيْنَ كِتَابُكَ	تیری کتاب کہاں ہے ؟
ج : كِتَابِي فَوْقَ الْمَكْتَبِ	میری کتاب ڈیسک پر ہے ۔

سوال : حروف الجر کسے کہتے ہیں اور کون کون سے ہوتے ہیں ؟

جواب : حروفِ جر : ایسے حروف جو اسم پر داخل ہو کر اُسے جر یعنی زیر دیتے ہیں ۔ ایسے اسم کو مجرور کہتے ہیں ۔ مثلاً مِنَ الْبَصْرَةِ اِلَى الْكُوْفَةِ (بصرہ سے کوفہ تک) اس مثال میں البصرۃ اور الکوفۃ مجرور ہیں ۔ اور مِنْ اور اِلَى حروفِ جارہ ہیں ۔ ان حروفِ جارہ نے البصرۃ اور الکوفۃ کو مجرور کر دیا تھا یعنی ان کے آخر میں زیر کی تبدیلی آگئی تھی ۔ حروفِ جارہ ۱۷ ہیں ۔ ایک شاعر نے بڑے احسن طریقے سے ایک شعر میں ان کو جمع کر دیا ہے ؎

بَاءٌ وَتَاءٌ وَكَافٌ وَلَامٌ وَوَا ، وَمُنْذُ ، خَلَا
رُبَّ ، حَاشَا ، مِنْ ، عَدَا ، فِي ، عَنْ ، عَلَى ، حَتَّى ، اِلَى

عزیز طلاب ! اس سبق میں ضمائر کا بھی استعمال ہوا ہے جبکہ ہم نے گذشتہ تمرین میں تفصیل سے وضاحت کر دی ہے ۔ آپ کی تھوڑی سی محنت اور عربی کے ساتھ دلچسپی اور لگن سے

آپ کے اندر عربی زبان کی صلاحیت پیدا کر دے گی۔ اللہ کرے ایسا ہی ہو۔

اَلدَّرْسُ السَّادِسُ ـــــ چھٹا سبق

واحد	معانی	جمع	معانی
مُسْلِمٌ	فرمانبردار	مُسْلِمُوْنَ	بہت سے فرمانبردار
عَاقِلٌ	سمجھ دار	عَاقِلُوْنَ	بہت سے سمجھدار
كَافِرٌ	انکار کرنے والے	كَافِرُوْنَ	بہت سے انکار کرنے والے
جَاهِلٌ	اَن پڑھ	جَاهِلُوْنَ	بہت سے اَن پڑھ
كَاتِبٌ	لکھنے والے	كَاتِبُوْنَ	بہت سے لکھنے والے
تِلْمِيْذٌ	شاگرد	تَلَامِذَةٌ	بہت سے شاگرد
قَلَمٌ	قلم	اَقْلَامٌ	بہت سے قلم
نَافِذَةٌ	کھڑکی	نَوَافِذُ	بہت سی کھڑکیاں
طَالِبٌ	چاہنے والے	طُلَّابٌ	بہت سے چاہنے والے
كِتَابٌ	کتاب	كُتُبٌ	بہت سی کتابیں
مَنْزِلٌ	گھر	مَنَازِلُ	بہت سے گھر
طِفْلٌ	بچہ	اَطْفَالٌ	بہت سے بچے
مَكْتَبٌ	دفتر	مَكَاتِبُ	بہت سے دفتر
غُرْفَةٌ	کمرہ	غُرَفٌ	بہت سے کمرے
وَلَدٌ	بچہ	اَوْلَادٌ	بہت سے بچے
صُوْرَةٌ	تصویر	صُوَرٌ	بہت سی تصویریں
بَيْتٌ	گھر	بُيُوْتٌ	بہت سے گھر
اُسْتَاذٌ	استاد	اَسَاتِذَةٌ	بہت سے استاد
بَابٌ	دروازہ	اَبْوَابٌ	بہت سے دروازے
طَوِيْلٌ	لمبا	طِوَالٌ	بہت سے لمبے
رَجُلٌ	آدمی	رِجَالٌ	بہت سے آدمی

واحد	معانی	جمع	معانی
عَلَمٌ	جھنڈا	اَعْلَامٌ	بہت سے جھنڈے
صَغِيْرٌ	چھوٹا	صِغَارٌ	بہت سے چھوٹے
صَدِيْقٌ	دوست	اَصْدِقَاءُ	بہت سے دوست
حَسَنٌ	خوبصورت	حِسَانٌ	بہت سے خوبصورت
كَبِيْرٌ	بڑا	كِبَارٌ	بہت سے بڑے
كُرْسِيٌّ	کرسی	كَرَاسِيُّ	بہت سی کرسیاں
طَرِيْقٌ	راستہ	طُرُقٌ	بہت سے راستے
صَغِيْرٌ	چھوٹا	صِغَارٌ	بہت سے چھوٹے
سَقْفٌ	چھت	سُقُوْفٌ	بہت سے چھت
شَجَرٌ	درخت	اَشْجَارٌ	بہت درخت
اِسْمٌ	نام	اَسْمَاءٌ	بہت نام
مِرْوَحَةٌ	پنکھا	مَرَاوِحُ	بہت سے پنکھے
حَدِيْقَةٌ	باغ	حَدَائِقُ	بہت سے باغ
شَيْءٌ	چیز	اَشْيَاءُ	بہت سی چیزیں
سَرِيْرٌ	چارپائی	سُرُرٌ	چارپائیاں
بُسْتَانٌ	باغ	بَسَاتِيْنُ	باغات
وَرَقٌ	کاغذ	اَوْرَاقٌ	کاغذات
شُبَّاكٌ	کھڑکی	شَبَابِيْكُ	کھڑکیاں
عَرِيْضٌ	چوڑا	عِرَاضٌ	چوڑے
جِدَارٌ	دیوار	جُدُرٌ	بہت سی دیواریں
خَرِيْطَةٌ	نقشہ	خَرَائِطُ	نقشے
فَاكِهَةٌ	پھل	فَوَاكِهُ	بہت سے پھل
مَدْرَسَةٌ	سکول	مَدَارِسُ	بہت سے سکول
هٰذَا	یہ مذکر	هٰؤُلَاءِ	یہ سب مذکر
هٰذِهٖ	یہ مؤنث	هٰؤُلَاءِ	یہ سب مؤنث
ذٰلِكَ	وہ مذکر	اُولٰئِكَ	وہ سب مذکر

واحد	معانی	جمع	معانی
تِلْكَ	وہ مؤنث	اُولٰئِكَ	وہ سب مؤنث

عربی جملے	اردو ترجمہ
اَوْلَادٌ صِغَارٌ	چھوٹے بچے
اَشْجَارٌ طِوَالٌ	لمبے درخت
مَنَازِلُ كِبَارٌ	بڑے گھر
اَطْفَالٌ حِسَانٌ	خوبصورت بچے
رِجَالٌ قِصَارٌ	چھوٹے آدمی
طُرُقٌ عِرَاضٌ	چوڑے راستے
بَسَاتِيْنُ كِبَارٌ	بڑے باغیچے
اَقْلَامٌ جُدُدٌ	نئے قلم
سُرُرٌ صِغَارٌ	چھوٹی چارپائیاں
نَوَافِذُ عِرَاضٌ	چوڑی کھڑکیاں
اَشْيَاءُ كِبَارٌ	بڑی چیزیں
جُدُرٌ طِوَالٌ	لمبی دیواریں
مَرَاوِحُ صِغَارٌ	چھوٹے پنکھے
خَرَائِطُ كِبَارٌ	بڑے نقشے
صُوَرٌ حِسَانٌ	خوبصورت تصویر
كَرَاسِيُّ جُدُدٌ	نئی کرسیاں
اَسْمَاءٌ حِسَانٌ	خوبصورت نام
غُرَفٌ صِغَارٌ	چھوٹے کمرے
كُتُبٌ مُفِيْدَةٌ	کارآمد کتابیں
اَشْجَارٌ طَوِيْلَةٌ	لمبے درخت
مَنَازِلُ كَبِيْرَةٌ	بڑے گھر
صُوَرٌ حَسَنَةٌ	خوبصورت تصویریں یا اچھی تصویریں
حَدَائِقُ جَمِيْلَةٌ	خوبصورت باغات

عربی جملے	اردو ترجمہ
طُرُقٌ عَرِيْضَةٌ	چوڑے راستے
بَسَاتِيْنُ كَبِيْرَةٌ	بڑے باغیچے
اَقْلَامٌ جَدِيْدَةٌ	نئے قلم
سُرُرٌ صَغِيْرَةٌ	چھوٹی چارپائیاں
نَوَافِذُ عَرِيْضَةٌ	چوڑی کھڑکیاں
اَشْيَاءُ كَبِيْرَةٌ	بڑی چیزیں
جُدُرٌ طَوِيْلَةٌ	لمبی دیواریں
مَرَاوِحُ صَغِيْرَةٌ	چھوٹے پنکھے
خَرَائِطُ كَبِيْرَةٌ	بڑے نقشے
صُوَرٌ حَسَنَةٌ	اچھی تصویریں
كَرَاسِيُّ جَدِيْدَةٌ	نئی کرسیاں
اَسْمَاءٌ حَسَنَةٌ	اچھے نام
غُرَفٌ صَغِيْرَةٌ	چھوٹے کمرے
اَلْكُتُبُ مُفِيْدَةٌ	کتابیں سودمند ہیں
اَلْاَشْجَارُ طَوِيْلَةٌ	درخت لمبے ہیں
اَلْمَرَاوِحُ جَدِيْدَةٌ	پنکھے نئے ہیں
اَلْمَدَارِسُ وَاسِعَةٌ	سکول کشادہ ہیں
اَلسُّقُوْفُ جَمِيْلَةٌ	چھت خوبصورت ہیں
اَلصُّوَرُ كَثِيْرَةٌ	تصویریں زیادہ ہیں
اَلطُّرُقُ عِرَاضٌ	راستے چوڑے ہیں
اَلصُّوَرُ جَمِيْلَةٌ	تصویریں خوبصورت ہیں
اَلْاَطْفَالُ صِغَارٌ	بچے چھوٹے ہیں
اَلْاَسَاتِذَةُ كِبَارٌ	اساتذہ بڑے ہیں
اَلنَّوَافِذُ عِرَاضٌ	کھڑکیاں چوڑی ہیں
اَلْغُرَفُ ضَيِّقَةٌ	کمرے تنگ ہیں
اَلْفَوَاكِهُ رَخِيْصَةٌ	پھل سستے ہیں۔

عربی جملے	اردو جملے
اَلْخَرَائِطُ مُفِيْدَةٌ	نقشے کارآمد ہیں
اَلنَّوَافِذُ كِبَارٌ	کھڑکیاں بڑی ہیں
اَلْكَرَاسِيُّ قَدِيْمَةٌ	کرسیاں پرانی ہیں
اَلْجُدُرُ طِوَالٌ	دیواریں لمبی ہیں
اَلْمَرَاوِحُ جُدُدٌ	پنکھے نئے ہیں
اَلْمَنَازِلُ صِغَارٌ	گھر چھوٹے ہیں
اَلْاَطْفَالُ حِسَانٌ	بچے خوبصورت ہیں
اَلسُّرُرُ قِصَارٌ	چارپائیاں چھوٹی ہیں
مَاذَا عِنْدَكَ ؟	تیرے پاس کیا ہے ؟
عِنْدِيْ كُتُبٌ	میرے پاس کتابیں ہیں
هَلْ هٰذِهٖ كُتُبٌ مُفِيْدَةٌ ؟	کیا یہ کتابیں مفید ہیں ؟
نَعَمْ هٰذِهٖ كُتُبٌ مُفِيْدَةٌ	جی ہاں ! یہ کتابیں مفید ہیں
هَلْ هٰذِهٖ كُتُبُكَ ؟	کیا یہ تیری کتابیں ہیں ؟
نَعَمْ هٰذِهٖ كُتُبِيْ	جی ہاں ! یہ میری کتابیں ہیں
هٰذِهٖ صُوَرِيْ	یہ میری تصویریں ہیں
تِلْكَ صُوَرُهَا	وہ اس (مؤنث) کی تصویریں ہیں
هُنَاكَ صُوَرٌ كَثِيْرَةٌ	یہاں بہت سی تصویریں ہیں
مَا اَسْمَاءُ الطُّلَّابِ	طالب علموں کے نام کیا ہیں ؟
اَسْمَاءُ الطُّلَّابِ اَحْمَدُ وَمَحْمُوْدٌ وَسَعِيْدٌ	طالب علموں کے نام احمد، محمود اور سعید
اَلطُّلَّابُ فِي الْمَدْرَسَةِ	طالب علم سکول میں ہیں
هٰذِهٖ اَسْمَاءُ الطُّلَّابِ	یہ طالب علموں کے نام ہیں
هٰذَا اَشْيَاءُ الطُّلَّابِ	یہ طالب علموں کی چیزیں ہیں
هٰذِهٖ خَرَائِطُ وَاَقْلَامٌ وَكُتُبٌ	یہ نقشے، قلم اور کتابیں ہیں
هٰذَا مَنْزِلٌ وَاسِعٌ	یہ کشادہ گھر ہے
تِلْكَ مَنَازِلُ وَاسِعَةٌ	وہ کشادہ گھر ہیں
هٰذِهٖ مَنَازِلُ جَمِيْلَةٌ	یہ خوبصورت گھر ہیں۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
تِلْكَ نَوَافِذُ الْمَدْرَسَةِ	وہ سکول کی کھڑکیاں ہیں
نَوَافِذُ الْمَدْرَسَةِ وَاسِعَةٌ	سکول کی کھڑکیاں کھلی ہیں
تِلْكَ اَعْلَامُ الْمَدَارِسِ	وہ سکول کے پرچم ہیں
اَلْاَعْلَامُ فَوْقَ الْمَدَارِسِ	پرچم سکولوں پر ہیں
اَعْلَامُنَا فَوْقَ مَدَارِسِنَا	ہمارے پرچم ہمارے سکولوں پر ہیں۔
اَوْلَادِيْ فِي الْمَدْرَسَةِ	میرے بچے سکول میں ہیں۔
اَلْاَوْلَادُ فِي الْمَدَارِسِ	بچے سکولوں میں ہیں۔
اَوْلَادُهٗ فِي الْمَنْزِلِ	اس کے بچے گھر میں ہیں۔
اَشْجَارُ بَيْتِنَا قَصِيْرَةٌ	ہمارے گھر کے درخت چھوٹے ہیں۔
اَلْاَشْجَارُ الْقَصِيْرَةُ فِيْ بَيْتِنَا	چھوٹے درخت ہمارے گھر میں ہیں۔
اَلرِّجَالُ فِي الْغُرَفِ	آدمی کمروں میں ہیں۔
اَلْغُرَفُ كَثِيْرَةٌ وَوَاسِعَةٌ	کمرے زیادہ اور کھلے ہیں۔
هٰذِهٖ مَرَاوِحُ جَدِيْدَةٌ	یہ نئے پنکھے ہیں۔
اَلْمَرَاوِحُ تَحْتَ السَّقْفِ	پنکھے چھت کے نیچے ہیں۔
مَرَاوِحُ السَّقْفِ جَمِيْلَةٌ	چھت کے پنکھے خوبصورت ہیں۔
عِنْدِيْ كُتُبُكَ	تیری کتابیں میرے پاس ہیں
مَا هٰذِهٖ ؟	یہ کیا ہے ؟
هٰذِهٖ خَرِيْطَةٌ	یہ نقشہ ہے
هٰذِهٖ خَرِيْطَةُ بَاكِسْتَانَ	یہ پاکستان کا جھنڈا ہے
تِلْكَ خَرِيْطَةُ السُّعُوْدِيَّةِ	وہ سعودی عرب کا نقشہ ہے۔
اَلْخَرَائِطُ مُفِيْدَةٌ	نقشے کارآمد ہیں
تِلْكَ اَبْوَابٌ وَاسِعَةٌ	وہ کشادہ دروازے ہیں۔
اَلرِّجَالُ الطِّوَالُ عِنْدَ الْاَبْوَابِ	لمبے آدمی دروازوں کے پاس ہیں۔
هٰذَا مَكْتَبِيْ	یہ میرا دفتر ہے
فَوْقَ الْمَكْتَبِ اَقْلَامٌ كَثِيْرَةٌ	ڈیسک پر بہت زیادہ قلم ہیں۔
اَلْاَقْلَامُ جَدِيْدَةٌ	قلم نئے ہیں

عربی جملے	اردو ترجمہ
اَلْكَاتِبُ جَدِيْدَةٌ	ڈیسک نئے ہیں۔
اَلْكُتُبُ ثَمِيْنَةٌ	کتابیں قیمتی ہیں
اَلْكَرَاسِيُّ تَحْتَ الْاَشْجَارِ	کرسیاں درختوں کے نیچے ہیں۔
اَلْاَشْجَارُ فِي الْحَدِيْقَةِ	درخت باغ میں ہیں
اَلْاَشْجَارُ طَوِيْلَةٌ	درخت لمبے ہیں
هَلْ عِنْدَهَا وَلَدٌ ؟	کیا اُس (عورت) کے پاس بچہ ہے ؟
نَعَمْ عِنْدَهَا وَلَدٌ۔ بَلْ اَوْلَادٌ	جی ہاں اس (عورت) کے پاس بچہ ہے بلکہ بچے ہیں۔
اَوْلَادُهَا كِبَارٌ	اس (عورت) کے بچے بڑے ہیں۔
اَوْلَادُكَ صِغَارٌ	تیرے بچے چھوٹے ہیں۔
حَدَائِقُ بَاكِسْتَانَ جَمِيْلَةٌ	پاکستان کے باغات خوبصورت ہیں۔
وَاَشْجَارُهَا كَثِيْرَةٌ	اور اس کے کافی درخت ہیں۔
تَحْتَ الْاَشْجَارِ كَرَاسِيُّ	درختوں کے نیچے کرسیاں ہیں۔
فَوْقَ الْكَرَاسِيِّ رِجَالٌ	کرسیوں پر آدمی ہیں۔
اَمَامَ الرِّجَالِ فَوَاكِهُ	آدمیوں کے سامنے پھل ہیں۔
اَلْفَوَاكِهُ لَذِيْذَةٌ وَمُفِيْدَةٌ	پھل مزیدار اور مفید ہیں۔
مَا هٰذِهٖ ؟	یہ کیا ہے ؟
هٰذِهٖ سُرُرٌ جَدِيْدَةٌ	یہ نئی چارپائیاں ہیں۔
اَيْنَ سُرُرُ الْاَوْلَادِ	بچوں کی چارپائیاں کہاں ہیں ؟
سُرُرُ الْاَوْلَادِ فِيْ غُرَفِ الْاَوْلَادِ	بچوں کی چارپائیاں بچوں کے کمروں میں ہیں۔
هَلْ عِنْدَكَ غُرْفَةٌ ؟	کیا تیرے پاس کمرہ ہے ؟
نَعَمْ عِنْدِيْ غُرْفَةٌ۔ بَلْ غُرَفٌ كَثِيْرَةٌ	جی ہاں میرے پاس کمرہ ہے بلکہ بہت زیادہ کمرے ہیں
هٰذَا الرَّجُلُ	یہ آدمی ہے
هٰؤُلَاءِ الرِّجَالُ	یہ سب آدمی ہیں
هٰذِهِ الْمَرْأَةُ	یہ عورت ہے
هٰؤُلَاءِ النِّسَاءُ	یہ عورتیں ہیں
ذَاكَ الْكِتَابُ	وہ کتاب ہے

عربی جملے	اردو ترجمہ
اُولٰئِكَ الْكُتُبُ	وہ کتابیں ہیں
تِلْكَ الْبِنْتُ	وہ لڑکی ہے
اُولٰئِكَ الْبَنَاتُ	وہ لڑکیاں ہیں
هٰذِهِ الْاَشْجَارُ	یہ بہت سے درخت ہیں
تِلْكَ الْاَوْلَادُ	وہ بہت سے بچے ہیں
هٰذِهِ الْبَنَاتُ	یہ سب بیٹیاں ہیں
تِلْكَ الطُّلَّابُ	وہ بہت سے طالب علم ہیں
هٰذِهِ الْبُيُوْتُ	یہ بہت سے گھر ہیں
تِلْكَ الْفَوَاكِهُ	وہ بہت سے پھل ہیں۔
هٰذِهِ الْاَطْفَالُ	یہ بہت سے بچے ہیں۔
تِلْكَ الطُّرُقُ	وہ راستے ہیں
هٰذِهِ الْاَقْلَامُ	یہ بہت سے قلم ہیں
تِلْكَ الْخَرَائِطُ	وہ بہت سے نقشے ہیں
هٰذِهِ الْمَكَاتِبُ	یہ بہت سے ڈیسک ہیں
تِلْكَ الْكُتُبُ	وہ کتابیں ہیں
هٰذِهِ الْكَرَاسِيُّ	یہ کرسیاں ہیں
تِلْكَ الرِّجَالُ	وہ بہت سے آدمی ہیں
هٰذِهِ النَّوَافِذُ	یہ کھڑکیاں ہیں
تِلْكَ الْجُدُرُ	وہ دیواریں ہیں
هٰذِهِ السُّرُرُ	یہ چارپائیاں ہیں
تِلْكَ الصُّوَرُ	وہ تصویریں ہیں
هٰذِهِ الْمَدَارِسُ	یہ بہت سے سکول ہیں
تِلْكَ الْمَنَازِلُ	وہ بہت سے گھر ہیں
هٰذِهِ الْاَوْرَاقُ	یہ بہت سے کاغذ ہیں
هٰذِهِ اَشْجَارٌ	یہ درخت ہیں
هٰذِهِ اَشْجَارٌ طَوِيْلَةٌ	یہ درخت لمبے ہیں۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
تِلْكَ أَشْجَارٌ طِوَالٌ	وہ لمبے درخت ہیں۔
هٰذِهٖ مِرْوَحَةٌ	یہ پنکھا ہے۔
هٰذِهٖ مَرَاوِحُ جَدِيْدَةٌ	یہ نئے پنکھے ہیں۔
تِلْكَ مَرَاوِحُ جُدُدٌ	وہ نئے پنکھے ہیں۔
هٰذِهِ الْأَشْجَارُ طَوِيْلَةٌ	یہ درخت لمبے ہیں
تِلْكَ الْأَشْجَارُ طَوِيْلَةٌ	وہ درخت لمبے ہیں
تِلْكَ الْأَشْجَارُ طِوَالٌ	وہ درخت لمبے ہیں
هٰذِهِ الْمَرَاوِحُ جَدِيْدَةٌ	یہ نئے پنکھے ہیں
تِلْكَ الْمَرَاوِحُ جَدِيْدَةٌ	وہ نئے پنکھے ہیں
تِلْكَ الْمَرَاوِحُ جُدُدٌ	وہ نئے پنکھے ہیں
هٰذِهٖ نَوَافِذُ	یہ کھڑکیاں ہیں
هٰؤُلَاءِ تَلَامِيْذُ	یہ بہت سے شاگرد ہیں
اَلتَّلَامِيْذُ صِغَارٌ	شاگرد چھوٹے ہیں
هٰذَا الْكِتَابُ	یہ کتاب ہے
هٰذِهٖ كُتُبٌ	یہ کتابیں ہیں
اَلْكُتُبُ مُفِيْدَةٌ	کتابیں کارآمد ہیں
هٰذَا قَلَمٌ	یہ قلم ہے
اَلْكُتُبُ جُدُدٌ	کتابیں نئی ہیں
هُوَ رَجُلٌ	وہ مرد ہے
هٰؤُلَاءِ أَوْلَادٌ	یہ بچے ہیں
هٰذِهٖ أَقْلَامٌ	یہ بہت سے قلم ہیں
نَحْنُ رِجَالٌ	یہ مرد ہیں
هٰذِهِ النَّوَافِذُ صَغِيْرَةٌ	یہ کھڑکیاں چھوٹی ہیں
تِلْكَ النَّوَافِذُ صَغِيْرَةٌ	وہ کھڑکیاں چھوٹی ہیں
تِلْكَ النَّوَافِذُ صِغَارٌ	وہ کھڑکیاں چھوٹی ہیں
هٰؤُلَاءِ التَّلَامِيْذُ صِغَارٌ	یہ شاگرد چھوٹے ہیں

عربی جملے	اردو ترجمہ
أُولٰئِكَ التَّلَامِيْذُ كِبَارٌ	وہ شاگرد بڑے ہیں
هٰؤُلَاءِ الْكُتُبُ مُفِيْدَةٌ	یہ سب کتابیں مفید ہیں
أُولٰئِكَ الرِّجَالُ عُلَمَاءُ	وہ سب آدمی عالم ہیں۔
تِلْكَ الرِّجَالُ قِصَارٌ	وہ سب آدمی چھوٹے ہیں
أُولٰئِكَ الْأَشْيَاءُ جَمِيْلَةٌ	وہ سب چیزیں خوبصورت ہیں
هٰذِهٖ نَوَافِذُ صَغِيْرَةٌ	یہ چھوٹی کھڑکیاں ہیں
تِلْكَ نَوَافِذُ صِغَارٌ	وہ چھوٹی کھڑکیاں ہیں
هٰؤُلَاءِ تَلَامِيْذُ صِغَارٌ	یہ چھوٹے شاگرد ہیں
هٰؤُلَاءِ أَشْيَاءُ كَبِيْرَةٌ	یہ بڑی چیزیں ہیں
تِلْكَ أَقْلَامٌ جُدُدٌ	وہ نئے قلم ہیں
هٰؤُلَاءِ رِجَالٌ كِبَارٌ	یہ بڑے آدمی ہیں
هٰذِهٖ أَقْلَامٌ جَدِيْدَةٌ	یہ نئے قلم ہیں
هٰؤُلَاءِ كُتُبٌ جَدِيْدَةٌ	یہ سب نئی کتابیں ہیں
تِلْكَ غُرَفٌ وَاسِعَةٌ	وہ کھلے کمرے ہیں
تِلْكَ كُتُبُ الْأُسْتَاذَةِ	وہ استانی کی کتابیں ہیں
هٰؤُلَاءِ أَوْلَادُ الْأُسْتَاذَةِ	یہ اُستانی کے بچے ہیں
هٰذِهِ الْأَوْلَادُ أَوْلَادُهَا	یہ بچے اُس (عورت) کے بچے ہیں
تِلْكَ أَقْلَامُ الْأُسْتَاذِ	وہ استاد کے قلم ہیں
هٰؤُلَاءِ طُلَّابُ الْأُسْتَاذِ	یہ استاد کے شاگرد ہیں
هٰؤُلَاءِ الطُّلَّابُ طُلَّابُهٗ	یہ طلبا (اُس مرد) کے طلباء ہیں
نَحْنُ طُلَّابُ الْمَدَارِسِ	ہم سکول کے طلباء ہیں
هٰؤُلَاءِ رِجَالُ الْوَطَنِ	یہ وطن کے آدمی ہیں
اَلْكُتُبُ فَوْقَ الْمَكَاتِبِ	کتابیں ڈیسکوں پر ہیں

تمرین ۶

سوال: مندرجہ سوالات کے عربی میں جوابات دیں:۔

س: مَا هٰذِهِ الْأَشْيَاءُ — یہ چیزیں کیا ہیں؟

ج ـــ هٰذِهِ الْأَشْيَاءُ أَقْلَامٌ، كُتُبٌ وَمَكَاتِبُ — یہ چیزیں قلم، کتابیں اور ڈیسک ہیں۔

س ـــ مَا ذَا فِي الْمَنْزِلِ ؟ — گھر میں کیا ہے ؟

ج ـــ فِي الْمَنْزِلِ كَرَاسِيُّ وَسُرُرٌ — گھر میں کرسیاں اور چارپائیاں ہیں

س ـــ أَيْنَ الْأَسَاتِذَةُ ؟ — اُستاد صاحبان کہاں ہیں ؟

ج ـــ اَلْأَسَاتِذَةُ فِي الْمَدَارِسِ — استاد صاحبان سکولوں میں ہیں

س ـــ هَلْ هٰذِهِ أَعْلَامٌ ؟ — کیا یہ جھنڈے ہیں ؟

ج ـــ نَعَمْ هٰذِهِ أَعْلَامٌ — جی ہاں، یہ جھنڈے ہیں

س ـــ هَلْ تِلْكَ أَوْرَاقٌ ؟ — کیا وہ کاغذ ہیں ؟

ج ـــ لَا ـ بَلْ تِلْكَ كُتُبٌ — نہیں بلکہ وہ کتابیں ہیں

س ـــ مَا ذَا عِنْدَ الْبِنْتِ ؟ — لڑکی کے پاس کیا ہے ؟

ج ـــ عِنْدَ الْبِنْتِ كُتُبٌ — لڑکی کے پاس کتابیں ہیں۔

سوال:۔ مندرجہ ذیل جملوں کو اس طرح ترتیب دیں کہ جملے بن جائیں :۔

جواب: خَرِيطَةُ السُّعُودِيَّةِ فَوْقَ الْجِدَارِ — سعودی عرب کا نقشہ دیوار پر ہے

كُتُبُ التَّلَامِذَةِ جَدِيدَةٌ — طالب علموں کی کتابیں نئی ہیں۔

تِلْكَ مَنَازِلُ طِوَالٌ — وہ لمبے مکانات ہیں

هٰذِهِ أَسْمَاءُ الطُّلَّابِ — یہ طالب علموں کے نام ہیں

حَدَائِقُ الْمَدْرَسَةِ جَمِيلَةٌ — سکول کے باغات خوبصورت ہیں

أَوْلَادِي عِنْدَ الْمَرْأَةِ — میرے بچے عورت کے پاس ہیں

سوال: مندرجہ ذیل جملوں کو پڑھنے کے بعد ان کا ترجمہ کریں اور اس کے بعد جملوں کی صو
میں اسموں کی جمع بیان کریں :۔

جواب :۱۔ هٰذِهِ شَجَرَةٌ طَوِيلَةٌ — یہ ایک لمبا درخت ہے

ج: هٰذِهِ أَشْجَارٌ طَوِيلَةٌ — یہ لمبے درخت ہیں

۲۔ ذٰلِكَ الْوَلَدُ فِي الْمَدْرَسَةِ — وہ لڑکا سکول میں ہے

ج: أُولٰئِكَ الْأَوْلَادُ فِي الْمَدْرَسَةِ — وہ لڑکے سکول میں ہیں

۳۔ اَلرَّجُلُ الْقَصِيرُ عِنْدَ السَّبُّورَةِ — چھوٹے قد کا آدمی تختہ سیاہ کے پاس ہے

ج: اَلرِّجَالُ الْقِصَارُ عِنْدَ السَّبُّورَةِ — چھوٹے قد کے لوگ تختہ سیاہ کے پاس ہیں

سوال: مندرجہ ذیل الفاظ کو جمع بنائیں :۔

واحد	ترجمہ	جمع	ترجمہ
سَرِيرٌ	چارپائی	سُرُرٌ	چارپائیاں
اِسْمٌ	نام	أَسْمَاءٌ	بہت سے نام
رَجُلٌ	آدمی	رِجَالٌ	بہت سے آدمی
تِلْمِيذٌ	شاگرد	تَلَامِيذُ۔ تَلَامِذَةٌ	بہت سے شاگرد
غُرْفَةٌ	کمرہ	غُرَفٌ	بہت سے کمرے

سوال: خالی جگہوں کو ایسے الفاظ سے پُر کیجئے۔ جو جمع مکسر ہوں :۔

جواب: هٰذِهِ مَنَازِلُ عَالِيَةٌ — یہ اونچے مکانات ہیں

هَلْ عِنْدَكَ كُتُبٌ ؟ — کیا تمہارے پاس کتابیں ہیں ؟

مَنْ أُولٰئِكَ الرِّجَالُ ؟ — وہ آدمی کون ہیں

اَلتَّلَامِيذُ فِي الْمَدَارِسِ — طلباء سکولوں میں ہیں

اَلْأَشْجَارُ فِي الْحَدِيقَةِ — درخت باغوں میں ہیں

اَلْأَقْلَامُ جَدِيدَةٌ — قلم نئے ہیں۔

سوال: مناسب الفاظ سے خالی جگہوں کو پُر کیجئے :۔

جواب: تِلْكَ الْأَشْجَارُ طَوِيلَةٌ — وہ لمبے درخت ہیں

أُولٰئِكَ رِجَالٌ طِوَالٌ — وہ لمبے آدمی ہیں

هٰذِهِ الْأَوْرَاقُ جَدِيدَةٌ — یہ کاغذ نئے ہیں

فَوْقَ الْمَكْتَبِ كُتُبٌ كَثِيرَةٌ — ڈیسک پر بہت سی کتابیں ہیں۔

اَلْغُرَفُ كَثِيرَةٌ وَاسِعَةٌ — کمرے کشادہ اور وسیع ہیں

سوال: جملہ اسمیہ اور جملہ خبریہ کی تعریفات لکھتے ہوئے مثالوں سے واضح کریں (نصابی سوال)

جواب: جملہ اسمیہ: جملہ اسمیہ کا پہلا جز اسم ہوتا ہے اسے مُسند الیہ اور مبتدا کہتے ہیں جملہ اسمیہ کا دوسرا جز مُسند اور خبر کہلاتا ہے۔ مثلاً۔ اَلرَّجُلُ مُجَاهِدٌ (آدمی مجاہد ہے) اس میں اَلرَّجُلُ مبتدا اور مجاہد خبر ہے۔

۱۔ مبتدا عموماً معرفہ ہوتا ہے اور خبر نکرہ (۲) مبتدا اور خبر دونوں مرفوع ہوتے ہیں۔ یعنی ان پر پیش آتی ہے (۳) مبتدا کے مذکر ہونے کی صورت میں خبر بھی مذکر ہوگی جیسے بَكْرٌ عَالِمٌ (۴) مبتدا کے مؤنث ہونے کی صورت میں خبر بھی مؤنث ہوگی۔ جیسے عَائِشَةُ عَالِمَةٌ۔

(۵- مبتدا واحد ہو تو خبر بھی واحد ہو گی (۶) مبتدا جمع ہو تو خبر بھی جمع ہو گی (۷) مبتدا جمع مکسر ہو تو خبر واحد مؤنث بھی ہو سکتی ہے۔ جیسے اَلْاَشْجَارُ طَوِیْلَۃٌ۔

جملہ خبریہ :- جس جملہ میں کسی بات کی خبر دی گئی ہو اسے جملہ خبریہ کہتے ہیں۔ جملہ خبریہ جملہ اسمیہ بھی ہوتا ہے۔ جیسے یَطْلُعُ الشَّمْسُ (سورج طلوع ہوتا ہے)۔

سوال: مفرد، تثنیہ اور جمع کی تعریفات و نیز جمع کی اقسام مع مثالیں لکھیں۔

جواب: **مفرد** :- وہ اسم ہے جو ایک چیز کو ظاہر کرے۔ اسے واحد بھی کہتے ہیں۔ مثلاً رَجُلٌ، کِتَابٌ، قَلَمٌ وغیرہ۔

تثنیہ : وہ اسم جو دو چیزوں کو ظاہر کرے۔ اسے تثنیہ یا مُثَنّٰی بھی کہتے ہیں۔ جیسے قَلَمَانِ، کِتَابَانِ، رَجُلَانِ وغیرہ۔

تثنیہ بنانے کا قاعدہ : مفرد کے آخر میں الف اور نون لگانے سے تثنیہ بن جاتا ہے جیسے کِتَابٌ سے کِتَابَانِ۔ یہ حالتِ رفعی کی صورت ہے۔ جبکہ نصبی اور جرّی حالت میں یَا نُوْن کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ جیسے رَجُلٌ سے رَجُلَیْنِ اور قَلَمٌ سے قَلَمَیْنِ وغیرہ۔

جمع : وہ اسم جو تین یا اس سے زیادہ کو ظاہر کرے۔ جیسے رِجَالٌ، کُتُبٌ، اَقْلَامٌ وغیرہ

اقسام جمع :- جمع کی تین اقسام ہیں :-

۱- جمع مذکر سالم :- واحد پر رفعی حالت میں واؤ اور نون لگانے سے یہ جمع بن جاتی ہے۔ جیسے مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ وغیرہ۔

۲- جمع مؤنث سالم :- مفرد مؤنث کی تاء کو گرا کر الف اور تا بڑھانے سے جمع مؤنث سالم بن جاتی ہے جیسے مُسْلِمَۃٌ سے مُسْلِمَاتٌ وغیرہ۔

۳- جمع مُکسّر :- یہ جمع واحد میں تبدیل کرنے سے بنتی ہے۔ جیسے قَلَمٌ سے اَقْلَامٌ وغیرہ۔

نوٹ : کسر کا معنی توڑنا ہے۔ اسے جمع مکسر اس لئے بھی کہتے ہیں کہ اس میں واحد کا لفظ سلامت نہیں ہوتا۔ بلکہ اسے توڑ کر اور تبدیل کر کے جمع بنائی جاتی ہے۔

جمع سالم بنانے کا طریقہ حسبِ ذیل ہے :-

۱- جمع مکسر بنانے کا کوئی خاص قاعدہ نہیں۔ اس کے بہت سے اَوزان ہیں۔ جن کے مطابق یہ جمع آتی ہے۔ بسا اوقات واحد کے درمیان یا آخر میں کچھ تبدیلی یا زیادتی کرنے سے جمع مکسر بن جاتی ہے۔ جیسے کَلْبٌ سے کِلَابٌ، عَالِمٌ سے عُلَمَاءُ، تِلْمِیْذٌ سے تَلَامِذَۃٌ۔ مَدِیْنَۃٌ سے مُدُنٌ وغیرہ۔

۲- بعض اوقات واحد کے حروف میں کوئی اضافہ یا تبدیلی کئے بغیر محض حرکات کے

[illegible] و تبدیل سے جمع مکسر بن جاتی ہے جیسے خَشَبٌ سے خُشُبٌ، اَسَدٌ سے اُسُدٌ، سَقَفٌ سے سُقُفٌ وغیرہ۔

۳- بعض اوقات کسی حرف کے حذف کرنے سے جمع مکسر بن جاتی ہے۔ جیسے رَسُوْلٌ سے رُسُلٌ وغیرہ۔

۴- بعض اسماء مؤنث ہوتے ہیں لیکن ان کی جمع سالم مذکر کی طرح آتی ہے۔ جیسے سَنَۃٌ سے سِنُوْنَ۔ اور بعض مذکر ہوتے ہیں۔ جب کہ ان کی جمع سالم مؤنث آتی ہے جیسے حَیَوَانٌ سے حَیَوَانَاتٌ وغیرہ۔

۵- اگر واحد مذکر ہو تو حالت رفعی کی صورت میں و۔ن کا اضافہ کر کے جمع سالم بنائیں گے جیسے ظَالِمٌ سے ظَالِمُوْنَ۔ جب کہ حالتِ نصبی اور جرّی میں یا۔ن کا اضافہ کر کے جمع سالم بنائیں گے جیسے ظَالِمٌ سے ظَالِمِیْنَ وغیرہ۔

۶- اگر واحد مؤنث ہو تو حالت رفعی کی صورت میں (۔ت) کا اضافہ کر کے جمع سالم بنائیں گے جیسے مُؤْمِنَاتٌ۔ جبکہ حالت نصبی اور جرّی کی صورت میں (۔ت) کا اضافہ کر کے جمع سالم بنائیں گے جیسے مُؤْمِنَاتٍ وغیرہ۔

۷- صفت نہ صرف تذکیر و تانیث میں بلکہ مفرد، تثنیہ اور جمع میں بھی اپنے موصوف کے مطابق آتی ہے۔ جیسے رَجُلٌ عَالِمٌ۔ رَجُلَانِ عَالِمَانِ۔ رِجَالٌ عَالِمُوْنَ وغیرہ۔ جبکہ جمع سالم مؤنث کی صفت دونوں طرح سے آسکتی ہے۔ لیکن جمع مؤنث بھی اور واحد مؤنث بھی۔ جیسے مُسْلِمَاتٌ صَادِقَاتٌ اور مُسْلِمَاتٌ صَادِقَۃٌ وغیرہ۔

۸- اگر موصوف غیر عاقل کی جمع ہو تو صفت عموماً مؤنث اور واحد ہی کرتی ہے۔ خواہ موصوف مؤنث ہو یا مذکر۔ مثلاً اَلْحَیَوَانَاتُ الْکَبِیْرَۃُ اور اَلْاَشْجَارُ طَوِیْلَۃٌ۔

نوٹ :- انسان اور فرشتوں کے علاوہ تمام مخلوق غیر عاقل تصور کی جاتی ہے۔

اسم جمع :- بعض اسماء اگرچہ صورت کے لحاظ سے واحد معلوم ہوتے ہیں۔ لیکن معانی کے لحاظ سے جمع کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ ان کے واحد کے لئے کوئی لفظ نہیں ہوتا۔ اس قسم کے اسم کو اسم جمع کہتے ہیں۔ مثلاً قَوْمٌ۔ عَسْکَرٌ۔ مِلَّتٌ۔ وغیرہ۔

اس قسم کے اسم جمع کو عموماً جمع تصور کرتے ہوئے صفت بھی جمع ہی کی آتی ہے۔ مثلاً قَوْمٌ جَاھِلُوْنَ (بے وقوف لوگ) وغیرہ۔

عزیزانِ من! مندرجہ بالا تمرین کو حل کرتے ہوئے سوالات طوالت اختیار کر گئے ہیں۔ لیکن آپ متعلقہ سبق کو بار بار پڑھیں تو دورانِ تدریس جمع کے لئے جو جو نکات آپ کے ذہن

میں آئیں گے وہ سب آپ کو تمرین میں انشاء اللہ العزیز ملیں گے۔

ان سوالات کو بار بار دہرانے سے آپ جمع کی تمام اقسام ازبر کرلیں گے۔ ان سوالات کا تعلق نصاب سے بھی ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ عملی زندگی میں بھی یہ نکات آپ کا ساتھ دیں گے۔ لہٰذا اسے فضول مت سمجھئے گا۔

اَلدَّرْسُ السَّابِعُ ـــــ ساتواں سبق

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
ذَهَبَ	وہ گیا۔	رَجَعَ	وہ واپس آیا۔
قَدِمَ	وہ آیا۔ آگے بڑھا۔	لَعِبَ	وہ کھیلا۔
شَرِبَ	اُس نے پیا۔	أَكَلَ	اُس نے کھایا۔
ضَحِكَ	وہ ہنسا۔	صَرَخَ	وہ چلّایا۔
فَتَحَ	اُس نے کھولا۔	طَلَبَ	اُس نے طلب کیا۔
مَنَحَ	اُس نے عطا کیا۔ اُس نے دیا۔	أَخَذَ	اُس نے لیا۔
هَرَبَ	وہ بھاگ گیا۔	تَرَكَ	اُس نے چھوڑا
غَسَلَ	اُس نے دھویا۔	قَعَدَ	وہ بیٹھا۔
سَأَلَ	اُس نے سوال کیا۔ اُس نے پوچھا	حَضَرَ	وہ حاضر ہوا۔
دَخَلَ	وہ داخل ہوا۔	خَرَجَ	وہ نکلا۔
عَرَفَ	اُس نے پہچان لیا۔	نَظَرَ	اُس نے دیکھا۔
فَهِمَ	اُس نے سمجھ لیا۔	كَتَبَ	اُس نے لکھا۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
هٰذَا خَالِدٌ	یہ خالد ہے
حَضَرَ خَالِدٌ	خالد حاضر ہوا
هَلْ رَجَعَ خَالِدٌ ؟	کیا خالد واپس آیا ؟
نَعَمْ رَجَعَ خَالِدٌ	جی ہاں، خالد واپس آیا
مَنْ هٰذِهٖ ؟	یہ کون ہے ؟

عربی جملے	اردو ترجمہ
هٰذِهٖ فَاطِمَه	یہ فاطمہ ہے
هَلْ قَدِمَتْ فَاطِمَه	کیا فاطمہ آئی ؟
نَعَمْ قَدِمَتْ فَاطِمَه	جی ہاں فاطمہ آئی
أَيْنَ التِّلْمِيْذُ	شاگرد کہاں ہے ؟
ذَهَبَ التِّلْمِيْذُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ	شاگرد سکول گیا ہوا ہے۔
طَلَبَ الْفَقِيْرُ الْمَالَ	فقیر نے مال مانگا۔
شَرِبَ الْوَلَدُ الْمَاءَ	لڑکے نے پانی پیا۔
كَتَبَ مُحَمَّدٌ رِسَالَةً	محمد نے خط لکھا۔
أَخَذَ زَيْدٌ كِتَابًا	زید نے کتاب لی۔
نَظَرَ الرَّجُلُ إِلَى مَنْزِلِنَا	آدمی نے ہمارے گھر کی طرف دیکھا۔
دَخَلَ الرَّجُلُ فِيْ مَنْزِلِنَا	آدمی ہمارے گھر میں داخل ہوا۔
قَعَدَ الْوَلَدُ عَلَى الْكُرْسِيِّ	بچہ کرسی پر بیٹھا۔
جَلَسَ الْوَلَدُ عِنْدَ النَّافِذَةِ	بچہ کھڑکی کے پاس بیٹھا۔
قَعَدَ الْوَلَدُ أَمَامَ السَّيَّارَةِ	بچہ کار کے سامنے بیٹھا۔
قَدِمَتِ الْبِنْتُ	لڑکی آئی۔
جَاءَتْ خَدِيْجَةُ	خدیجہ آئی ہے۔
مَاذَا سَأَلَتِ الْبِنْتُ ؟	لڑکی نے کیا مانگا ؟
سَأَلَتِ الْبِنْتُ الْكِتَابَ	لڑکی نے کتاب مانگی۔
هَلْ كَتَبَتْ خَدِيْجَةُ رِسَالَةً	کیا خدیجہ نے خط لکھا ؟
نَعَمْ كَتَبَتْ خَدِيْجَةُ رِسَالَةً	جی ہاں خدیجہ نے خط لکھا۔
سَأَلَتِ الْبِنْتُ الْأُسْتَاذَ	بچی نے استاد سے سوال کیا۔
فَهِمَتِ التِّلْمِيْذَةُ الدَّرْسَ	شاگردہ نے سبق سمجھا۔
أَخَذَتِ الْبِنْتُ الْقَلَمَ	لڑکی نے قلم لیا۔
فَتَحَتْ شَاذِيَةُ الْبَابَ	شاذیہ نے دروازہ کھولا۔
عَرَفَتِ الْمُسَافِرَةُ الطَّرِيْقَ	مسافر عورت نے راستہ شناخت کیا۔
تَرَكَتِ الْخَادِمَةُ الْعَمَلَ	نوکر نے کام چھوڑا۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
قَدِمَتْ بِنْتٌ إِلَى الْمَدْرَسَةِ	لڑکی سکول کی طرف بڑھی۔
ذَهَبَتِ الْبِنْتُ إِلَى الْبَيْتِ	لڑکی سکول کی طرف گئی۔
فَتَحَتْ فَهْمِيدَةُ الْبَابَ	فہمیدہ نے دروازہ کھولا۔
دَخَلَتْ فَاطِمَةُ الْحَدِيقَةَ	فاطمہ باغ میں داخل ہوئی۔
خَرَجَتْ عَقِيلَةُ مِنَ الْمَنْزِلِ	عقیلہ گھر سے نکلی۔
ضَحِكَتْ فَهْمِيدَةُ	فہمیدہ مسکرائی۔
شَرِبَتِ الْبِنْتُ الْمَاءَ	لڑکی نے پانی پیا۔
قَعَدَتِ التِّلْمِيذَةُ عِنْدَ السَّبُّورَةِ	شاگردہ تختہ سیاہ کے پاس بیٹھی۔
فَهِمَ التِّلْمِيذُ الدَّرْسَ	شاگردہ نے سبق سمجھا۔
مَنْ فَهِمَ الدَّرْسَ ؟	سبق کس نے سمجھا۔
فَهِمَ الدَّرْسَ التِّلْمِيذُ	شاگرد نے سبق سمجھا۔
دَخَلَ الطَّالِبُ الْمَسْجِدَ	طالب علم مسجد میں داخل ہوا
مَنْ دَخَلَ الْمَسْجِدَ ؟	مسجد میں کون داخل ہوا ؟
دَخَلَ الْمَسْجِدَ الطَّالِبُ ؟	طالب علم مسجد میں داخل ہوا۔
فَتَحَ مَحْمُودٌ الْبَابَ	محمود نے دروازہ کھولا۔
مَنْ فَتَحَ الْبَابَ	دروازہ کس نے کھولا ؟
فَتَحَ الْبَابَ مَحْمُودٌ	محمود نے دروازہ کھولا۔
أَكَلَ الضَّيْفُ الطَّعَامَ	مہمان نے کھانا کھایا۔
مَنْ أَكَلَ الطَّعَامَ ؟	کھانا کس نے کھایا ؟
أَكَلَ الطَّعَامَ الضَّيْفُ	مہمان نے کھانا کھایا۔
أَكَلَ الرَّجُلُ الْخُبْزَ	آدمی نے روٹی کھائی۔
مَا ذَا أَكَلَ الرَّجُلُ ؟	آدمی نے کیا کھایا ؟
أَكَلَ الرَّجُلُ الْخُبْزَ	آدمی نے روٹی کھائی۔
كَتَبَ زَيْدٌ رِسَالَةً	زید نے خط لکھا۔
مَا ذَا كَتَبَ زَيْدٌ ؟	زید نے کیا لکھا ؟
كَتَبَ زَيْدٌ رِسَالَةً	زید نے خط لکھا۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
فَهِمَ التِّلْمِيذُ الدَّرْسَ	شاگرد نے سبق سمجھا۔
مَا ذَا فَهِمَ التِّلْمِيذُ ؟	شاگرد نے کیا سمجھا ؟
فَهِمَ التِّلْمِيذُ الدَّرْسَ	شاگرد نے سبق سمجھا
شَرِبَ الطِّفْلُ الْحَلِيبَ	بچے نے دودھ پیا۔
مَا ذَا شَرِبَ الطِّفْلُ ؟	بچے نے کیا پیا ؟
شَرِبَ الطِّفْلُ الْحَلِيبَ	بچے نے دودھ پیا۔
سَأَلَ الْأُسْتَاذُ التِّلْمِيذَ	استاد نے شاگرد سے پوچھا
تَرَكَ الْعَمَلَ الْخَادِمُ	نوکر نے کام چھوڑا۔
عَرَفَ الرَّجُلَ الْحَارِسُ	آدمی نے گھوڑا پہچانا۔
دَخَلَ الْمَنْزِلَ الطَّالِبُ	طالب علم گھر میں داخل ہوا۔
أَخَذَ قَلَمَ الْأُسْتَاذِ الطَّالِبُ	استاد نے شاگرد سے قلم لیا۔
مَنَحَ الْقَلَمَ الْأُسْتَاذُ	استاد نے قلم عطا کیا۔
أَكَلَ الْوَلَدُ	بچے نے کھایا۔
أَكَلَ الْأَوْلَادُ	بچوں نے کھایا۔
نَظَرَ الْأَوْلَادُ إِلَى الصُّورَةِ	بچوں نے تصویر کی طرف دیکھا۔
ضَحِكَ الرَّجُلُ	آدمی مسکرایا۔
ضَحِكَ الرِّجَالُ	آدمی مسکرائے۔
قَدِمَ التَّلَامِيذُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ	شاگرد مدرسہ سے آیا۔
لَعِبَ الطِّفْلُ	بچہ کھیلا۔
لَعِبَ الْأَطْفَالُ	بچے کھیلے۔
ذَهَبَ الضُّيُوفُ إِلَى الْحَدِيقَةِ	مہمان باغ کی طرف گئے۔
ذَهَبَتْ فَاطِمَةُ	فاطمہ گئی۔
أَكَلَتِ الْبَنَاتُ	لڑکیوں نے کھایا۔
خَرَجَتِ النِّسَاءُ مِنَ الْمَنْزِلِ	عورتیں گھر سے نکلیں۔
قَعَدَتْ مَرْيَمُ	مریم بیٹھی۔
دَخَلَتِ التِّلْمِيذَاتُ	شاگردیں داخل ہوئیں۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
قَدِمَتِ التِّلْمِيْذَاتُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ	شاگردیں سکول کی طرف آئیں۔
جَرَتِ الْبِنْتُ	لڑکی دوڑی۔
قَدِمَتِ الطَّالِبَاتُ	طالبات بڑھیں۔
خَرَجَتِ الْبَنَاتُ إِلَى السُّوْقِ	بچیاں بازار کی طرف نکلیں۔
مَنْ ذَهَبَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ	مدرسہ کی طرف کون گیا ؟
زَيْدٌ ذَهَبَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ	زید مدرسہ کی طرف گیا۔
مَنْ أَكَلَ الْفَاكِهَةَ ؟	پھل کس نے کھایا ؟
اَلْخَادِمُ أَكَلَ الْفَاكِهَةَ	نوکر نے پھل کھایا
مَنْ مَنَحَ الْجَائِزَةَ	انعام کس نے عطا کیا ؟
اَلْمُدِيْرُ مَنَحَ الْجَائِزَةَ	ڈائریکٹر نے انعام عطا کیا۔
مَنْ سَأَلَ الْأُسْتَاذَ	استاد سے کس نے سوال کیا ؟
اَلْبِنْتُ سَأَلَتِ الْأُسْتَاذَ	بچی نے استاد سے سوال کیا۔
مَنْ صَرَخَ ؟	کون چلّایا ؟
اَلْمَرِيْضَةُ صَرَخَتْ	مریضہ چلّائی
مَنْ ذَهَبَ ؟	کون گیا ؟
اَلرَّجُلُ الطَّوِيْلُ ذَهَبَ	لمبا آدمی گیا
مَنْ مَنَحَ الْكِتَابَ	کتاب کس نے عطا کی ؟
فَاطِمَةُ مَنَحَتِ الْكِتَابَ	فاطمہ نے کتاب عطا کی۔
مَنْ تَرَكَ الْعَمَلَ ؟	کام کس نے چھوڑا ؟
اَلْخَادِمُ تَرَكَ الْعَمَلَ	نوکر نے کام چھوڑا۔

تمرین ۷

سوال: مفرد الفاظ کے معانی بتائیے :۔

جواب:

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
عَرَفَ	اُس نے پہچانا	قَعَدَ	وہ بیٹھا
فَتَحَ	اُس نے کھولا	حَضَرَ	وہ حاضر ہوا
فَهِمَ	اُس نے سمجھا	دَخَلَ	وہ داخل ہوا
ذَهَبَ	وہ گیا		

سوال: مندرجہ ذیل افعال کو مؤنث بنائیے۔ پھر جملوں میں استعمال کریں :۔

جواب:

مذکر	ترجمہ	مؤنث	ترجمہ	عربی جملہ	اردو ترجمہ
رَجَعَ	وہ واپس آیا	رَجَعَتْ	وہ واپس آئی	رَجَعَتِ الْبِنْتُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ	لڑکی سکول سے واپس آئی
شَرِبَ	اُس نے پیا	شَرِبَتْ	اس نے پیا	شَرِبَتْ فَاطِمَةُ الْحَلِيْبَ	فاطمہ نے دودھ پیا۔
هَرَبَ	وہ بھاگ گیا	هَرَبَتْ	وہ بھاگ گئی	هَرَبَتِ الْخَادِمَةُ مِنَ الْبَيْتِ	نوکرانی گھر سے بھاگ گئی۔
تَرَكَ	اُس نے چھوڑا	تَرَكَتْ	اس نے چھوڑا	تَرَكَتِ الطَّالِبَةُ الْمَدْرَسَةَ	طالبہ نے سکول چھوڑا
نَظَرَ	اُس نے دیکھا	نَظَرَتْ	اُس نے دیکھا	نَظَرَتِ الْبِنْتُ إِلَى السَّبُّوْرَةِ	لڑکی نے تختہ سیاہ کی طرف دیکھا
كَتَبَ	اُس نے لکھا	كَتَبَتْ	اُس نے لکھا	كَتَبَتِ التِّلْمِيْذَةُ الدَّرْسَ	طالبہ نے سبق لکھا
غَسَلَ	اُس نے دھویا	غَسَلَتْ	اُس نے دھویا	غَسَلَتْ شَاذِيَةُ يَدَهَا	شازیہ نے اپنا ہاتھ دھویا

سوال: مندرجہ ذیل افعال کو اسمیہ جملوں میں استعمال کریں :۔

جواب:

افعال	ترجمہ	عربی جملے	اردو ترجمہ
قَدِمَ	وہ آئے۔ آیا	اَلْأُسْتَاذُ قَدِمَ	استاد صاحب آئے
ضَحِكَ	وہ ہنسا	اَلْوَلَدُ ضَحِكَ	لڑکا ہنسا
طَلَبَ	اُس نے مانگا	اَلْخَادِمُ طَلَبَ	نوکر نے مانگا
صَرَخَ	وہ چلّایا	اَلْمَرِيْضُ صَرَخَ	بیمار چلّایا
سَأَلَ	اُس نے سوال کیا	اَلطَّالِبُ سَأَلَ	طالب علم نے سوال کیا۔

سوال: خالی جگہوں کو پُر کریں :۔

كَتَبَ مُحَمَّدٌ رِسَالَةً	محمد نے ایک خط لکھا
قَعَدَ الْوَلَدُ عَلَى الْكُرْسِيِّ	بچہ کرسی پر بیٹھا
مَنَحَ الْأُسْتَاذُ الْقَلَمَ	استاد صاحب نے قلم دیا۔

قعد الطالب

فاطمہ ذکیۃ

فاطمہ ذہین ہے

فَاطِمَہ شَرِبَتِ الحلیب — فاطمہ نے دودھ پیا۔

قَدِمَتْ شَاذِیَۃُ — شاذیہ آئی۔

ذَھَبَتْ فَھْمِیْدَۃُ اِلَی الْمَدْرَسَۃِ — فہمیدہ سکول گئی۔

سوال: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک بار جملہ اسمیہ میں دیجئے۔ اور دوسری بار جملہ فعلیہ میں دیں:۔

جواب: (سوال) مَنْ اَکَلَ التُّفَّاحَ ؟ — سیب کس نے کھایا؟

جملہ اسمیہ: اَلْوَلَدُ اَکَلَ التُّفَّاحَ — لڑکے نے سیب کھایا

جملہ فعلیہ: اَکَلَ الْوَلَدُ التُّفَّاحَ — لڑکے نے سیب کھایا

سوال: ھَلْ رَجَعَ التَّلَامِیْذُ؟ — کیا شاگرد واپس آئے؟

جملہ اسمیہ: نَعَمْ التَّلَامِیْذُ رَجَعُوا — جی ہاں شاگرد واپس آئے

جملہ فعلیہ: نَعَمْ رَجَعَ التَّلَامِیْذُ — جی ہاں شاگرد واپس آئے

سوال۔ مَاذَا طَلَبَ الْاُسْتَاذُ؟ — استاد صاحب نے کیا چیز مانگی؟

جملہ اسمیہ: اَلْاُسْتَاذُ طَلَبَ الْکِتَابَ — استاد نے کتاب مانگی

جملہ فعلیہ: طَلَبَ الْاُسْتَاذُ الْکِتَابَ — استاد نے کتاب مانگی

سوال۔ مَنْ دَخَلَ ؟ — کون داخل ہوا؟

جملہ اسمیہ: اَلرَّجُلُ دَخَلَ — آدمی داخل ہوا۔ دَخَلَ طالب

جملہ فعلیہ: دَخَلَ الرَّجُلُ — آدمی داخل ہوا۔

سوال۔ مَنْ خَرَجَ مِنَ الْمَنْزِلِ ؟ — گھر سے کون نکلا؟

جملہ اسمیہ: اَلْاُسْتَاذُ خَرَجَ مِنَ الْمَنْزِلِ — استاد صاحب گھر سے نکلے

جملہ فعلیہ: خَرَجَ الْاُسْتَاذُ مِنَ الْمَنْزِلِ — استاد صاحب گھر سے نکلے

سوال۔ مَاذَا شَرِبَ الْوَلَدُ ؟ — لڑکے نے کیا پیا؟

جملہ اسمیہ: اَلْوَلَدُ شَرِبَ الْمَاءَ — لڑکے نے پانی پیا۔

جملہ فعلیہ: شَرِبَ الْوَلَدُ الْمَاءَ — لڑکے نے پانی پیا۔

سوال: فعل ماضی کی تعریف لکھیں اور گردان سے بھی متعارف کرائیں۔ نیز ماضی قریب، ماضی بعید اور ماضی منفی کی تعریفیں لکھیں اور بنانے کا قاعدہ، گردانیں رقم کریں۔

جواب: فعل ماضی:۔ جس فعل سے کسی کام کا گذشتہ زمانے میں واقع ہونا سمجھا جائے اسے فعل ماضی کہتے ہیں جیسے جَلَسَ خَالِدٌ۔ خالد بیٹھا۔

نوٹ: جب اس فعل میں قریب یا بعید زمانے کا مفہوم نہ پایا جائے تو اسے ماضی مطلق کہتے ہیں۔

فعل ماضی کے اصولاً ۱۸ صیغے ہیں۔ معروفاً چودہ ہیں۔

صیغہ	گردان	ترجمہ
واحد مذکر غائب	فَعَلَ	اُس ایک مرد نے کیا
تثنیہ مذکر غائب	فَعَلَا	ان دو مردوں نے کیا
جمع مذکر غائب	فَعَلُوْا	ان سب مردوں نے کیا
واحد مؤنث غائب	فَعَلَتْ	اُس ایک عورت نے کیا
تثنیہ مؤنث غائب	فَعَلَتَا	ان دو عورتوں نے کیا
جمع مؤنث غائب	فَعَلْنَ	ان سب عورتوں نے کیا
واحد مذکر مخاطب	فَعَلْتَ	تو ایک مرد نے کیا
تثنیہ مذکر مخاطب	فَعَلْتُمَا	تم دو مردوں نے کیا
جمع مذکر مخاطب	فَعَلْتُمْ	تم سب مردوں نے کیا
واحد مؤنث مخاطب	فَعَلْتِ	تو ایک عورت نے کیا
تثنیہ مؤنث مخاطب	فَعَلْتُمَا	تم دو عورتوں نے کیا
جمع مؤنث مخاطب	فَعَلْتُنَّ	تم سب عورتوں نے کیا
واحد مذکر متکلم	فَعَلْتُ	مَیں ایک مرد نے کیا
تثنیہ مذکر متکلم	فَعَلْنَا	ہم دو مردوں نے کیا
جمع مذکر متکلم	فَعَلْنَا	ہم سب مردوں نے کیا
واحد مؤنث متکلم	فَعَلْتُ	مَیں ایک عورت نے کیا
تثنیہ مؤنث متکلم	فَعَلْنَا	ہم دو عورتوں نے کیا
جمع مؤنث متکلم	فَعَلْنَا	ہم سب عورتوں نے کیا۔

نوٹ:۔ اہل زبان نے صیغے چودہ اس لئے معروف کئے کہ متکلم کے صیغوں کے اندر تذکیر و تانیث اور تثنیہ و جمع کے مفہوم ایک جیسے ہیں۔ یہ بات اپنی جگہ حقیقت کی حامل ہے۔ لیکن طلباء / طالبات جو کہ حصولِ علم کے لئے کوشاں ہیں۔ اس طرح عامۃ الناس جو کہ عربی گرائمر کو عمومی طور پر پڑھتے ہیں ان کے لئے وضاحت کرنا از حد ضروری ہے۔ حفظ اور رٹہ بازی کی حد تک تو چودہ کہہ سکتے ہیں۔ لیکن لکھنے اور تعلیم دینے کی حد تک ۱۸ صیغوں کی تعلیم و تدریس

کرنا ضروری ہے اور ان کی وضاحت اُس طرح کرنا ضروری ہے۔ جس طرح گذشتہ صیغہ کی وضاحت کی جا رہی ہے۔

ماضی قریب :۔ جس فعل سے ظاہر ہو کہ کام کو زیادہ دیر نہیں ہوئی۔ اس فعل کو ماضی قریب کہتے ہیں۔

بنانے کا قاعدہ : ماضی مطلق کے صیغے پر قَدْ لگانے سے ماضی قریب بن جاتا ہے۔ ماضی قریب کی گردان کرتے ہوئے لفظ قَدْ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی ۔ مثلاً قَدْ فَعَلَ قَدْ فَعَلَا ۔ قَدْ فَعَلُوْا ۔

ماضی بعید :۔ جس فعل سے ظاہر ہو کہ اس کو کئے ہوئے کافی دیر ہو چکی ہے اسے ماضی بعید کہتے ہیں۔

بنانے کا قاعدہ :۔ ماضی مطلق پر کَانَ کا لفظ لگانے سے ماضی بعید کا مفہوم ہو جاتا ہے۔ جیسے جیسے ماضی کے صیغے بدلتے جائیں گے کَانَ کا لفظ بھی تبدیل ہوتا جائے

صیغہ	گردان	ترجمہ
واحد مذکر غائب	كَانَ فَعَلَ	اُس ایک مرد نے کیا تھا۔
تثنیہ مذکر غائب	كَانَا فَعَلَا	ان دو مردوں نے کیا تھا۔
جمع مذکر غائب	كَانُوْا فَعَلُوْا	ان سب مردوں نے کیا تھا۔
واحد مؤنث غائب	كَانَتْ فَعَلَتْ	اُس ایک عورت نے کیا تھا۔
تثنیہ مؤنث غائب	كَانَتَا فَعَلَتَا	ان دو عورتوں نے کیا تھا۔
جمع مؤنث غائب	كُنَّ فَعَلْنَ	ان سب عورتوں نے کیا تھا۔
واحد مذکر مخاطب	كُنْتَ فَعَلْتَ	تو ایک مرد نے کیا تھا۔
تثنیہ مذکر مخاطب	كُنْتُمَا فَعَلْتُمَا	تم دو مردوں نے کیا تھا۔
جمع مذکر مخاطب	كُنْتُمْ فَعَلْتُمْ	تم سب مردوں نے کیا تھا۔
واحد مؤنث مخاطب	كُنْتِ فَعَلْتِ	تو ایک عورت نے کیا تھا۔
تثنیہ مؤنث مخاطب	كُنْتُمَا فَعَلْتُمَا	تم دو عورتوں نے کیا تھا
جمع مؤنث مخاطب	كُنْتُنَّ فَعَلْتُنَّ	تم سب عورتوں نے کیا تھا
واحد/ مذکر/ مؤنث متکلم	كُنْتُ فَعَلْتُ	میں ایک مرد/ عورت نے کیا تھا۔
تثنیہ/ جمع/ مذکر/ مؤنث متکلم	كُنَّا فَعَلْنَا	ہم دو/ سب/ مردوں/ عورتوں نے کیا تھا

ماضی منفی :۔ جس فعل میں کسی کام کا نہ ہونا پایا جائے۔ اسے فعل منفی کہتے ہیں۔

بنانے کا طریقہ :۔ ماضی منفی بنانا مقصود ہو تو ماضی مثبت کے پہلے مَا لاتے ہیں۔ جیسے مَا ضَرَبَ (اُس نے نہیں مارا) مَا اَكَلَ (اُس نے نہیں کھایا)

نوٹ :۔ لَا داخل کر کے بھی ماضی منفی بنتا ہے۔ بشرطیکہ اس کے بعد ایک اور صیغہ ماضی لا سمیت لائیں۔ جیسے لَا اَكَلْنَا وَلَا شَرِبْنَا (نہ ہم نے کھایا اور پیا)

سوال : فاعل، فعل اور مفعول کی تعریفات لکھیں :۔

جواب : **فاعل** :۔ کام کرنے والے کو فاعل کہتے ہیں۔ جیسے اَكَلَ خَالِدٌ (خالد نے کھایا)

فعل :۔ بامعنی لفظ جس میں زمانہ پایا جاتا ہو اُسے فعل کہتے ہیں مثلاً ذَهَبَ وغیرہ۔

مفعول :۔ جس پر کام ہو۔ اُسے مفعول کہتے ہیں۔

نوٹ : (۱) عربی زبان میں فاعل فعل کے بعد آتا ہے۔ جیسے كَتَبَ الْوَلَدُ (لڑکے نے لکھا)

۲۔ فاعل ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے اُس کے آخری حرف پر پیش آتی ہے جیسے اَلْوَلَدُ کی دُہے۔

۳۔ فاعل مذکر ہو تو فعل بھی مذکر آتا ہے۔

۴۔ مفعول ہمیشہ منصوب ہوتا ہے اس کے آخر پر ـَـ ہوتی ہے۔

۵۔ جملہ فعلیہ میں عام طور پر فعل کے بعد فاعل اور پھر مفعول آتا ہے۔

۶۔ جملہ فعلیہ میں فاعل واحد ہو یا جمع فعل واحد کے صیغہ ہی میں رہتا ہے۔

۷۔ حرکات کی تبدیلی کے بغیر مفعول فاعل سے پہلے آسکتا ہے۔

۸۔ کلام میں تسلسل کے لئے متاء ساکنہ کو ملاتے وقت زیر دی جاتی ہے۔ جیسے اَكَلْتِ الْبِنْتُ وغیرہ

عزیزانِ من ! گرامر کی پیچیدگیوں سے اگرچہ ایک طالب علم کو فت محسوس کرتا ہے۔ لیکن زبان کی تدریس کرتے وقت بنیادی امور کو جاننا اور سمجھنا از حد ضروری ہوتا ہے۔ اس لئے ہم کو سبق کے متعلقہ معمولی سا بھی گرامر کا نکتہ نظر آیا۔ ہم نے اس کی وضاحت کر دی ہے تاکہ ابہام نہ رہے اور طلاب ذہنی اذیت کا شکار نہ رہیں۔

سوال : ضمیر مستتر کسے کہتے ہیں ؟

جواب : ایسی ضمیر جس کے فعل میں فاعل پوشیدہ ہو۔ اسے ضمیر مستتر کہتے ہیں۔ مثلاً هُوَ ایسی ضمیر ہے جو فاعل کی حیثیت بھی رکھتی ہے۔ اس لئے اسے ضمیر مستتر کہتے ہیں۔

اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ ـــــ سبق ۸

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
يَأْكُلُ	وہ کھاتا ہے یا کھائے گا	يَحْضُرُ	وہ حاضر ہوتا ہے یا ہوگا
يَسْقُطُ	وہ گرتا ہے یا گرے گا	يَقْرَأُ	وہ پڑھتا ہے یا پڑھے گا
يَذْهَبُ	وہ جاتا ہے یا جائے گا	يَفْتَحُ	وہ کھولتا ہے یا کھولے گا
يَلْبَسُ	وہ پہنتا ہے یا پہنے گا	يَسْمَعُ	وہ سنتا ہے یا سنے گا
يَفْعَلُ	وہ کرتا ہے یا کرے گا	يَشْرَبُ	وہ پیتا ہے یا پیئے گا
يَدْرُسُ	وہ پڑھتا ہے یا پڑھے گا	يَجْلِسُ	وہ بیٹھتا ہے یا بیٹھے گا
يَضْرِبُ	وہ مارتا ہے یا مارے گا	يَعْرِفُ	وہ پہچانتا ہے یا پہچانے گا
يَعْمَلُ	وہ کام کرتا ہے یا کرے گا	يَقْعُدُ	وہ بیٹھتا ہے یا بیٹھے گا
يَخْرُجُ	وہ نکلتا ہے یا نکلے گا	يَدْخُلُ	وہ داخل ہوتا ہے یا ہوگا
يَسْكُنُ	وہ رہتا ہے یا رہے گا	يَطْبَخُ	وہ پکاتا ہے یا پکائے گا
يَكُوْنُ	وہ شریف ہوتا ہے یا ہوگا	يَشْهَدُ	وہ باشعور ہوتا ہے یا ہوگا

عربی جملے	اردو ترجمہ
يَسْقُطُ الْوَلَدُ مِنَ الدَّرَّاجَةِ	لڑکا سائیکل سے گرتا ہے یا گرے گا
يَجْلِسُ الطِّفْلُ عِنْدَ الشَّجَرَةِ	بچہ درخت کے پاس بیٹھتا ہے یا بیٹھے گا
يَنْظُرُ الطَّالِبُ إِلَى السَّبُّوْرَةِ	طالب علم تختہ سیاہ کی طرف دیکھتا ہے دیکھے گا
يَفْتَحُ الْخَادِمُ الْبَابَ	نوکر دروازہ کھولتا ہے یا کھولے گا۔
تَجْلِسُ الْبِنْتُ عِنْدَ السَّبُّوْرَةِ	لڑکی تختہ سیاہ کے پاس بیٹھتی ہے یا بیٹھے گی۔
تَسْقُطُ الْوَرَقَةُ عَلَى الْأَرْضِ	کاغذ زمین پر گرتا ہے یا گرے گا۔
تَدْخُلُ الْأُسْتَاذَةُ فِي الْفَصْلِ	استانی کمرہ جماعت میں داخل ہوتی ہے یا ہوگی
تَخْرُجُ الْمُسَافِرَةُ مِنَ الْمَنْزِلِ	مسافر عورت گھر سے نکلتی ہے یا نکلے گی
تَلْعَبُ الْبِنْتُ بِالْكُرَةِ	لڑکی گیند سے کھیلتی ہے یا کھیلے گی
أَقْعُدُ فَوْقَ الْكُرْسِيِّ	میں (مذکر/مؤنث) کرسی پر بیٹھتا ہوں یا بیٹھوں گا
أَغْسِلُ يَدِيْ	میں اپنا ہاتھ دھوتا ہوں یا دھوتی ہوں۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
أَحْضُرُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ غَدًا	میں کل سکول حاضر ہوں گا یا ہوں گی۔
أَسْأَلُ اللهَ النَّجَاحَ	میں اللہ سے کامیابی کا سوال کرتا ہوں یا کرتا رہوں گا۔
أَسْمَعُ الْكَلَامَ الْمُفِيْدَ	میں مفید بات سنتا ہوں یا سنوں گا۔
نَأْكُلُ الطَّعَامَ	ہم کھانا کھاتے ہیں یا کھائیں گے۔
نَلْبَسُ الثِّيَابَ	ہم کپڑے پہنتے ہیں یا پہنیں گے۔
نَفْتَحُ الْبَابَ	ہم دروازہ کھولتے ہیں یا کھولیں گے
نَذْهَبُ إِلَى الْحَجِّ	ہم حج کے لئے جاتے ہیں یا جائیں گے
نَأْخُذُ الْأَقْلَامَ	ہم قلم لیتے ہیں یا لیں گے
تَسْمَعُ الْكَلَامَ	تو بات سنتا ہے یا سنے گا
تَنْظُرُ إِلَى الصُّوْرَةِ	تو تصویر دیکھتا ہے یا دیکھے گی۔
تَحْضُرُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ مُبَكِّرًا	تو صبح سویرے سکول حاضر ہوتا ہے یا ہوگا
تَفْتَحُ الْكِتَابَ	تو کتاب کھولتا ہے یا کھولے گا
سَقَطَ الْجِدَارُ	دیوار گر پڑی
يَسْقُطُ الْجِدَارُ	دیوار گرتی ہے یا گرے گی۔
يَسْقُطُ الْجِدَارُ عَلَى الْأَرْضِ	دیوار زمین پر گرتی ہے یا گرے گی۔
تَسْقُطُ الْبِنْتُ	لڑکی گرتی ہے یا گرے گی
أَسْقُطُ مِنَ السَّرِيْرِ	میں چارپائی سے گرتا ہوں یا گروں گا۔
لَا نَسْقُطُ فِي الْإِمْتِحَانِ	ہم امتحان میں فیل نہیں ہوں گے۔
طَلَبَ الْوَلَدُ مَاءً	لڑکے نے پانی مانگا۔
يَطْلُبُ الْوَلَدُ مَاءً	لڑکا پانی مانگتا ہے یا مانگے گا۔
تَطْلُبُ الْبِنْتُ حَلِيْبًا	لڑکی نے دودھ مانگا۔
أَطْلُبُ وَرَقَةً	میں کاغذ مانگتا ہوں یا مانگوں گا۔
نَطْلُبُ إِجَازَةً	ہم چھٹی مانگتے ہیں یا مانگیں گے
تَطْلُبُ كِتَابًا وَقَلَمًا۔	تو کتاب اور قلم مانگتا ہے یا مانگے گا۔
جَلَسَ حَامِدٌ عَلَى الْأَرْضِ	حامد زمین پر بیٹھا۔
يَجْلِسُ زَيْدٌ عَلَى الْكُرْسِيِّ	زید کرسی پر بیٹھتا ہے یا بیٹھے گا۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
تَجْلِسُ مَرْيَمُ فِي السَّيَّارَةِ	مریم کار میں بیٹھتی ہے یا بیٹھے گی۔
أَجْلِسُ عَلَى السَّرِيرِ	میں چارپائی پر بیٹھتا ہوں یا بیٹھوں گا
نَجْلِسُ تَحْتَ الشَّجَرَةِ	ہم درخت کے نیچے بیٹھتے ہیں یا بیٹھیں گے
تَجْلِسُ هُنَا أَمَامَ الْمَكْتَبِ	تو یہاں میز کے سامنے بیٹھتا ہے یا بیٹھے گا۔
أَيْنَ الْبِنْتُ ؟	لڑکی کہاں ہے ؟
اَلْبِنْتُ تَحْتَ الشَّجَرَةِ	لڑکی درخت کے نیچے ہے
أَيْنَ الْوَلَدُ ؟	بچہ کہاں ہے ؟
اَلْوَلَدُ فَوْقَ الْكُرْسِيِّ	بچہ کرسی پر ہے۔
مَاذَا يَعْمَلُ ؟	وہ کیا کر رہا ہے ؟
يَكْتُبُ بِالْقَلَمِ	وہ قلم سے لکھ رہا ہے
مَاذَا يَكْتُبُ ؟	وہ کیا لکھ رہا ہے ؟
يَكْتُبُ رِسَالَةً إِلَى وَالِدِهِ	وہ اپنے باپ کو خط لکھ رہا ہے۔
أَيْنَ أَنْتَ ؟	تو کہاں ہے ؟
أَنَا هُنَا	میں یہاں ہوں۔
مَاذَا تَعْمَلُ هُنَاكَ ؟	تو وہاں کیا کر رہا ہے ؟
أَشْرَبُ الشَّايَ	میں چائے پی رہا ہوں۔
مَاذَا تَلْبَسُ ؟	تو کیا پہن رہا ہے ؟
أَلْبَسُ قَمِيصًا	میں قمیض پہن رہا ہوں۔
أَيْنَ الْمَرْأَةُ	عورت کہاں ہے ؟
تَعْمَلُ فِي الْمَطْبَخِ	وہ باورچی خانہ میں کام کر رہی ہے۔
مَاذَا تَعْمَلُ !	وہ کیا کر رہی ہے ؟
تَطْبُخُ الطَّعَامَ	وہ کھانا پکا رہی ہے۔
هَلْ تَسْمَعُ الْمَرْأَةُ كَلَامِي ؟	کیا عورت میری بات سن رہی ہے ؟
نَعَمْ تَسْمَعُ كَلَامَكَ	جی ہاں، وہ تیری بات سن رہی ہے۔
مَنْ هُوَ	وہ کون ہے ؟
هُوَ وَلَدِي	وہ میرا بچہ ہے۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
مَاذَا يَفْعَلُ	وہ کیا کر رہا ہے ؟
يَلْعَبُ بِالْكُرَةِ	وہ گیند سے کھیل رہا ہے۔
مَنْ هِيَ ؟	وہ کون ہے ؟
هِيَ بِنْتِي	وہ میری بیٹی ہے
أَيْنَ الْبِنْتُ ؟	بیٹی کہاں ہے ؟
اَلْبِنْتُ فَوْقَ الْكُرْسِيِّ	بیٹی کرسی پر ہے۔
مَاذَا تَفْعَلُ ؟	وہ کیا کر رہی ہے ؟
تَأْكُلُ وَتَشْرَبُ	وہ کھا اور پی رہی ہے۔
هَلْ حَضَرَ الْأُسْتَاذُ ؟	کیا استاد صاحب تشریف لے آئے ؟
مَا حَضَرَ الْأُسْتَاذُ	استاد صاحب تشریف نہیں لائے۔
هَلْ حَضَرَتْ فَاطِمَةُ ؟	کیا فاطمہ آگئی ؟
مَا حَضَرَتْ	وہ نہیں آئی
هَلْ حَضَرَ مَحْمُودٌ	کیا محمود آگیا ؟
مَا حَضَرَ	وہ نہیں آیا۔
هَلْ يَحْضُرُ الْأُسْتَاذُ ؟	کیا استاد صاحب تشریف لائیں گے ؟
لَا يَحْضُرُ الْيَوْمَ	آج وہ نہیں آئیں گے
مَتَى يَحْضُرُ ؟	وہ کب آئیں گے ؟
يَحْضُرُ غَدًا۔	وہ کل آئیں گے
هَلْ تَنْظُرُ زَيْنَبُ إِلَى الصُّورَةِ ؟	کیا زینب تصویر دیکھتی ہے ؟
لَا تَنْظُرُ إِلَى الصُّورَةِ	وہ تصویر کی طرف نہیں دیکھتی۔
هَلْ يَسْقُطُ فِي الْامْتِحَانِ ؟	کیا وہ امتحان میں فیل ہو جائے گا ؟
لَا يَسْقُطُ فِي الْامْتِحَانِ	نہیں وہ امتحان میں فیل نہیں ہو گا
نَجْلِسُ فَوْقَ السَّرِيرِ وَلَا نَجْلِسُ عَلَى الْأَرْضِ۔	ہم چارپائی پر بیٹھیں گے اور ہم زمین پر نہیں بیٹھیں گے
مَنْ هَذَا الرَّجُلُ ؟	یہ آدمی کون ہے ؟
هَذَا طَارِقٌ صَدِيقُ سَعِيدٍ۔	یہ طارق ہے، سعید کا دوست ہے۔
أَيْنَ يَجْلِسُ سَعِيدٌ ؟	سعید کہاں بیٹھتا ہے یا بیٹھے گا؟

عربی جملے	اردو ترجمہ
يَجْلِسُ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَوْقَ الْكُرْسِيِّ	وہ درخت کے نیچے کرسی پر بیٹھا ہوا ہے
مَاذَا يَعْمَلُ هُنَاكَ ؟	وہ وہاں کیا کر رہا ہے ؟
يَقْرَأُ كِتَابًا بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔	وہ عربی زبان کی کتاب پڑھ رہا ہے ۔
مَا اِسْمُ الْكِتَابِ	کتاب کا نام کیا ہے ؟
اِسْمُ الْكِتَابِ اللِّسَانُ الْعَرَبِيُّ	کتاب کا نام اللسان العربی ہے ۔
هَلْ يَكْتُبُ ؟	کیا وہ لکھتا ہے ؟
نَعَمْ يَكْتُبُ بَعْدَ الدِّرَاسَةِ	جی ہاں ، وہ پڑھنے کے بعد لکھتا ہے ۔
عَلَى اَيِّ شَيْءٍ يَكْتُبُ ؟	وہ کس چیز پر لکھتا ہے ؟
يَكْتُبُ عَلَى الْوَرَقَةِ	وہ کاغذ پر لکھتا ہے ۔
اَيْنَ الْوَرَقَةُ ؟	کاغذ کہاں ہے ؟
اَلْوَرَقَةُ فَوْقَ الْمَكْتَبِ ۔	کاغذ میز پر ہے ۔

عزیز طلباء/طالبات ! درج ذیل دو طالب علموں کے درمیان ایک مختصر مگر جامع پیش کیا جا رہا ہے ۔ ایسے ہی مکالمہ بازی آپ بھی آپس میں کیا کریں ۔ تاکہ عربی زبان سے ہو سکے اور عربی بولنے کی استعداد آ سکے ۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
مَاذَا تَعْمَلُ ؟	تو کیا کر رہا ہے ؟
اُكْتُبُ الدَّرْسَ	میں سبق لکھ رہا ہوں
بِمَاذَا تَكْتُبُ ؟	تو کس سے لکھ رہا ہے ؟
اَكْتُبُ بِالْقَلَمِ	میں قلم سے لکھ رہا ہوں
اَيْنَ تَسْكُنُ ؟	تو کہاں رہتا ہے ؟
اَسْكُنُ فِي اِسْلَامَ آبَاد	میں اسلام آباد میں رہتا ہوں ۔
مَنْ يَسْكُنُ مَعَكَ	تیرے ساتھ کون رہتا ہے ؟
يَسْكُنُ مَعِي اَحْمَدُ	میرے ساتھ احمد رہتا ہے ۔
اَيْنَ تَدْرُسُ ؟	تو کہاں پڑھتا ہے ؟
اُدْرُسُ فِي الْجَامِعَةِ	میں یونیورسٹی میں پڑھتا ہوں ۔
اَيْنَ الْجَامِعَةُ	یونیورسٹی کہاں ہے ؟

عربی جملے	اردو ترجمہ
اَلْجَامِعَةُ فِي اِسْلَامَ آبَاد	یونیورسٹی اسلام آباد میں ہے
مَتَى تَدْرُسُ ؟	تو کب پڑھتا ہے ؟
اَدْرُسُ مَسَاءً	میں رات کو پڑھتا ہوں ۔
مَاذَا تَدْرُسُ ؟	تو کیا پڑھتا ہے ؟
اَدْرُسُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ	میں عربی زبان پڑھتا ہوں ۔
مَنْ هُوَ الْاُسْتَاذُ ؟	استاد صاحب کون ہیں ؟
اَلْاُسْتَاذُ هُوَ مُحَمَّدٌ اَحْمَدُ	استاد کا نام محمد احمد ہے
هَلْ تَفْهَمُ الدَّرْسَ	کیا آپ سبق سمجھتے ہیں ؟
نَعَمْ ، اَنَا اَفْهَمُ الدَّرْسَ	جی ہاں میں سبق سمجھتا ہوں ۔

تمرین ۸

سوال :- خالی جگہیں پُر کریں ۔ پھر ترجمہ کریں :-

يَقْرَأُ الْوَلَدُ	لڑکا پڑھتا ہے ۔ بحضر الولد
يَاْكُلُ الْوَلَدُ	لڑکا کھاتا ہے ۔
اَلطَّالِبُ يَذْهَبُ اِلَى لَاهُور	طالب علم لاہور جاتا ہے ۔
اَنَا اَشْرَبُ الْمَاءَ	میں پانی پیتا ہوں ۔
هُوَ يَجْلِسُ عَلَى الْاَرْضِ	وہ زمین پر بیٹھتا ہے ۔
نَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ	ہم اسکول جاتے ہیں ۔

سوال :- مَا کا حرف کبھی سوال کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے اور کبھی نفی کے لئے ۔ ان دونوں صورتوں کی پانچ پانچ مثالیں دیجئے اور اردو ترجمہ بھی ساتھ کریں :-

۱- مَا استفہامیہ کا استعمال

۱- مَا هٰذَا ؟	یہ (مذکر) کیا ہے ؟
۲- مَا ذٰلِكَ ؟	وہ (مذکر) کیا ہے ؟
۳- مَا هٰذِهٖ ؟	یہ کیا ہے ؟ (مؤنث)
۴- مَا تِلْكَ ؟	وہ کیا ہے ؟ (مؤنث)
۵- مَا عِنْدَكَ ؟	تیرے پاس کیا ہے ؟

۲- مَا نفی کا استعمال

۱- مَا حَضَرَ الْوَلَدُ — لڑکا حاضر نہیں ہوا۔

۲- مَا قَدِمَتِ الْبِنْتُ — لڑکی نہیں آئی۔

۳- مَا ذَهَبَ الرَّجُلُ — آدمی نہیں گیا۔

۴- مَا سَمِعَتِ الْمَرْأَةُ — عورت نے نہیں سنا۔

۵- مَا لَعِبَ الطَّالِبُ — لڑکا نہیں کھیلا۔

سوال :- مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات عربی میں دیجئے :-

س- اَيْنَ تَسْكُنُ ؟ — تم کہاں رہتے ہو ؟

ج- اَسْكُنُ فِي مِيرپُور — میں میرپور میں رہتا ہوں

س- هَلِ الْبِنْتُ تَذْهَبُ اِلَى لَاهُوْرِ — کیا لڑکی لاہور جائے گی ؟

ج: نَعَمْ اَلْبِنْتُ تَذْهَبُ اِلَى لَاهُوْرِ — جی ہاں، لڑکی لاہور جاتی ہے یا جائے گی۔

س- مَنْ يَجْلِسُ هُنَا ؟ — یہاں کون بیٹھتا ہے ؟

ج- يَجْلِسُ الْمُدَرِّسُ هُنَا۔ — یہاں استاد صاحب بیٹھتے ہیں۔

س: مَاذَا تَطْلُبُ ؟ — تم کیا مانگتے ہو ؟

ج: اَطْلُبُ الْكِتَابَ — میں کتاب مانگتا ہوں

س- اَيْنَ تَلْعَبُ ؟ — تم کہاں کھیلتے ہو ؟

ج- اَلْعَبُ فِي الْمَيْدَانِ — میں گراؤنڈ میں کھیلتا ہوں۔

س- مَاذَا تَسْئَلُ الْبِنْتُ ؟ — لڑکی کیا سوال کرتی ہے ؟

ج: تَسْئَلُ الْبِنْتُ عَنِ الدَّرْسِ — لڑکی سبق کے بارے میں سوال کرتی ہے۔

س- مَتٰى تَرْجِعُ مِنَ الْحَجِّ — تم حج سے کب واپس آؤ گے ؟

ج- اَرْجِعُ مِنَ الْحَجِّ بَعْدَ شَهْرٍ — میں ایک مہینے کے بعد حج سے واپس آؤں گا۔

سوال :- مندرجہ ذیل ماضی فعلوں کو مضارع میں تبدیل کیجئے :-

صیغہ ماضی	ترجمہ	صیغہ مضارع	ترجمہ
خَرَجَتْ	تو نکلا	تَخْرُجُ	تو نکلتا ہے یا نکلے گا۔
نَظَرَتْ	اس (مؤنث) نے دیکھا	تَنْظُرُ	وہ دیکھتی ہے یا دیکھے گی۔
اَكَلْتُ	میں نے کھایا	آكُلُ	میں کھاتا ہوں / کھاؤں گا۔
طَلَبَ	اس نے مانگا	يَطْلُبُ	وہ مانگتا ہے / یا مانگے گا۔

صیغہ ماضی	ترجمہ	صیغہ مضارع	ترجمہ
دَخَلَ	وہ داخل ہوا	يَدْخُلُ	وہ داخل ہوتا ہے / ہوگا
غَسَلَ	اس نے دھویا	يَغْسِلُ	وہ دھوتا ہے / دھوئے گا

سوال :- حسب ذیل جملوں میں ماضی فعلوں کو مضارع بنائیے۔ پھر ان کا اردو ترجمہ کریں :

ماضی :- فَتَحَتِ الْبِنْتُ النَّافِذَةَ — لڑکی نے کھڑکی کھولی۔

مضارع : تَفْتَحُ الْبِنْتُ النَّافِذَةَ — لڑکی کھڑکی کھولتی ہے یا کھولے گی۔

ماضی : فَتَحَ الْوَلَدُ الْبَابَ — لڑکے نے دروازہ کھولا۔

مضارع : يَفْتَحُ الْوَلَدُ الْبَابَ — لڑکا دروازہ کھولتا ہے یا کھولے گا۔

ماضی : فَتَحْتُ بَابَ الْمَنْزِلِ — میں نے گھر کا دروازہ کھولا۔

مضارع : اَفْتَحُ الْبَابَ الْمَنْزِلِ — میں گھر کا دروازہ کھولتا ہوں / کھولوں گا۔

ماضی : جَلَسَ الْاُسْتَاذُ فَوْقَ الْكُرْسِيِّ — استاد صاحب کرسی پر بیٹھے۔

مضارع : يَجْلِسُ الْاُسْتَاذُ فَوْقَ الْكُرْسِيِّ — استاد صاحب کرسی پر بیٹھتے ہیں یا بیٹھیں گے۔

ماضی : جَلَسَتْ فَوْقَ السَّرِيْرِ — وہ چارپائی پر بیٹھی۔

مضارع : تَجْلِسُ فَوْقَ السَّرِيْرِ — وہ چارپائی پر بیٹھتی ہے یا بیٹھے گی۔

ماضی : لَعِبْنَا تَحْتَ الشَّجَرَةِ — ہم درخت کے نیچے کھیلے۔

مضارع : نَلْعَبُ تَحْتَ الشَّجَرَةِ — ہم درخت کے نیچے کھیلتے ہیں یا کھیلیں گے

ماضی : دَخَلَ اَحْمَدُ الْمَسْجِدَ — احمد مسجد میں داخل ہوا۔

مضارع : يَدْخُلُ اَحْمَدُ الْمَسْجِدَ — احمد مسجد میں داخل ہوتا ہے یا ہوگا۔

ماضی : خَرَجَ الْمُدِيْرُ — ڈائریکٹر صاحب نکلے۔

مضارع : يَخْرُجُ الْمُدِيْرُ — ڈائریکٹر صاحب نکلتے ہیں یا نکلیں گے۔

ماضی : نَصَرَ اللّٰهُ الْحَقَّ — اللہ نے حق کی مدد کی۔

مضارع : يَنْصُرُ اللّٰهُ الْحَقَّ — اللہ حق کی مدد کرتا ہے یا کرے گا۔

ماضی : حَفِظْتُ الدَّرْسَ — میں نے سبق یاد کیا۔

مضارع : اَحْفَظُ الدَّرْسَ — میں سبق یاد کرتا ہوں یا کروں گا۔

سوال :- ذیل کے جملوں میں افعال مضارع کو ماضی میں تبدیل کیجئے۔ نیز دونوں حالتوں میں اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں :-

جواب، مضارع : تَجْلِسُ فَاطِمَةُ عِنْدَ السَّبُّوْرَةِ — فاطمہ تختہ سیاہ کے پاس بیٹھتی ہے۔

ماضی :-	جَلَسَتْ فَاطِمَةُ عِنْدَ السَّبُّوْرَةِ	فاطمہ تختہ سیاہ کے پاس بیٹھی۔
مضارع :	اَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ فِي الصَّبَاحِ	میں صبح کے وقت سکول جاتا ہوں یا جاؤں گا۔
ماضی :	ذَهَبْتُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ فِي الصَّبَاحِ	میں صبح سکول گیا۔
مضارع :	اَحْضُرُ الْيَوْمَ اِلَيْكَ	آج میں تمہارے پاس ضرور حاضر ہوں گا۔
ماضی :	حَضَرْتُ الْيَوْمَ اِلَيْكَ	آج میں تمہارے پاس حاضر ہوا۔
مضارع :	يَطْلُبُ الْمَاءَ لِلْوَلَدِ الصَّغِيْرِ	وہ چھوٹے بچے کے لئے پانی مانگتا ہے یا مانگے گا
ماضی :	طَلَبَ الْمَاءَ لِلْوَلَدِ الصَّغِيْرِ	اُس نے چھوٹے بچے کے لئے پانی مانگا۔
مضارع :	يَاْخُذُ الْمُدَرِّسُ الْكِتَابَ	استاد صاحب کتاب لیتے ہیں یا لیں گے۔
ماضی :	اَخَذَ الْمُدَرِّسُ الْكِتَابَ	استاد صاحب نے کتاب لی۔
مضارع :	يَفْهَمُ الطُّلَّابُ فِي الْفَصْلِ	طلباء کلاس میں سمجھتے ہیں۔
ماضی :	فَهِمَ الطُّلَّابُ فِي الْفَصْلِ	طلباء نے کلاس میں سبق سمجھا۔
مضارع :-	اَقْعُدُ فَوْقَ السَّرِيْرِ	میں چارپائی پر بیٹھتی ہوں۔
ماضی :	قَعَدْتُ فَوْقَ السَّرِيْرِ	میں چارپائی پر بیٹھی۔
مضارع :	تَلْعَبُ الْبَنَاتُ فِي الْحَدِيْقَةِ	لڑکیاں باغ میں کھیلتی ہیں۔
ماضی :	لَعِبَتِ الْبَنَاتُ فِي الْحَدِيْقَةِ	لڑکیاں باغ میں کھیلیں۔

عزیز طلاب ! تمرین کے مطابق سوال حل کر دئے گئے ہیں۔ لیکن اس سبق کے مزا
کے مطابق کچھ سوال اضافی طور پر ہم حل کر رہے ہیں۔ تاکہ وہ استفادہ عام کے لئے کارآمد ہو
سوال :- فعل مضارع کی تعریف کریں۔ نیز مضارع منفی، مضارع مختص حال اور مضارع
مختص مستقبل کی تعریفات لکھتے ہوئے فعل مضارع کی گردان بھی لکھیں :-

جواب : دنیا کی کوئی زبان ایسی نہیں جس میں ماضی، حال اور مستقبل کے لئے الگ الگ صیغے
موجود نہ ہوں۔ لیکن عربی زبان کو یہ خصوصیت حاصل ہے۔ زمانہ ماضی کو ظاہر کرنے کے
لئے فعل ماضی کا استعمال ہوتا ہے۔ جبکہ حال اور مستقبل کے لئے صرف فعل مضارع کا
استعمال ہونا کافی ہے۔ ماضی کے لفظ کے شروع میں قَدْ کا استعمال کرنے سے فعل مضارع
بن جاتا ہے۔ اس لحاظ سے قَدْ کو علامت مضارع کہتے ہیں مثلاً يَسْقُطُ يَسْمَعُ وغیرہ

فعل مضارع بنانے کا قاعدہ :- ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب سے پہلے مضارع
کی علامتوں یعنی تَ - نَ - یَ - نَ میں سے ایک حرف لگا دیا جاتا ہے۔ ان چاروں علامتی حروف
کے مجموعہ کو حروف آتین کہتے ہیں جیسے فَعَلَ سے يَفْعَلُ وغیرہ علامت مضارع کے بعد پہلے

حرف ہمیشہ ساکن ہوتا ہے۔ یعنی اس پر جزم ہوتی ہے۔ دوسرا حرف مفتوح بھی ہو سکتا ہے
مضموم بھی اور مکسور بھی یعنی اس پر زیر بھی ہو سکتا ہے، پیش بھی اور زبر بھی البتہ تیسرے حرف
پر ہمیشہ پیش آتی ہے۔

قاعدہ : جس طرح فعل ماضی میں فاعل کے معنی موجود ہوتے ہیں۔ ایسے ہی فعل مضارع میں بھی
فاعل کے معانی موجود ہوتے ہیں۔ اسی طرح مضارع میں بھی ضمیر مستتر ہوتی ہے۔

صیغہ	گردان	ترجمہ
واحد مذکر غائب	يَمْنَعُ	وہ ایک آدمی روکتا ہے یا روکے گا۔
تثنیہ مذکر غائب	يَمْنَعَانِ	وہ آدمی روکتے ہیں یا روکیں گے۔
جمع مذکر غائب	يَمْنَعُوْنَ	وہ سب آدمی روکتے ہیں یا روکیں گے۔
واحد مؤنث غائب	تَمْنَعُ	وہ ایک عورت روکتی ہے یا روکے گی۔
تثنیہ مؤنث غائب	تَمْنَعَانِ	وہ دو عورتیں روکتی ہیں یا روکیں گی۔
جمع مؤنث غائب	يَمْنَعْنَ	وہ سب عورتیں روکتی ہیں یا روکیں گی۔
واحد مذکر حاضر	تَمْنَعُ	تو ایک آدمی روکتا ہے یا روکے گا۔
تثنیہ مذکر حاضر	تَمْنَعَانِ	تم دو آدمی روکتے ہو یا روکو گے۔
جمع مذکر حاضر	تَمْنَعُوْنَ	تم سب آدمی روکتے ہو یا روکو گے۔
واحد مؤنث حاضر	تَمْنَعِيْنَ	تو ایک عورت روکتی ہے یا روکے گی۔
تثنیہ مؤنث حاضر	تَمْنَعَانِ	تم دو عورتیں روکتی ہو یا روکو گی۔
جمع مؤنث حاضر	تَمْنَعْنَ	تم سب عورتیں روکتی ہو یا روکو گی۔
واحد / مذکر / مؤنث	اَمْنَعُ	میں روکتا / روکتی ہوں یا روکوں گا یا روکو گی۔
جمع / تثنیہ / مذکر / مؤنث	نَمْنَعُ	ہم روکتے یا روکتی ہیں یا روکیں گے یا روکیں گی۔

مضارع منفی :- فعل مضارع کے پہلے لَا لگانے سے مضارع منفی بن جاتا ہے
مضارع منفی میں بھی حال اور مستقبل دونوں زمانے پائے جاتے ہیں۔ جیسے لَا نَشْرَبُ ہم نہیں
پیتے یا نہیں پئیں گے۔ لَا يَقُوْمُ وہ کھڑا نہیں ہوتا یا وہ کھڑا نہیں ہوگا۔

مضارع مختص حال :- جب فعل مضارع کو صرف زمانہ حال سے مخصوص کرنا ہو تو
اس کے شروع میں لَ لگا دیتے ہیں۔ جیسے لَيَجْلِسُ وہ بیٹھتا ہے۔ لَنَذْهَبُ — ہم
جاتے ہیں۔

مضارع مختص مستقبل :- اگر مضارع کے صیغہ سے پہلے سَ یا سَوْفَ لگا دیں تو

اس کے معانی مستقبل کے ساتھ خاص ہو جاتے ہیں۔ سَ مستقبل قریب کے معنی دیتا ہے۔ اور سَوْفَ مستقبل بعید کے۔ جیسے سَیَقُوْمُ۔ وہ عنقریب کھڑا ہوگا۔ سَوْفَ۔ ہم آگے چل کر لکھیں گے۔

نوٹ: ماضی مضارع پر صرف لَمْ بھی داخل ہوتا ہے۔ اس کا عمل یہ ہے کہ اس کے داخل ہونے سے مضارع کے تمام صیغوں سے نون اعرابی گر جاتا ہے۔ اور اس میں ماضی منفی کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں۔ جیسے لَمْ یَکْتُبْ۔ اس ایک آدمی نے نہیں لکھا۔ لَمْ کے علاوہ چار حروف اور بھی جو مضارع کو جزم دیتے ہیں اور نون اعرابی کو گرا دیتے ہیں اور وہ مندرجہ ذیل ہیں:

اِنْ۔ لَمَّا۔ لَا۔ ۔ ۔ ۔ ۔ وغیرہ۔

اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ ـــــ سبق ۹

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
مَسَحَ	اُس نے پونچھا۔	خَلَعَ	اُس نے اتارا۔
حَصَلَ	اُس نے حاصل کیا۔	قَطَعَ	اُس نے کاٹا۔
رَبَطَ	اُس نے باندھا۔	نَصَحَ	اُس نے نصیحت کی۔
سَحَبَ	اُس نے کھینچا۔	صَدَقَ	وہ سچ بولا۔
کَذَبَ	وہ جھوٹ بولا۔	رَکِبَ	وہ سوار ہوا۔
عَدَّ	اُس نے گنا۔	رَدَّ	اُس نے جواب دیا۔
مَرَّ	وہ گذرا۔	سَدَّ	اُس نے بند کیا۔
مَسَّ	اُس نے چھوا۔	مَدَّ	اُس نے بڑھایا۔
شَدَّ	اُس نے پیچھے کھینچا۔	کَدَّ	اُس نے محنت کیا۔
حَجَّ	اُس نے حج کیا۔	فَرَّ	وہ بھاگ گیا۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
حَصَلَ سَعِیْدٌ عَلَی الْجَائِزَۃِ	سعید نے انعام حاصل کیا۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
حَصَلَتِ التِّلْمِیْذَۃُ عَلَی الْکِتَابِ	شاگردہ نے کتاب حاصل کی۔
رَکِبَ الْاُسْتَاذُ السَّیَّارَۃَ	استاد صاحب کار پر سوار ہوئے۔
نَصَحَتِ الْمَرْاَۃُ بِنْتَھَا	عورت نے اپنی بیٹی کو نصیحت کی۔
مَسَحَ یَدَہٗ بِالْوَرَقَۃِ	اُس نے اپنے ہاتھ کو کاغذ سے صاف کیا۔
مَسَحَتْ یَدَھَا بِالْمِنْشَفَۃِ	اُس (مؤنث) نے اپنا ہاتھ تولیے سے صاف کیا۔
خَلَعَ الْعَامِلُ الْحَجَرَ۔	مزدور نے پتھر کو اکھاڑا۔
ضَحِکَتِ الْبِنْتُ عَلَیْکَ	لڑکی آپ پر ہنسی۔
سَحَبَ الْوَلَدُ الدَّرَّاجَۃَ	بچے نے سائیکل کھینچی۔
جَلَسَتْ فَاطِمَۃُ عِنْدَ الشَّجَرَۃِ	فاطمہ درخت کے پاس بیٹھی۔
رَبَطَ الْخَادِمُ الْبَقَرَۃَ	نوکر نے گائے باندھی۔
مَسَحَتِ الْبِنْتُ السَّبُّوْرَۃَ	لڑکی نے تختہ سیاہ پونچھا۔
نَصَحَ الْوَالِدُ وَلَدَہٗ	باپ نے اپنے بیٹے کو نصیحت کی۔
عَمِلَتِ الْمَرْاَۃُ فِی الْحَدِیْقَۃِ	عورت نے باغ میں کام کیا۔
قَطَعَ الرَّجُلُ الْحَبْلَ۔	آدمی نے رسی کاٹی۔
فَتَحَتْ فَھْمِیْدَۃُ الْبَابَ۔	فہمیدہ نے دروازہ کھولا۔
صَدَقَ الرَّجُلُ	آدمی نے سچ بولا۔
صَدَقَتِ الْاُسْتَاذَۃُ	اُستانی نے سچ بولا۔
حَصَلْتَ عَلَی الْقَلَمِ	تو (مذکر) نے قلم حاصل کیا۔
حَصَلْتِ عَلَی الْکِتَابِ	تو (مؤنث) نے کتاب حاصل کی۔
رَکِبْتَ الدَّرَّاجَۃَ مِنَ الْبَیْتِ اِلَی الْمَدْرَسَۃِ	تو (مذکر) گھر سے سکول تک سوار ہوا۔
رَکِبْتِ الْجَمَلَ فِی الصَّحْرَاءِ۔	تو (مؤنث) صحرا میں اونٹ پر سوار ہوئی۔
خَلَعْتَ الْقَمِیْصَ۔	تو (مذکر) نے قمیض اتاری۔
خَلَعْتِ الْوَرَقَۃَ مِنَ الْکِتَابِ۔	تو (مؤنث) نے کتاب میں سے ورق پھاڑا۔
صَدَقْتَ فِیْ کَلَامِکَ	تو (مذکر) نے اپنی گفتگو میں سچ بولا۔
صَدَقْتِ فِیْ کَلَامِکِ	تو (مؤنث) نے اپنی گفتگو میں سچ بولا۔
سَحَبْتَ السِّتَارَۃَ	تو (مذکر) نے پردہ کھینچا۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
سَحَبَتِ السِّتَارَةَ	تو (مؤنث) نے پردہ کھینچا۔
نَظَرَتْ إِلَى الصُّوْرَةِ	تو (مذکر) نے تصویر کی طرف دیکھا۔
نَظَرَتْ إِلَى الْوَرْدَةِ	تو (مؤنث) نے پھول کی طرف دیکھا۔
كَتَبَتِ الدَّرْسَ	تو (مذکر) نے سبق لکھا۔
كَتَبَتِ الرِّسَالَةَ	تو (مؤنث) نے خط لکھا۔
قَعَدْتَ عَلَى الْأَرْضِ	تو (مذکر) زمین پر بیٹھا۔
قَعَدْتِ عَلَى الْكُرْسِيِّ	تو (مؤنث) کرسی پر بیٹھی۔
حَصَلْتُ عَلَى الْكِتَابِ	میں نے کتاب حاصل کی۔
حَصَلْنَا عَلَى الْكِتَابِ	ہم نے کتاب حاصل کی۔
مَسَحْتُ السَّبُّوْرَةَ	میں نے تختہ سیاہ پونچھا۔
مَسَحْنَا السَّبُّوْرَةَ	ہم نے تختہ سیاہ پونچھا۔
مَسَحْتُ يَدِيْ بِالْمِنْدِيْلِ	میں نے اپنا ہاتھ رومال سے پونچھا۔
مَسَحْنَا السَّيَّارَةَ	ہم نے کار پونچھی۔
قَطَعْتُ الْحَبْلَ	میں نے رسی کاٹی۔
قَطَعْنَا الْحَبْلَ	ہم نے رسی کاٹی۔
نَصَحْتُ التَّلَامِيْذَ فِي الْفَصْلِ	میں نے کلاس روم میں طلباء کو نصیحت کی۔
نَصَحْنَا التَّلَامِيْذَ فِي الْفَصْلِ	ہم نے جماعت میں طلباء کو نصیحت کی۔
رَجَعْتُ مِنَ الْحَجِّ	میں حج سے لوٹا۔
رَجَعْنَا مِنْ لَاهُوْر	ہم لاہور سے لوٹے۔
أَخَذْتُ دَرْسًا سَهْلًا	میں نے آسان سبق لیا۔
سَمِعْنَا دَرْسًا مُفِيْدًا	ہم نے مفید سبق سنا۔
حَصَلْتُ عَلَى الْكِتَابِ	میں نے کتاب حاصل کی۔
رَجَعْتَ مِنَ الْحَجِّ	تو (مذکر) حج سے لوٹا۔
أَخَذَ الدَّرْسَ مِنَ الْأُسْتَاذِ	اُس نے استاد صاحب سے سبق لیا۔
حَضَرْنَا صَبَاحًا	ہم صبح حاضر ہوئے۔
هَلْ طَلَبَتْ مَاءً ؟	کیا تو (مؤنث) نے پانی مانگا ؟

عربی جملے	اردو ترجمہ
دَخَلَ الْمَنْزِلَ	وہ گھر میں داخل ہوا۔
عَرَفْنَا الطَّرِيْقَ	ہم نے راستہ پہچانا۔
رَبَطْتُ الْبَقَرَةَ	میں نے گائے باندھی۔
رَبَطَ الْخَادِمُ الْبَقَرَ	نوکر نے گائے باندھی۔
نَصَحْتَ الْوَلَدَ	تو (مذکر) نے بچے کو نصیحت کی۔
عَدَّ التِّلْمِيْذُ الْكُتُبَ	طالب علم نے کتابوں کو گنا۔
عَدَّتِ التِّلْمِيْذَةُ الْأَوْرَاقَ	طالبہ نے کاغذات گنے۔
هُوَ عَدَّ الْأَوْلَادَ	اُس نے بچوں کو گنا۔
هُوَ عَدَّتِ الْأَوْلَادَ	اُس (مؤنث) نے بچوں کو گنا۔
اَلْوَلَدُ مَسَّ النَّارَ	بچے نے آگ کو چھوا۔
اَلْبِنْتُ مَسَّتْ وَرَقَةً	بچی نے کاغذ کو چھوا۔
اَلرَّجُلُ مَسَّ الْأَمَانَةَ	آدمی نے امانت کو چھوا۔
اَلْمَرْأَةُ مَسَّتِ الْأَمَانَةَ	عورت نے امانت کو چھوا۔
مَرَّ مَحْمُوْدٌ مِنْ تَحْتِ الشَّجَرَةِ	محمود درخت کے نیچے سے گذرا۔
مَرَّتِ الْبِنْتُ مِنْ هُنَا	بیٹی یہاں سے گذری۔
كَدَّ الْعَامِلُ كَثِيْرًا	مزدور نے سخت محنت کی۔
كَدَّتِ الْخَادِمَةُ فِي الْعَمَلِ	نوکرانی نے کام میں محنت کی۔
مَدَّ الْمُدَرِّسُ الدَّرْسَ	استاد صاحب نے سبق پھیلایا۔
فَرَّتِ الْهِرَّةُ مِنَ الْكَلْبِ	بلی کتے سے بھاگی۔
اَلرَّجُلُ شَدَّ الْحَبْلَ	آدمی نے رسی کو کھینچا / باندھا
اَلسَّيَّارَةُ سَدَّتِ الطَّرِيْقَ	کار نے راستہ بند کیا۔
صَدَّ الْجَيْشُ هُجُوْمَ الْعَدُوِّ	فوج نے دشمن کا حملہ روکا۔
رَدَّتْ فَاطِمَةُ عَلَى الرِّسَالَةِ	فاطمہ نے خط کا جواب دیا۔
عَدَدْتَ الْكُتُبَ	تو (مذکر) نے کتابوں کو گنا۔
عَدَدْتِ النُّقُوْدَ	تو (مؤنث) نے سکوں کو گنا۔
عَدَدْتُ الْكُتُبَ	میں نے کتابوں کو گنا۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
عَدَدْنَا الرِّجَالَ	ہم نے مردوں کو گنا
عَدَدْتَ كَثِيْرًا	تو (مذکر) نے بہت محنت کی۔
عَدَدْتِ كَثِيْرًا	تو (مؤنث) نے بہت محنت کی۔
عَدَدْتُ كَثِيْرًا	میں نے بہت محنت کی۔
عَدَدْنَا كَثِيْرًا	ہم نے بہت محنت کی۔
رَدَدْتَ الْكِتَابَ	تو (مذکر) نے کتاب لوٹائی۔
رَدَدْتِ الْكِتَابَ	تو (مؤنث) نے کتاب لوٹائی۔
رَدَدْتُ الْكِتَابَ	میں نے کتاب لوٹائی۔
رَدَدْنَا الْكِتَابَ	ہم نے کتاب لوٹائی۔
رَدَدْتَ عَلَى الرِّسَالَةِ	تو (مذکر) نے خط کا جواب دیا۔
رَدَدْتِ عَلَى الرِّسَالَةِ	تو (مؤنث) نے خط کا جواب دیا۔
رَدَدْتُ عَلَى الرِّسَالَةِ	میں نے خط کا جواب دیا۔
رَدَدْنَا عَلَى الرِّسَالَةِ	ہم نے خط کا جواب دیا۔
مَدَدْتَ الْكِتَابَ إِلَيْهِ	تو (مذکر) نے کتاب اس کی طرف بڑھائی۔
مَدَدْتِ الْكِتَابَ إِلَيْهِ	تو (مؤنث) نے کتاب اس کی طرف بڑھائی۔
مَدَدْتُ الْكِتَابَ إِلَيْهِ	میں نے کتاب اس کی طرف بڑھائی۔
مَدَدْنَا الْكِتَابَ إِلَيْهِ	ہم نے کتاب اس کی طرف بڑھائی۔
مَرَرْتَ مِنَ الْمَسْجِدِ	تو (مذکر) مسجد سے گذرا۔
مَرَرْتِ مِنَ الْحَدِيْقَةِ	تو (مؤنث) باغ سے گذری۔
مَرَرْتُ مِنْ عِنْدِكَ	میں تیرے پاس سے گذرا۔
مَرَرْنَا مِنْ هُنَا	ہم یہاں سے گذرے۔
يَعُدُّ الْوَلَدُ الْأَقْلَامَ۔	لڑکا قلم گنتا ہے یا گنے گا۔
تَعُدُّ الْبِنْتُ الصُّحُفَ	بچی صحیفے گنتی ہے یا گنے گی۔
أَنْتَ تَعُدُّ الْأَكْوَابَ	تو پیالیوں کو گنتا ہے یا گنے گا۔
أَعُدُّ الْفَوَاكِهَ	میں پھل گنتا ہوں یا گنوں گا۔
نَعُدُّ الْأَبْوَابَ	ہم دروازے گنتے ہیں یا گنیں گے

عربی جملے	اردو ترجمہ
اَلْوَلَدُ يَرُدُّ الْبَابَ۔	لڑکا دروازہ بند کرتا ہے/کرے گا
أَنَا أَرُدُّ هٰذِهِ الْكُرَّاسَةَ۔	میں یہ کاپی لوٹاتا ہوں یا لوٹاؤں گا۔
يَمُسُّ الْوَلَدُ الْكِتَابَ۔	لڑکا کتاب کو چھوتا ہے یا چھوئے گا۔
تَسُدُّ السَّيَّارَةُ الشَّارِعَ	کار راستہ بند کرتی ہے یا کرے گی۔
أَنَا أَمُرُّ عَلَيْكَ الْيَوْمَ	میں آج آپ کی طرف سے گزروں گا یا گزرتا ہوں۔
لَا تَمُرُّ مِنْ عِنْدِنَا إِلَّا قَلِيْلًا	تو ہماری طرف سے نہیں گذرتا مگر تھوڑی دیر کے لئے۔
تَشُدُّ الْحَبْلَ	تو رسی کو کھینچتا/باندھتا ہے
يَكُدُّ الرَّجُلُ فِيْ عَمَلِهِ	آدمی اپنے کام میں سخت محنت کرتا ہے یا کرے گا۔
يَصُدُّ الشَّيْطَانُ عَنْ فِعْلِ الْخَيْرِ۔	شیطان اچھے کام سے روکتا ہے۔
هَلْ رَدَدْتَ عَلَى الرِّسَالَةِ ؟	کیا آپ نے خط کا جواب دیا؟
نَعَمْ رَدَدْتُ عَلَى الرِّسَالَةِ	جی ہاں، میں نے خط کا جواب دیا۔
هَلْ تَرُدُّ الْكِتَابَ ؟	کیا تو نے کتاب لوٹائی؟
نَعَمْ أَرُدُّ الْكِتَابَ وَالْقَلَمَ	جی ہاں میں نے کتاب اور قلم لوٹائے۔
هَلْ تَرُدُّ التِّلْمِيْذَةُ الْكِتَابَ ؟	کیا شاگردہ کتاب لوٹاتی ہے یا لوٹائے گی؟
نَعَمْ تَرُدُّ الْكِتَابَ	جی ہاں وہ کتاب لوٹاتی ہے یا لوٹائے گی۔
لِمَاذَا سَدَدْتَ الطَّرِيْقَ۔	تو نے راستہ کیوں بند کیا؟
مَا سَدَدْتُ الطَّرِيْقَ بَلْ أَنْتَ سَدَدْتَهَا۔	میں نے راستہ بند نہیں کیا بلکہ تو نے اس کا راستہ بند کیا ہے۔
هَلْ تَمُرُّ الْيَوْمَ ؟	کیا تو آج گذرے گا؟
نَعَمْ أَمُرُّ فِي الْمَسَاءِ	میں شام کو گذروں گا۔
مَتٰى تَحُجُّ ؟	تو حج کب کرے گا؟
أَحُجُّ فِي الْعَامِ الْقَادِمِ	میں اگلے سال حج کروں گا۔
هَلْ حَجَجْتَ ؟	کیا تو نے حج کیا؟
مَا حَجَجْتُ إِلَّا مَرَّةً وَاحِدَةً	میں نے حج نہیں کیا سوائے ایک دفعہ کے۔
هَلْ حَجَّ أَبُوْكَ ؟	کیا تیرے باپ نے حج کیا؟
نَعَمْ حَجَّ أَبِيْ قَبْلَ سَنَةٍ	جی ہاں میرے باپ نے ایک سال قبل حج کیا۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
هَلْ حَجَّتْ اُمُّكَ (؟)	کیا تیری ماں نے حج کیا ؟
لَا مَا حَجَّتْ ۔	نہیں اُس نے حج نہیں کیا ۔

تمرین

مندرجہ ذیل جملوں میں افعال مضارع کو ماضی میں تبدیل کیجئے :۔

مضارع : اَلْعَبُ فِی الْحَدِیْقَةِ	میں باغ میں کھیلتا ہوں۔
ماضی : لَعِبْتُ فِی الْحَدِیْقَةِ	میں باغ میں کھیلا ۔
مضارع : نَرُدُّ عَلَی الرِّسَالَةِ	ہم خط کا جواب دیتے ہیں ۔
ماضی : رَدَدْنَا عَلَی الرِّسَالَةِ	ہم نے خط کا جواب دیا۔
مضارع : اَلْبِنْتُ تَمَسُّ النَّارَ	لڑکی آگ کو چھوتی ہے ۔
ماضی : اَلْبِنْتُ مَسَّتِ النَّارَ	لڑکی نے آگ کو چھوا ۔
مضارع : یَاْکُلُ الْوَلَدُ فَاکِهَةً	لڑکا پھل کھاتا ہے یا کھائے گا۔
ماضی : اَکَلَ الْوَلَدُ الْفَاکِهَةَ	لڑکے نے پھل کھایا ۔
مضارع : اَرْبِطُ بَقَرَتِیْ عِنْدَ الشَّجَرَةِ	میں اپنی گائے درخت کے پاس باندھتا ہوں ۔
ماضی : رَبَطْتُ بَقَرَتِیْ عِنْدَ الشَّجَرَةِ	میں نے اپنی گائے درخت کے پاس باندھی ۔
مضارع : نَاْکُلُ الطَّعَامَ	ہم کھانا کھاتے ہیں یا کھائیں گے ۔
ماضی : اَکَلْنَا الطَّعَامَ	ہم نے کھانا کھایا ۔
مضارع : اَحْصُلُ عَلٰی حَقِّیْ	میں اپنا حق حاصل کرتا ہوں ۔
ماضی : حَصَلْتُ عَلٰی حَقِّیْ	میں نے اپنا حق حاصل کیا ۔
مضارع : یَصْدُقُ الْوَلَدُ	لڑکا سچ بولتا ہے یا بولے گا ۔
ماضی : صَدَقَ الْوَلَدُ	لڑکے نے سچ بولا ۔
مضارع : نَرْکَبُ الدَّرَّاجَةَ	ہم سائیکل پر سوار ہوتے ہیں یا ہوں گے ۔
ماضی : رَکِبْنَا الدَّرَّاجَةَ	ہم سائیکل پر سوار ہوئے ۔
مضارع : هُوَ یَمُرُّ عَلَیْنَا	وہ ہمارے پاس سے گذرتا ہے یا گذرے گا۔
ماضی : هُوَ مَرَّ عَلَیْنَا	وہ ہمارے پاس سے گذرا ۔

سوال : مندرجہ ذیل افعال کے ساتھ (تُ ۔ تِ ۔ تَ اور نَا) لگائیے :۔

جواب : فعل تُ واحد متکلم تَ واحد مخاطب مذکر تِ واحد مخاطب مؤنث نَا جمع متکلم

رَدَّ	رَدَدْتُ	رَدَدْتَ	رَدَدْتِ	رَدَدْنَا
فَرَّ	فَرَرْتُ	فَرَرْتَ	فَرَرْتِ	فَرَرْنَا
مَسَّ	مَسَسْتُ	مَسَسْتَ	مَسَسْتِ	مَسَسْنَا
عَدَّ	عَدَدْتُ	عَدَدْتَ	عَدَدْتِ	عَدَدْنَا
جَلَسَ	جَلَسْتُ	جَلَسْتَ	جَلَسْتِ	جَلَسْنَا
سَدَّ	سَدَدْتُ	سَدَدْتَ	سَدَدْتِ	سَدَدْنَا
نَصَحَ	نَصَحْتُ	نَصَحْتَ	نَصَحْتِ	نَصَحْنَا
حَجَّ	حَجَجْتُ	حَجَجْتَ	حَجَجْتِ	حَجَجْنَا
مَرَّ	مَرَرْتُ	مَرَرْتَ	مَرَرْتِ	مَرَرْنَا
مَدَّ	مَدَدْتُ	مَدَدْتَ	مَدَدْتِ	مَدَدْنَا
كَدَّ	كَدَدْتُ	كَدَدْتَ	كَدَدْتِ	كَدَدْنَا

نوٹ : ہم نے درج بالا افعال کے معانی اس لئے نہیں لکھے کہ یہ تمام الفاظ سابقہ اسباق میں گذر چکے ہیں اور ان کے معانی بالتفصیل درج بھی کر دئے گئے ہیں ۔

سوال : مندرجہ ذیل الفاظ کو اس طرح ترتیب دیجئے کہ فعلیہ جملے بن جائیں :۔

یَاْکُلُ الْوَلَدُ الْفَاکِهَةَ	لڑکا پھل کھاتا ہے یا کھائے گا۔
یَاْخُذُ الْاُسْتَاذُ الْقَلَمَ ۔	استاد صاحب قلم لیتے ہیں یا لیں گے ۔
شَدَّتِ الْبِنْتُ الْحَبْلَ	لڑکی نے رسی کھینچی / باندھی
یَمْسَحُ الْوَلَدُ یَدَهٗ	لڑکا اپنا ہاتھ صاف کرتا ہے یا کرے گا ۔
دَرَسَتِ الْبِنْتُ هُنَا	لڑکی نے یہاں پڑھا
قَرَاَ اُسْتَاذِیْ	میرے استاد صاحب نے پڑھا

سوال :۔ مندرجہ ذیل افعال سے صیغہ واحد مؤنث غائب بنائیے اور ترجمہ بھی کیجئے ۔

جواب :

افعال	واحد مؤنث غائب	ترجمہ
سَدَّ	سَدَّتْ	اُس عورت نے بند کیا ۔
سَحَبَ	سَحَبَتْ	اُس عورت نے کھینچا ۔
شَرِبَ	شَرِبَتْ	اُس عورت نے پیا ۔

افعال	واحد مؤنث غائب	ترجمہ
خَلَعَ	خَلَعَتْ	اُس عورت نے اکھاڑا ۔
سَقَطَ	سَقَطَتْ	وہ گری ۔
كَذَبَ	كَذَبَتْ	وہ جھوٹ بولی ۔

سوال :۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات عربی میں دیجئے :۔

جواب : س : هَلْ رَدَدْتَ الْوَرَقَةَ ؟ — کیا تم نے کاغذ واپس کیا ؟

ج : نَعَمْ رَدَدْتُ الْوَرَقَةَ — جی ہاں میں نے کاغذ واپس کیا ۔

س : مَتٰى تَحْصُلُ عَلَى الشَّهَادَةِ ؟ — تم ڈگری کب حاصل کروگے ؟

ج : اَحْصُلُ عَلَى الشَّهَادَةِ فِي الْعَامِ الْقَادِمِ — میں آئندہ سال ڈگری حاصل کروں گا ۔

س : اِلٰى اَيْنَ تَنْظُرُ ؟ — تم کس طرف دیکھ رہے ہو ؟

ج : اَنْظُرُ اِلَى الْخَارِجِ — میں باہر کی طرف دیکھ رہا ہوں ۔

س : مَاذَا سَقَطَ عَلَى الْاَرْضِ — زمین پر کیا گرا ؟

ج : سَقَطَ قَلَمٌ عَلَى الْاَرْضِ — زمین پر قلم گرا ۔

س : كَيْفَ خَلَعْتَ الْبَابَ ؟ — تم نے دروازہ کس طرح اکھاڑا ؟

ج : خَلَعْتُ الْبَابَ بِيَدِي — میں نے دروازہ اپنے ہاتھ سے اکھاڑا ۔

س : مَتٰى تَحُجُّ ؟ — تم حج کب کروگے ؟

ج : اَحُجُّ فِي الْعَامِ الْقَادِمِ — میں آئندہ سال حج کروں گا ۔

سوال نمبر ۶ :۔ مندرجہ ذیل محاورات کا عربی میں ترجمہ کریں :۔

اردو جملے	عربی ترجمہ
آپ نے کیا کھایا ؟	مَاذَا أَكَلْتَ ؟
محمود کھانا کھاتا ہے ۔	يَأْكُلُ مَحْمُوْدُ الطَّعَامَ ۔
فاطمہ گھر واپس آئی	رَجَعَتْ فَاطِمَةُ اِلَى الْبَيْتِ
میں مفید بات سنتا ہوں ۔	اَسْمَعُ الْكَلَامَ الْمُفِيْدَ
وہ میری استانی ہے ۔	هِيَ اُسْتَاذَتِيْ
میں امتحان میں فیل نہیں ہوں گا ۔	لَا اَسْقُطُ فِي الْاِمْتِحَانِ
خوبصورت لڑکی لمبے درخت کے پاس ہے ۔	اَلْبِنْتُ الْجَمِيْلَةُ عِنْدَ الشَّجَرَةِ الـ
میں نے اپنا حق حاصل کیا ۔	حَصَلْتُ عَلٰى حَقِّيْ ۔

اردو جملے	عربی ترجمہ
وہ ہوائی جہاز میں سوار ہوتا ہے ۔	هُوَ يَرْكَبُ الطَّائِرَةَ
ہم نے پانی پیا ۔	شَرِبْنَا الْمَاءَ
میرے والد مسکین کو واپس نہیں کرتے ۔	لَا يَرُدُّ وَالِدِي الْمِسْكِيْنَ
بچہ دروازہ کھولتا ہے ۔	يَفْتَحُ الْوَلَدُ الْبَابَ
لڑکا گیند سے کھیلتا ہے ۔	يَلْعَبُ الْوَلَدُ بِالْكُرَةِ
تو دروازہ کھولتا ہے ۔	تَفْتَحُ الْبَابَ
شاگرد کاغذ پر لکھتا ہے ۔	يَكْتُبُ التِّلْمِيْذُ عَلَى الْوَرَقَةِ
نیک آدمی لمبے دن میں روزے رکھتا ہے ۔	يَصُوْمُ الرَّجُلُ الصَّالِحُ فِي النَّهَارِ الطَّوِيْلِ ۔
اُستانی نے اپنی شاگردہ کو نصیحت کی ۔	نَصَحَتِ الْاُسْتَاذَةُ تِلْمِيْذَتَهَا ۔
آپ نے کب حج کیا ؟	مَتٰى حَجَجْتَ ؟
وہ آج سکول نہیں جائے گا ۔	هُوَ لَا يَذْهَبُ الْيَوْمَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ ۔
ہم قلم گنتے ہیں ۔	نَعُدُّ الْاَقْلَامَ ۔
لڑکی کھڑکی دیکھتی ہے ۔	تَنْظُرُ الْبِنْتُ مِنَ النَّافِذَةِ ۔
فاطمہ کلاس میں داخل ہوتی ہے ۔	تَدْخُلُ فَاطِمَةُ فِي الصَّفِّ ۔
تو باغ کی طرف دیکھتا ہے ۔	تَنْظُرُ اِلَى الْحَدِيْقَةِ ۔
تو نیک مرد ہے ۔	اَنْتَ رَجُلٌ صَالِحٌ ۔
آپ مکہ معظمہ کب جائیں گے ؟	مَتٰى تَذْهَبُ اِلٰى مَكَّةَ الْمُعَظَّمَةِ ۔
زید نے قلم سے لکھا ۔	كَتَبَ زَيْدٌ بِالْقَلَمِ ۔
میں کویت سے واپس آیا ۔	رَجَعْتُ مِنَ الْكُوَيْتِ ۔

سوال :۔ فعل مضاعف کسے کہتے ہیں ۔ مثالوں سے واضح کریں ۔

جواب :۔ جس فعل میں ایک جنس کے دو حرف پائے جاتے ہوں ۔ اسے مضاعف کہتے ہیں ۔ جیسے رَدَّ ۔ فَرَّ ۔ مَدَّ وغیرہ ۔ مزید تشریح طلب نکات یہ ہیں :۔

۱ ۔ جب دو حرف ایک جنس کے ایک کلمہ میں آجائیں اور پہلا ساکن ہو تو اسے دوسرے میں ادغام کردیتے ہیں ۔ اور اس حرف کو متشدد کردیتے ہیں ۔ جیسے مَدَّ اصل میں مَدْدَ تھا ۔

۲ ۔ اگر دونوں متحرک ہوں اور اول کا ماقبل بھی متحرک ہو تو اس صورت میں اول کو ساکن

کر کے دوسرے میں ادغام کر دیتے ہیں جیسے مَدَّ اصل میں مَدَدَ تھا۔

۳۔ اگر دونوں متحرک ہوں لیکن اول کا ماقبل ساکن ہو اور غیر مدہ ہو تو اس صورت میں اول کی حرکت کو ماقبل کی طرف نقل کر کے اوّل کو ثانی میں ادغام کر دیتے ہیں۔ جیسے یَمُدُّ اصل میں یَمْدُدُ تھا اس طرح مضاعف کے چند صیغوں میں تغیر بھی ہوتا ہے اس کا ذکر طوالت کی وجہ سے نہیں کیا گیا۔ الگ گرائمر میں انشاء اللہ کیا جائے گا۔

اَلدَّرْسُ الْعَاشِرُ ـــــ سبق ۱۰

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
حَمَلَ	اُس نے اٹھایا	فَرِحَ	وہ خوش ہوا
حَزِنَ	وہ غمگین ہوا۔	سَكَنَ	وہ سکونت پذیر ہوا۔
قَبِلَ	اُس نے قبول کیا	مَزَحَ	اُس نے مذاق کیا۔
كَرِهَ	اُس نے نفرت کی۔	رَفَعَ	اُس نے اٹھایا۔
بَلَغَ	وہ پہنچا	نَزَلَ	وہ اترا
شَبِعَ	وہ سیر ہوا	بَدَأَ	اُس نے شروع کیا
عَطِشَ	وہ پیاسا ہوا	اَذِنَ	اُس نے اجازت دی
عَرَضَ	اُس نے پیش کیا	وَقَعَ	وہ گرا۔
وَقَفَ	وہ ٹھہرا	وَجَدَ	اُس نے پایا
وَصَلَ	وہ ملا	وَعَدَ	اُس نے وعدہ کیا
بَاعَ	اُس نے فروخت کیا	عَاشَ	وہ زندہ رہا۔
صَاحَ	اُس نے چیخ ماری	نَامَ	وہ سویا۔
خَافَ	وہ ڈرا	جَاعَ	اُسے بھوک لگی۔
فَازَ	وہ کامیاب ہوا	قَالَ	اُس نے کہا۔
صَامَ	اُس نے روزہ رکھا	قَامَ	وہ کھڑا ہوا۔
جَرَى	وہ دوڑا	مَشَى	وہ چلا۔
عَلَا	وہ بلند ہوا	رَمَى	اُس نے پھینکا۔
دَعَا	اُس نے بلایا		

عربی جملے	اردو ترجمہ
حَمَلَ الْوَلَدُ الْكِتَابَ	بچے نے کتاب اٹھائی۔
حَمَلَتِ الْبِنْتُ الْكِتَابَ	بچی نے کتاب اٹھائی۔
حَمَلَتِ الْكُرْسِيَّ	تو (مذکر) نے کرسی اٹھائی۔
حَمَلْتُ الْفَاكِهَةَ	مَیں نے پھل اٹھایا۔
يَحْمِلُ الْوَلَدُ النُّقُوْدَ	بچہ رقم گنتا ہے یا گنے گا۔
اَلْبِنْتُ تَحْمِلُ السَّلَّةَ	لڑکی ٹوکری اٹھاتی ہے یا اٹھائے گی۔
حَمَلَ الْاِنْسَانُ اَمَانَةً عَظِيْمَةً۔	انسان نے بہت بڑی امانت اٹھائی۔
فَرِحَ الْاُسْتَاذُ مِنَ التِّلْمِيْذِ۔	استاد شاگرد سے خوش ہوا۔
حَزِنْتَ مِنَ الْخَبَرِ۔	تو (مذکر) خبر سے غمگین ہوا۔
لَا يَحْزَنُ الْوَلَدُ	بچہ غمگین نہیں ہوتا یا نہیں ہوگا۔
فَرِحَتِ التِّلْمِيْذَةُ	شاگردہ خوش ہوئی۔
سَكَنْتُ قَلِيْلًا	مَیں تھوڑی دیر ٹھہرا۔ مجھے تھوڑا سا سکون ملا۔
سَكَنَ الصَّوْتُ	آواز ساکن ہو گئی۔
سَكَنَ الْمَرِيْضُ	مریض کو سکون ملا۔
قَبِلَ الْاُسْتَاذُ الْهَدِيَّةَ	استاد نے تحفہ قبول کر لیا۔
قَبِلْتَ الْبَيْعَ	تو نے بیع قبول کی؟
سَكَنَ الْمَرِيْضَةُ بَعْدَ الْعِلَاجِ	مریضہ کو علاج کے بعد آرام ملا۔
اَنَا لَا اَمْزَحُ كَثِيْرًا	مَیں زیادہ مذاق نہیں کرتا۔
يَقْبَلُ الشِّرَاءَ	وہ سودا قبول کرتا ہے یا کرے گا۔
فَرِحَ الْوَلَدُ	بچہ خوش ہوا۔
اَنْتَ لَا تَمْزَحُ مَعَ اَحَدٍ	تو کسی ایک سے مذاق نہیں کرتا۔
نَحْنُ نَكْرَهُ الْيَهُوْدَ	ہم یہود سے نفرت کرتے ہیں۔
اَنَا اَكْرَهُ الْكَذِبَ	مَیں جھوٹ سے نفرت کرتا ہوں۔
نَزَلَتِ الطَّبِيْبَةُ مِنْ غُرْفَتِهَا	لیڈی ڈاکٹر اپنے کمرہ سے اُتری۔
تَنْزِلُ الْاَمْطَارُ هٰذَا الْيَوْمَ	آج بارش ہوئی ہے یا ہوگی۔
رَفَعْتُ الْكِتَابَ مِنَ الْاَرْضِ	مَیں نے کتاب زمین سے اٹھائی۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
اَلْعِلْمُ يَرْفَعُ قَدْرَ الْإِنْسَانِ	علم انسان کی قدر بڑھاتا ہے ۔
بَدَأَ الدَّرْسُ	سبق شروع ہوا ۔
اَلدَّرْسُ يَبْدَأُ صَبَاحًا	سبق صبح شروع ہوتا ہے
أَنْتَ بَدَأْتَ عَمَلَكَ فِي الصَّبَاحِ	تو نے اپنا کام صبح شروع کیا ۔
بَلَغَ الْخَبَرُ إِلَى الْحُكُومَةِ	حکومت کو خبر پہنچی ۔
اَلْأَخْبَارُ تَبْلُغُ الْحُكُومَةَ	خبریں حکومت کو پہنچتی ہیں ۔
بَلَغَتِ الْبِنْتُ الصَّفَّ الْأَخِيرَ	لڑکی آخری کلاس میں پہنچ گئی ۔
عَطِشَ الطِّفْلُ	بچے کو پیاس لگی / پیاسا بچہ
عَطِشَتِ الزُّرُوعُ	کھیتیاں پیاسی ہوئیں ؟
هَلْ عَطِشْتَ ؟	کیا تو پیاسا ہے ؟
لَا ، مَا عَطِشْتُ	نہیں ، میں پیاسا نہیں ہوں ۔
الطِّفْلُ يَعْطَشُ كَثِيرًا	بچے کو زیادہ پیاس لگتی ہے یا لگے گی ۔
الزُّرُوعُ تَعْطَشُ فِي الصَّيْفِ	کھیتیاں گرمیوں میں پیاسی ہوتی ہیں ۔
أَنَا لَا أَعْطَشُ فِي الشِّتَاءِ	مجھے موسم سرما میں پیاس نہیں لگتی ۔
هَلْ شَبِعْتَ مِنَ الطَّعَامِ ؟	کیا تو کھانے سے سیر ہو گیا ؟
نَعَمْ ، شَبِعْتُ	جی ہاں ، میں سیر ہو گیا ۔
عَرَضْتُ عَمَلِي عَلَى الْمُدِيرِ	میں نے اپنا کام ڈائریکٹر کو پیش کر دیا ۔
مَتَى تَعْرِضُ عَمَلَكَ ؟	تو اپنا کام کب پیش کرے گا ۔
لَا ، أَعْرِضُهُ الْيَوْمَ بَلْ غَدًا	میں آج اسے پیش نہیں کروں گا بلکہ کل کروں گا
هَلْ أَذِنَ الْأُسْتَاذُ بِالدُّخُولِ ؟	کیا استاد نے داخل ہونے کی اجازت دی ؟
نَعَمْ ، أَذِنَ بِالدُّخُولِ	ہاں انہوں نے داخل ہونے کی اجازت دی ۔
هَلْ تَأْذَنُ لِي الدخول	کیا آپ مجھے داخل ہونے کی اجازت دیتے ہیں ۔
لَا ، مَا آذَنُ لَكَ	نہیں میں تجھے اجازت نہیں دیتا
لَا ، يَأْذَنُ الْمُدِيرُ بِالْخُرُوجِ ۔	ڈائریکٹر جانے کی اجازت نہیں دیتا ۔

اب ایسے افعال کی مثالیں پیش کی جاتی ہیں جن میں حروفِ علت میں سے کوئی حرف موجود ہو ؛

ا : بَاعَ الرَّجُلُ الْخُبْزَ	آدمی نے روٹی فروخت کی ۔
عَاشَتْ جَدَّتِي طَوِيلًا	میری دادی نے لمبی زندگی گذاری ۔

هَلْ بِعْتَ الْكُتُبَ ؟	کیا تو نے کتابیں فروخت کیں ؟
لَا ، مَا بِعْتُ الْكُتُبَ	نہیں ، میں نے کتابیں فروخت نہیں کیں ۔
عِشْتُ وَقْتًا طَوِيلًا فِي مَكَّةَ	میں نے کافی عرصہ مکہ میں گذارا ۔
يَبِيعُ الرَّجُلُ الْخُبْزَ	آدمی روٹی فروخت کرتا ہے یا کرے گا ۔
أَنَا أَبِيعُ الْفَاكِهَةَ	میں پھل فروخت کرتا ہوں / کروں گا
أَنْتَ تَبِيعُ هُنَا	تو یہاں فروخت کرتا ہے یا کرے گا ۔
هِيَ تَبِيعُ الْأَقْلَامَ	وہ قلم فروخت کرتی ہے یا کرے گی ۔
يَعِيشُ الزَّرْعُ بِالْمَاءِ	کھیتی پانی میں رہتی ہے یا رہے گی ۔
أَنَا أَعِيشُ فِي بَاكِسْتَانَ	میں پاکستان میں رہتا ہوں
أَعِيشُ بَقِيَّةَ عُمُرِي فِي الْمَدِينَةِ	میں اپنی باقی زندگی مدینہ میں گزاروں گا ۔
صَاحَ الرَّجُلُ	آدمی چیخا ۔
لِمَاذَا تَصِيحُ ؟	تو کیوں چیختا ہے !
أَنَا مَا صِحْتُ بَلْ صَاحَ هٰذَا الرَّجُلُ	میں نہیں چیخا بلکہ یہ آدمی چیخا ۔
ب : يَنَامُ الطِّفْلُ	بچہ سوتا ہے یا سوئے گا ۔
هَلْ نَامَتِ الْمَرْأَةُ	کیا عورت سوئی ؟
نَعَمْ نَامَتْ	جی ہاں ، وہ سوئی ۔
أَنَا نِمْتُ هُنَا	میں یہاں سوتا ہوں ۔
نِمْنَا فِي اللَّيْلِ هُنَاكَ	ہم رات کو وہاں سوئے
يَخَافُ الْوَلَدُ	بچہ ڈرتا ہے یا ڈرے گا ۔
خِفْتُ مِنَ الظَّلَامِ	میں اندھیرے سے ڈرا ۔
هَلْ خِفْتَ مِنَ الصَّوْتِ ؟	تو (مذکر) کیا آواز سے ڈرا ؟
نَعَمْ خِفْتُ مِنَ الصَّوْتِ	جی ہاں میں آواز سے ڈرا ۔
يَنَامُ الطِّفْلُ	بچہ سوتا ہے یا سوئے گا ۔
تَنَامُ الطِّفْلَةُ	بچی سوتی ہے یا سوئے گی ۔
أَنْتَ تَنَامُ مُبَكِّرًا	تو (مذکر) جلدی سوتا ہے یا سوئے گا ۔
أَنَا أَنَامُ مُبَكِّرًا وَأَقُومُ مُبَكِّرًا ۔	میں جلدی سوتا ہوں اور جلدی اٹھتا ہوں
تَنَامُ فِي الصَّيْفِ عَلَى السَّطْحِ ؎	ہم گرمیوں میں چھت پر سوتے ہیں ۔

؎ سَقف ، چھت کا اندرونی حصہ SEILING اور سَطح ، چھت کا بالائی حصہ

عربی جملے	اردو ترجمہ
اَخَافُ مِنَ اللِّصِّ	میں چور سے ڈرتی ہوں۔
قَالَ الْاُسْتَاذُ۔ هٰذَا التِّلْمِيْذُ نَاجِحٌ	استاد نے کہا یہ طالب علم کامیاب ہونے والا ہے۔
قُلْتُ لِلْاُسْتَاذِ، اَشْكُرُكَ	میں نے استاد سے کہا۔ آپ کا شکریہ
قَالَتِ الْبِنْتُ كَلَامًا طَيِّبًا	لڑکی نے اچھی بات کہی
هَلْ قُلْتَ شَيْئًا ؟	کیا تو (مذکر) نے کچھ کہا۔
نَعَمْ قُلْتُ اَشْكُرُكَ	جی ہاں میں نے آپ کا شکریہ ادا کیا۔
جَاعَ الطَّالِبُ	طالب علم کو بھوک لگی۔
جَاعَتِ الْبِنْتُ	لڑکی کو بھوک لگی۔
اَنَا جُعْتُ	میں بھوکا ہوا۔
هَلْ جُعْتَ ؟	کیا تو (مذکر) بھوکا ہوا؟
لَا مَا جُعْتُ	نہیں میں بھوکا نہیں۔
فَازَ التِّلْمِيْذُ	شاگرد کامیاب ہوا۔
فَازَتِ اللَّاعِبَةُ	کھلاڑی عورت کامیاب ہوئی۔
فُزْتُ فِي الْاِمْتِحَانِ	میں امتحان میں کامیاب ہوا۔
هَلْ صُمْتَ شَعْبَانَ ؟	کیا تو نے شعبان کے روزے رکھے ؟
صُمْتُ يَوْمَ الْخَمِيْسِ وَالْجُمُعَةِ	میں نے جمعرات اور جمعہ کا روزہ رکھا۔
صَامَ الْوَلَدُ	بچے نے روزہ رکھا۔
صَامَتِ الْبِنْتُ	بیٹی نے روزہ رکھا۔
قَامَ الطُّلَّابُ اِحْتِرَامًا لِلْاُسْتَاذِ	طلباء استاذ کے احترام کے لئے کھڑے ہو گئے۔
قُمْتُ مِنْ مَكَانِيْ	میں اپنی جگہ سے کھڑا ہوا۔
اَلْاُسْتَاذُ يَقُوْلُ الْحَقَّ	استاذ سچ کہتا ہے۔
تَفُوْزُ التِّلْمِيْذَةُ	شاگردہ کامیاب ہوتی ہے یا ہو گی۔
نَفُوْزُ فِي الْاِمْتِحَانِ	ہم امتحان میں کامیاب ہوتے ہیں یا ہوں گے۔
اُسْتَاذِيْ يَصُوْمُ دَائِمًا	میرا استاد ہمیشہ روزہ رکھتا ہے۔
يَقُوْمُ الضُّيُوْفُ بَعْدَ قَلِيْلٍ	مہمان تھوڑی دیر کے بعد اُٹھ کھڑے ہونگے۔
مَا ذَا وَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ ؟	زمین پر کیا گرا ؟

عربی جملے	اردو ترجمہ
اَلسَّبُّوْرَةُ وَقَعَتْ عَلَى الْاَرْضِ	تختہ سیاہ زمین پر گرا۔
وَقَعَ الْوَلَدُ مِنْ فَوْقِ الشَّجَرَةِ	بچہ درخت سے گرا۔
وَقَعَتْ زَلْزَلَةٌ فِيْ اَوْرُبَّا	یورپ میں زلزلہ واقع ہوا۔
وَقَعْتُ مِنْ فَوْقِ السَّرِيْرِ	میں چارپائی پر سے گرا۔
وَقَفْتُ عِنْدَ السَّبُّوْرَةِ	تو (مذکر) تختہ سیاہ کے پاس ٹھہرا۔
مَنْ وَقَفَ عِنْدَ الشَّجَرَةِ	درخت کے پاس کون ٹھہرا ؟
اَلْبِنْتُ وَقَفَتْ عِنْدَ الشَّجَرَةِ	بچی درخت کے پاس ٹھہری۔
وَجَدْتُ الْاَسْعَارَ رَخِيْصَةً	میں نے قیمتوں کو سستا پایا
وَجَدَتِ الْبِنْتُ الْكِتَابَ	لڑکی نے کتاب پائی
وَصَلَ الْخِطَابُ	خطاب پہنچا/خط پہنچا
وَصَلَتِ السَّيَّارَةُ	کار پہنچی۔
اَيْنَ تَقَعُ الْمَدْرَسَةُ	سکول کہاں واقع ہے۔
تَقَعُ الْمَدْرَسَةُ قَرِيْبًا مِنَ الْمَسْجِدِ	سکول مسجد کے نزدیک واقع ہے۔
مَتٰى تَصِلُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ	تو سکول کب پہنچا ؟
اَصِلُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ صَبَاحًا	میں صبح سویرے سکول پہنچا۔
اَعِدُكَ بِالْاِخْلَاصِ	میں آپ سے اخلاص کا وعدہ کرتا ہوں۔
نَعِدُ الْمُدَرِّسَ بِالْاِجْتِهَادِ	ہم استاد صاحب سے محنت کا وعدہ کرتے ہیں۔
اَقِفُ خَلْفَ الْمَكْتَبِ	میں دفتر کے پیچھے ٹھہرتا ہوں یا ٹھہروں گا۔
تَقِفُ الْبِنْتُ اَمَامَ الْبَابِ	لڑکی دروازے کے سامنے ٹھہرتی ہے یا ٹھہرے گی۔
يَقِفُ الْوَلَدُ قَرِيْبًا مِنَ الشَّجَرَةِ	بچہ درخت کے قریب ٹھہرا
نَقِفُ فِيْ صَفٍّ وَاحِدٍ	ہم ایک قطار میں کھڑے ہوتے ہیں۔
مَتٰى يَصِلُ الضَّيْفُ ؟	مہمان کب پہنچے گا ؟
يَصِلُ الضَّيْفُ بَعْدَ قَلِيْلٍ	مہمان تھوڑی دیر کے بعد پہنچتا ہے یا پہنچے گا۔
بَاكِسْتَانُ تَقَعُ فِيْ آسِيَا	پاکستان براعظم ایشیا میں واقع ہے۔
يَقَعُ الثَّمَرُ مِنَ الشَّجَرَةِ	درختوں سے پھل گرتے ہیں یا گریں گے۔
مَشَى الرَّجُلُ فِي الْحَدِيْقَةِ	آدمی باغ میں چلا۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
مَشَتِ البِنْتُ تَحْتَ الجِدَارِ	بچی دیوار کے نیچے چلی۔
اَللَّاعِبُ مَشٰی فَوْقَ الحَبْلِ	کھلاڑی رسی پر چلا۔
اَلتِّلْمِیْذَۃُ مَشَتْ فِی الظِّلِّ	طالبہ سائے میں چلی۔
مَشَی الطِّفْلُ خُطُوَاتٍ	لڑکا چند قدم چلا۔
جَرَتِ البِنْتُ بِسُرْعَۃٍ	لڑکی تیز دوڑی۔
مَشَی المَرِیْضُ خُطْوَۃً	مریض ایک قدم چلا۔
جَرَتْ فَاطِمَۃُ فِی الحَدِیْقَۃِ	فاطمہ باغ میں دوڑی۔
مَشَیْتُ فَوْقَ الجِبَالِ	میں پہاڑوں پر چلا
جَرَیْتَ بِالدَّرَّاجَۃِ	تو (مذکر) سائیکل کے ساتھ دوڑا۔
هَلْ جَرَیْتَ مِنْ هُنَا	کیا تو یہاں سے دوڑا۔
نَعَمْ جَرَیْتُ مِنْ هُنَا اِلٰی هُنَاكَ	جی ہاں، میں یہاں سے وہاں تک دوڑا۔
مَشَیْنَا خُطُوَاتٍ	ہم چند قدم چلے۔
جَرَیْنَا سَاعَاتٍ	ہم کئی گھنٹے دوڑے۔
اَنْتَ جَرَیْتَ کَثِیْرًا	تو بہت دوڑا۔
اَلبِنْتُ جَرَتْ لَحْظَۃً وَوَقَفَتْ	لڑکی تھوڑی دیر کے لئے دوڑی اور رک گئی۔
اَلرَّجُلُ یَمْشِیْ بِسُرْعَۃٍ	آدمی تیز چلتا ہے یا چلے گا۔
اَلبِنْتُ تَمْشِیْ قَرِیْبًا مِنَ الجِدَارِ	لڑکی دیوار کے قریب چلتی ہے یا چلے گی۔
اَنَا لَا اَمْشِیْ فِی الشَّمْسِ	میں دھوپ میں نہیں چلتا
نَحْنُ نَمْشِیْ اِلَی الاَمَامِ	ہم سامنے کی طرف چلتے ہیں۔
اَلوَلَدُ یَجْرِیْ فِی الحَدِیْقَۃِ	بچہ باغ میں دوڑتا ہے یا دوڑے گا۔
اَلبِنْتُ تَجْرِیْ بِالکُرَۃِ	لڑکی گیند کے ساتھ دوڑتی ہے یا دوڑے گی۔
ذَالِكَ یَجْرِیْ وَهٰذَا یَمْشِیْ	وہ دوڑتا ہے اور یہ چلتا ہے۔
هٰذِهٖ تَمْشِیْ وَتِلْكَ تَجْرِیْ	یہ چلتی ہے اور وہ دوڑتی ہے۔
اَنْتَ لَا تَجْرِیْ بِسُرْعَۃٍ	تو (مذکر) تیز نہیں دوڑتا۔
هِیَ تَجْرِیْ وَتَمْشِیْ بِنَشَاطٍ	وہ پھرتی کے ساتھ دوڑتی اور چلتی ہے۔
عَلَا صَوْتُ الرَّجُلِ	آدمی کی آواز بلند ہوئی۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
اَلمَرْأَۃُ عَلَتِ السَّطْحَ	عورت چھت پر چڑھی۔
عَلَوْتِ السَّطْحَ المَنْزِلِ	تو (مؤنث) گھر کی چھت پر چڑھی۔
عَلَوْتُ قِمَّۃَ الجَبَلِ	میں پہاڑ کی چوٹی پر چڑھا۔
عَلَوْنَا عَلٰی اَعْدَائِنَا	ہم اپنے دشمنوں پر غالب ہوئے۔
عَلَوْنَا بِالحَقِّ	ہم حق کے ساتھ غالب ہوئے۔
اَلحَقُّ یَعْلُوْ دَائِمًا	حق ہمیشہ غالب رہتا ہے۔
رَمَی اللَّاعِبُ الکُرَۃَ	کھلاڑی نے گیند پھینکا۔
رَمَتِ البِنْتُ الاَوْرَاقَ	لڑکی نے کاغذ پھینکے۔
رَمَی الطِّفْلُ المِلْعَقَۃَ	بچے نے چمچہ پھینکا۔
رَمَتِ السَّیِّدَۃُ الوَرْدَۃَ	مالکہ نے گلاب کا پھول پھینکا۔
رَمَیْتُ السَّهْمَ	میں نے تیر پھینکا۔
اَنَا اَرْمِیْ بَعِیْدًا	میں دور پھینکتا ہوں یا پھینکوں گا۔
اَلجُنْدِیُّ یَرْمِیْ بِسُرْعَۃٍ	فوجی تیزی سے پھینکتا ہے۔
اَنْتَ لَا تَرْمِیْ بِقُوَّۃٍ	تو قوت سے نہیں پھینکتا۔
اَلبِنْتُ تَرْمِیْ بِبُطْءٍ	لڑکی سستی سے پھینکتی ہے۔
دَعَتِ المَظْلُوْمَۃُ رَبَّهَا	مظلوم عورت نے اپنے رب کو پکارا۔
هَلْ دَعَوْتَ الاُسْتَاذَ ؟	کیا تو نے استاد کو دعوت دی؟
نَعَمْ دَعَوْتُهٗ لِطَعَامِ الغَدَاءِ۔	جی ہاں میں نے اُسے کل دوپہر کے کھانے کی دعوت دی۔
دَعَوْنَا الضُّیُوْفَ لِلطَّعَامِ	ہم نے مہمانوں کو کھانے کی دعوت دی۔
اَلمَرْأَۃُ تَدْعُوْا فِی خُشُوْعٍ	عورت عاجزی سے دعا کر رہی ہے۔
دَعَوْتُ اللّٰهَ بَعْدَ الصَّلَاۃِ	میں نے نماز کے بعد اللہ سے دعا کی۔
رَمَیْنَا السِّهَامَ	ہم نے تیر پھینکے۔

تمرین

سوال: مندرجہ ذیل افعال کے ساتھ ایک بار تائے تانیث تُ اور ایک بار تائے متکلم تُ لگا کر جملوں میں استعمال کریں۔ نیز بتائیے ہر بار فعل میں کیا تبدیلی واقع ہوئی؟

جواب :-

افعال جمل :- تائے تانیث حَمَلَتِ الْبِنْتُ الْكِتَابَ — ترجمہ، لڑکی نے کتاب اٹھائی۔

تائے متکلم ۔ حَمَلْتُ الْكِتَابَ — ترجمہ، میں نے کتاب اٹھائی۔

دَعَا : تائے تانیث ۔ دَعَتِ الْمَظْلُوْمَةُ — ترجمہ، مظلوم عورت نے دعا کی۔

تائے متکلم ۔ دَعَوْتُ اللهَ — ترجمہ، میں نے اللہ سے دعا کی۔

جَرٰی : تائے تانیث ۔ جَرَتِ الْبِنْتُ فِي الْحَدِيْقَةِ — ترجمہ : لڑکی باغ میں دوڑی۔

تائے متکلم ۔ جَرَيْتُ فِي الْحَدِيْقَةِ — ترجمہ : میں باغ میں دوڑی۔

قَالَ : تائے تانیث ۔ قَالَتِ الْبِنْتُ، شُكْرًا — ترجمہ : لڑکی نے کہا شکریہ

تائے متکلم ۔ قُلْتُ شُكْرًا — ترجمہ : میں نے کہا شکریہ

وَعَدَ : تائے تانیث ۔ وَعَدَتِ الْبِنْتُ بِالْإِخْلَاصِ — ترجمہ : لڑکی نے خلوص کا وعدہ کیا

تائے متکلم ۔ وَعَدْتُ بِالْإِخْلَاصِ — ترجمہ : میں نے خلوص کا وعدہ کیا

مَرَّ : تائے تانیث ۔ مَرَّتِ الطَّالِبَةُ مِنْ هُنَا — ترجمہ : طالبہ یہاں سے گذری۔

تائے متکلم ۔ مَرَرْتُ مِنْ هُنَا — ترجمہ : میں یہاں سے گذرا۔

رَمٰی : تائے تانیث ۔ رَمَتِ الْبِنْتُ الْكُرَةَ — ترجمہ : لڑکی نے گیند پھینکی۔

تائے متکلم ۔ رَمَيْتُ الْكُرَةَ — ترجمہ : میں نے گیند پھینکی۔

سوال : خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔ اعراب لگائیے اور اردو میں ترجمہ کیجئے :-

اَفُوْزُ الْاِمْتِحَانِ فِي السَّنَوِيِّ — میں سالانہ امتحان میں کامیاب ہوں گا۔

يَجْلِسُ الْوَلَدُ فِي الْحَدِيْقَةِ — بچہ باغ میں بیٹھتا ہے یا بیٹھے گا۔

يَنْصُرُ اللهُ الْمُؤْمِنَ — اللہ مومن کی مدد کرتا ہے۔

لَا اُحِبُّ الْكَاذِبَ — میں جھوٹ کو پسند نہیں کرتا۔

اَنْتَ تَقُوْلُ الْحَقَّ — تم سچ کہتے ہو۔

شَبِعْتُ مِنَ الطَّعَامِ — میں کھانے سے سیر ہوتا ہوں۔

حَمَلَ الْاِنْسَانُ الْاَمَانَةَ — انسان امانت کو اٹھاتا ہے۔

تَصِلُ الطَّائِرَةُ — ہوائی جہاز پہنچتا ہے۔

سوال :- مندرجہ ذیل عربی سوالات کے عربی میں جوابات دیجئے اور اردو ترجمہ بھی کیجئے :-

جواب : س ، هَلْ تَمْزَحُ مَعَ الْاُسْتَاذِ ؟ — کیا تم استاد سے مذاق کرتے ہو ؟

ج : لَا اَمْزَحُ مَعَ الْاُسْتَاذِ — نہیں میں استاد صاحب سے مذاق نہیں کرتا

س ، مَتٰی تَحْضُرُ ؟ — تم کب حاضر ہو گے ؟

ج : اَحْضُرُ غَدًا — میں کل حاضر ہوں گا۔

س : مَاذَا تَقُوْلُ لِلرِّجَالِ — تم لوگوں سے کیا کہتے ہو ؟

ج : اَقُوْلُ لِلرِّجَالِ الْحَقَّ ۔ — میں لوگوں سے سچ کہتا ہوں۔

س : مَتٰی تَعُوْدُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ — تم سکول سے کب واپس آتے ہو ؟

ج : اَعُوْدُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ بَعْدَ الظُّهْرِ — میں سکول سے دوپہر کے بعد واپس آتا ہوں۔

س : هَلْ مَشَتِ الْبِنْتُ مِنْ هُنَا ؟ — کیا لڑکی یہاں سے گذری ؟

ج : لَا مَا مَشَتِ الْبِنْتُ مِنْ هُنَا — نہیں لڑکی یہاں سے نہیں گذری۔

س : هَلْ فُزْتَ فِي الْاِمْتِحَانِ ؟ — کیا تم امتحان میں کامیاب ہوئے ہو ؟

ج : نَعَمْ فُزْتُ فِي الْاِمْتِحَانِ ۔ — جی ہاں میں امتحان میں کامیاب ہوا ہوں۔

سوال : اردو سے عربی میں ترجمہ کریں :-

جواب :

اردو جملے	عربی ترجمہ
میں گیند سے کھیلتا ہوں۔	اَلْعَبُ بِالْكُرَةِ
سعید نے گیند پھینکی۔	رَمٰی سَعِيْدُ الْكُرَةَ
ہم نے اللہ سے دعا مانگی۔	دَعَوْنَا اللهَ
تم نے استاد صاحب کو دوپہر کے کھانے پر دعوت دی۔	دَعَوْتَ الْاُسْتَاذَ لِطَعَامِ الْغَدَاءِ
آپ مدرسہ سے کب واپس آئیں گے ؟	مَتٰی تَرْجِعُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ
ہم امتحان میں کامیاب ہو جائیں گے۔	نَفُوْزُ فِي الْاِمْتِحَانِ

سوال : حرفِ علت کی تعریف کریں اور یہ حرف کون کون سے ہیں ؟ تفصیل طلب جواب لکھیں۔

جواب : ا۔ و۔ ی میں سے ہر ایک کو حرفِ علت کہتے ہیں اور ان تینوں کو حروفِ علت کہتے ہیں ——— ان کے علاوہ بقایا حروف کو حروفِ صحیحہ کہتے ہیں جس فعل کا لام کلمہ حرفِ علت ہو اسے فعل ناقص کہتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں ،

ا۔ ناقص واوی (۲) ناقص یائی ۔

ا۔ ناقص واوی :- اگر لام کلمہ میں واؤ ہو تو اسے ناقص واوی کہتے ہیں۔ جیسے دَعَا یہ دراصل دَعَوَ تھا۔

۲۔ ناقص یائی :- اگر لام کلمہ میں یاء ہو تو اسے ناقص یائی کہتے ہیں۔ جیسے رَمٰی یہ اصل میں رَمَیَ تھا۔

لفیف: جب کسی لفظ میں دو حرفِ علّت جمع ہو جائیں تو اسے لفیف کہتے ہیں یعنی دو حرفِ علّت کو یکجا کرنے والا۔ اس کی بھی دو قسمیں ہیں:-

۱۔ لفیف مفروق:- جس لفظ میں دو حرفِ علّت یکجا نہ ہوں بلکہ ان میں کوئی حرف فاصل ہو تو اسے لفیف مفروق کہتے ہیں جیسے رَمٰی، وَلِیَ، وَشٰی وغیرہ۔

۲۔ لفیف مقرون: جس میں دو حرفِ علّت یکجا ہوں۔ اور ان میں کوئی فاصل نہ ہو۔ اسے لفیف مقرون کہتے ہیں جیسے طَوٰی، مَوٰی، عَوٰی وغیرہ۔

اَلدَّرْسُ الْحَادِيْ عَشَرَ ——— سبق نمبر ۱۱

مذکر	ترجمہ	مؤنث	ترجمہ
اُسْتَاذٌ	مدرّس	اُسْتَاذَةٌ	معلّمہ
طَالِبٌ	پڑھنے والا	طَالِبَةٌ	پڑھنے والی
مُجْتَهِدٌ	محنتی	مُجْتَهِدَةٌ	محنتی لڑکی
عَالِمٌ	پڑھا لکھا	عَالِمَةٌ	پڑھی لکھی
عَامِلٌ	کام کرنے والا	عَامِلَةٌ	کام کرنے والی
صَالِحٌ	نیک	صَالِحَةٌ	نیک عورت
وَالِدٌ	باپ	وَالِدَةٌ	ماں
اِبْنٌ	بیٹا	بِنْتٌ	بیٹی
عَمٌّ	چچا	عَمَّةٌ	چچی
خَالٌ	خالو	خَالَةٌ	خالہ
جَدٌّ	دادا	جَدَّةٌ	دادی
اَخٌ	بھائی	اُخْتٌ	بہن
سَيِّدٌ	سردار۔ محترم	سَيِّدَةٌ	سردارہ۔
طِفْلٌ	بچہ	طِفْلَةٌ	بچی
نَائِمٌ	سونے والا	نَائِمَةٌ	سونے والی
جَاهِلٌ	اَن پڑھ	جَاهِلَةٌ	اَن پڑھ عورت

مذکر	ترجمہ	مؤنث	ترجمہ
غَنِيٌّ	دولت مند	غَنِيَّةٌ	دولت مند عورت
فَقِيْرٌ	غریب/مفلس	فَقِيْرَةٌ	مفلس عورت
سَرِيْعٌ	تیز رفتار	سَرِيْعَةٌ	تیز رفتار
قَبِيْحٌ	بدصورت	قَبِيْحَةٌ	بدصورت عورت
مُعَلِّمٌ	استاد	مُعَلِّمَةٌ	استانی
رَجُلٌ	آدمی	اِمْرَاَةٌ	عورت
اِبْنٌ	لڑکا	بِنْتٌ	لڑکی
اَبٌ	باپ	اُمٌّ	ماں
ثَوْرٌ	بیل	بَقَرَةٌ	گائے
جَمَلٌ	اونٹ	نَاقَةٌ	اونٹنی
حِصَانٌ	گھوڑا	فَرَسٌ	گھوڑی

عربی جملے	اردو ترجمہ
جَاءَتِ الطَّالِبَةُ الْمُجْتَهِدَةُ	محنتی طالبہ آئی
وَصَلَتِ الْاُسْتَاذَةُ الْعَالِمَةُ۔	عالم استانی پہنچی۔
هٰذَا الرَّجُلُ صَالِحٌ	یہ آدمی نیک ہے۔
تِلْكَ الْمَرْاَةُ عَالِمَةٌ صَالِحَةٌ۔	وہ پڑھی لکھی نیک عورت ہے۔
تِلْكَ الرَّجُلُ عَامِلٌ مُخْلِصٌ	وہ آدمی مخلص مزدور ہے۔
جَاءَتِ الْعَامِلَةُ الْجَدِيْدَةُ	نئی مزدور غیر حاضر ہوئی۔
هٰذَا اِبْنِيْ وَهٰذِهٖ اِبْنَتِيْ	یہ میرا بیٹا اور یہ میری بیٹی ہے۔
اِبْنَتِيْ تَدْرُسُ فِي الْمَدْرَسَةِ	میری بیٹی سکول میں پڑھتی ہے۔
سَافَرَ وَالِدِيْ	میرے باپ نے سفر کیا۔
سَافَرَتْ وَالِدَتِيْ	میری والدہ نے سفر کیا۔
اُحِبُّ وَالِدِيْ وَوَالِدَتِيْ	میں اپنے باپ اور اپنی ماں سے محبت کرتا ہوں۔
سَلَّمْتُ عَلٰى عَمِّيْ	میں نے اپنے چچا کو سلام کیا۔
سَلَّمَتْ عَمَّتِيْ عَلٰى عَمِّيْ۔	میری خالہ خالو کو بلند نہیں کرتیں
خَالَتِيْ لَا تُحِبُّ الْغَلَطَ	

عربی جملے	اردو ترجمہ
خَالِي يُحِبُّ الْعَمَلَ الصَّحِيحَ	میرا خالو صحیح کام کو پسند کرتا ہے ۔
مَنَحْتُ الْمِسْكِينَ خُبْزًا	میں نے مسکین کو روٹی دی ۔
مَنَحَتِ السَّيِّدَةُ الْوَلَدَ سَاعَةً	مالکہ نے بچے کو گھڑی دی ۔
يَحْضُرُ خَالِي الْيَوْمَ	میرا خالو آج حاضر ہوگا یا ہوتا ہے ۔
جَدِّي رَجُلٌ صَالِحٌ	میرا دادا نیک آدمی ہے ۔
جَدَّتِي نَائِمَةٌ	میری دادی سونے والی ہے ۔
حَجَّتْ جَدَّتِي هٰذِهِ السَّنَةَ	میری دادی نے اس سال حج کیا ۔
إِبْنِي يَدْرُسُ فِي الْمَدْرَسَةِ	میرا بیٹا سکول میں پڑھتا ہے یا پڑھے گا ۔
اَلسَّيَّارَةُ سَرِيعَةٌ	کار تیز رفتار ہے ۔
سَيَّارَتُكَ سَرِيعَةٌ	تیری کار تیز رفتار ہے ۔
اِشْتَرَيْتُ سَيَّارَةً سَرِيعَةً	میں نے تیز رفتار کار خریدی ۔
اَلْقِطَارُ سَرِيعٌ	ریل گاڑی تیز رفتار ہے ۔
وَصَلَتِ السَّيَّارَةُ السَّرِيعَةُ	تیز رفتار کار پہنچی ۔
مَرَّ الْقِطَارُ السَّرِيعُ	تیز رفتار کار گذری ۔
حَضَرَتِ السَّيِّدَةُ الْعَالِمَةُ	پڑھی لکھی مالکہ حاضر ہوئی ۔
لَا يَحْضُرُ الْأُسْتَاذُ الْيَوْمَ	اُستاد آج حاضر نہیں ہوگا ۔
وَالْأُسْتَاذَةُ لَا تَحْضُرُ أَيْضًا	اور استانی بھی آج حاضر نہیں ہوگی ۔
سَلَّمَتْ فَاطِمَةُ عَلَى أُخْتِي	فاطمہ نے میری بہن کو سلام کیا ۔
هٰذِهِ الْمَرْأَةُ لَا تَتَكَلَّمُ مَعَ الرِّجَالِ	یہ عورت مردوں سے بات نہیں کرتی ۔
أَحْتَرِمُ الْمَرْأَةَ الصَّالِحَةَ	میں نیک عورت کا احترام کرتا ہوں ۔
هٰذِهِ السَّيِّدَةُ عَالِمَةٌ	یہ مالکہ عورت پڑھی لکھی ہے ۔
تِلْكَ امْرَأَةٌ جَاهِلَةٌ	وہ اَن پڑھ عورت ہے
تِلْكَ الْبِنْتُ تَتَكَلَّمُ وَتَعْمَلُ	وہ لڑکی پڑھتی ہے اور کام کرتی ہے ۔
وَصَلَتْ عَمَّتِي الْغَنِيَّةُ	میری امیر چچی پہنچی ۔
عَمَّتِي مُسَافِرَةٌ	میری چچی مسافر عورت ہے ۔
هٰذَا عَمِّيَ الْغَنِيُّ	یہ میرا چچا امیر ہے ۔

عربی جملے	اردو ترجمہ
عَمِّي يُحْسِنُ إِلَى الْفُقَرَاءِ ۔	میرا چچا فقیروں سے احسان کرتا ہے یا کرے گا ۔
أَنَا أَنَامُ لَيْلًا	میں رات کو سوتا ہوں ۔
مَتَى تَنَامُ الْبِنْتُ ؟	لڑکی کب سوتی ہے ؟
أَنَامُ بَعْدَ الظُّهْرِ	وہ ظہر کے بعد سوتی ہے ۔
هَلْ أُمُّكَ نَائِمَةٌ ؟	کیا تیری ماں سوتی ہے ؟
نَعَمْ أُمِّي نَائِمَةٌ	جی ہاں میری ماں سوتی ہے ۔
هَلْ تُحِبُّ الْأَفْعَالَ الْقَبِيحَةَ ؟	کیا تو ناپسندیدہ کاموں سے محبت کرتا ہے ؟
لَا أَنَا لَا أُحِبُّ الْأَفْعَالَ الْقَبِيحَةَ	نہیں میں ناپسندیدہ کاموں سے محبت نہیں کرتا ۔
أَكْرَهُ الْفِعْلَ الْقَبِيحَ	میں ناپسندیدہ کاموں سے نفرت کرتا ہوں ۔
أَكْرَهُ مَنْ يَعْمَلُ الْقَبِيحَ	میں نفرت کرتا ہوں جو ناپسندیدہ کام کرے ۔
أَلْبَسْتُ الْفَقِيرَ ثَوْبًا	میں نے حاجت مند کو کپڑا دیا ۔
أَنْعَمَ الْأُسْتَاذُ الْوَلَدَ جَائِزَةً	استاد نے لڑکے کو انعام دیا ۔
الطَّيِّبُ لَا يَقْبَلُ إِلَّا الطَّيِّبَ	اچھا آدمی سوائے اچھی چیز کے کچھ قبول نہیں کرتا ۔
لَا يُحِبُّ إِلَّا الطَّيِّبَ	اور سوائے اچھی چیز کے کچھ پسند نہیں کرتا ۔
نَجَحَ الْمُجْتَهِدُ	محنتی کامیاب ہوا ۔
يَنْجَحُ الْمُجْتَهِدُ	محنتی کامیاب ہوتا ہے یا ہوگا ۔
نَجَحَتِ الْمُجْتَهِدَةُ	محنتی طالبہ کامیاب ہوئی ۔
أَنْجَحُ فِي الْإِمْتِحَانِ	میں امتحان میں کامیاب ہوں گا ۔ ہوں گا ۔
نَجَحَ فِي الْإِمْتِحَانِ	وہ امتحان میں کامیاب ہوگا ۔
هٰذَا الرَّجُلُ عَالِمٌ	یہ آدمی عالم ہے ۔
أُحِبُّ أَبِي وَأُمِّي	میں اپنے باپ اور ماں سے محبت کرتا ہوں ۔
هٰذَا أَخِي وَتِلْكَ أُخْتِي	یہ میرا بھائی اور وہ میری بہن ہے ۔
أَحْتَرِمُ أَخِي وَأُحِبُّهُ	میں اپنے بھائی کا احترام کرتا ہوں ۔ اور اس سے محبت کرتا ہوں ۔
أَخِي يُحِبُّنِي وَأَنَا أُحِبُّهُ	میرا بھائی مجھ سے محبت کرتا ہے اور میں اس سے محبت کرتا ہوں ۔

Book Pg 130 (Isma-e-khamsa)

عربی جملے	اردو ترجمہ
أُخْتِي تُحِبُّنِي وَأَخِي يُحِبُّنِي	میری بہن مجھ سے محبت کرتی ہے۔ اور میرا بھائی مجھ سے محبت کرتا ہے۔
وَأَنَا أُحِبُّ أَخِي وَأُخْتِي۔	اور میں محبت کرتا ہوں اپنے بھائی اور بہن سے
وَصَلَ أَخُوكَ۔	تیرا بھائی پہنچا۔
سَلَّمْتُ عَلَى أَخِيكَ۔	میں نے تمہارے بھائی کو سلام کیا۔
رَأَيْتُ أَخَاكَ فِي الْحَدِيقَةِ	میں نے تمہارے بھائی کو باغ میں دیکھا۔
رَأَيْتُ أَخُوكَ فِي الْاِجْتِمَاعِ۔	میں نے تمہارے بھائی کو جلسہ میں دیکھا
هٰذَا أَبِي۔ أَبِي وَأَبُوكَ فِي الْغُرْفَةِ۔	یہ میرا باپ ہے۔ میرا باپ اور تمہارا باپ کمرے میں
هٰذَا أَبُوكَ۔ سَلَّمْتُ عَلَى أَبِيكَ۔	یہ تیرا باپ ہے۔ میں نے تیرے باپ کو سلام کیا
قَابَلْتُ أَبَاكَ عِنْدَ الْأُسْتَاذِ۔	میں تیرے باپ سے استاد کے پاس ملا۔
خَرَجْتَ مِنَ الْبَيْتِ مَعَ أَبِيكَ۔	تو گھر سے اپنے باپ کے ساتھ نکلا۔
سَأَلْتُ أَبَاكَ خَمُولٌ رَجُلٌ طَيِّبٌ۔	میں نے تیرے باپ سے پوچھا تیرا خسر اچھا آدمی
مَرَرْتُ بِحَمِيكَ فِي الْحَدِيقَةِ	میں تیرے خسر کے ساتھ باغ میں گذرا۔
قَابَلْتُ حَمَاكَ كَثِيرًا۔	میں تمہارے خسر کو بہت ملتا رہا۔
أَنْتَ ذُو خُلُقٍ۔	تو اچھے اخلاق والا ہے۔
ذُو الْأَخْلَاقِ مَحْبُوبٌ	اچھے اخلاق والا پسندیدہ ہوتا ہے۔
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ۔	اور اللہ بہت بڑے فضل والا ہے۔
جَاءَ ذُو الْمَالِ	سخی / صاحبِ ثروت آیا۔
كَرِهْتُ ذَا الْوَجْهَيْنِ۔	میں دو چہروں والے یعنی منافق کو ناپسند کرتا
طَلَبْتُ مِنْ ذِي الْمَالِ قَرْضًا	میں نے صاحب ثروت سے قرض مانگا۔
لِمَا ذَا لَا تَتَكَلَّمُ ؟	تو گفتگو کیوں نہیں کرتا ؟
هَلْ فِي فِيكَ مَاءٌ	کیا تمہارے منہ میں پانی ہے ؟
نَعَمْ فِي فِيَّ مَاءٌ	جی ہاں میرے منہ میں پانی ہے۔
هَلْ غَسَلْتَ فَاكَ ؟	کیا تو نے اپنا چہرہ دھویا ؟
نَعَمْ، غَسَلْتُ فَمِي فِي الصَّبَاحِ	جی ہاں میں نے اپنا منہ صبح سویرے دھویا
فُوكَ جَمِيلٌ۔	تیرا منہ خوبصورت ہے ؟

عربی جملے	اردو ترجمہ
فُوهُ وَاسِعٌ	اس کا منہ چوڑا ہے۔
فَتَحَ الْوَلَدُ فَاهُ	بچے نے اپنا منہ کھولا۔
عَالَجَ أَخُوكَ	تیرے بھائی نے علاج کیا۔

عزیز طلاب! اس سبق کے آخر میں کچھ نئے اسماء کا تذکرہ ہوا جبکہ وضاحت انشاء اللہ تمرین میں کر دی جائے گی۔

تمرین

سوال: مَرَّ، حَصَلَ، جَرَى، حَزِنَ، رَفَعَ، جَاعَ میں سے ہر ایک کو ایک بار مذکر فاعل کے ساتھ اور ایک بار مؤنث فاعل کے ساتھ جملوں میں استعمال کیجئے۔

	افعال	عربی جملے	اردو ترجمہ
مذکر	مَرَّ	مَرَّ الْوَلَدُ مِنْ هُنَا	لڑکا یہاں سے گذرا۔
مؤنث	مَرَّتْ	مَرَّتِ الْبِنْتُ مِنْ هُنَا	لڑکی یہاں سے گذری۔
مذکر	حَصَلَ	حَصَلَ الطَّالِبُ عَلَى الْجَائِزَةِ	لڑکے نے انعام حاصل کیا۔
مؤنث	حَصَلَتْ	حَصَلَتِ الْبِنْتُ عَلَى الْجَائِزَةِ	لڑکی نے انعام حاصل کیا۔
مذکر	جَرَى	جَرَى الْوَلَدُ فِي الْمَيْدَانِ	بچہ میدان میں دوڑا۔
مؤنث	جَرَتْ	جَرَتِ الْبِنْتُ فِي الْمَيْدَانِ	بچی میدان میں دوڑی۔
مذکر	حَزِنَ	حَزِنَ الرَّجُلُ	آدمی غمگین ہوا۔
مؤنث	حَزِنَتْ	حَزِنَتِ الْمَرْأَةُ	عورت غمگین ہوئی۔
مذکر	رَفَعَ	رَفَعَ الطَّالِبُ الْكِتَابَ	طالب علم نے کتاب اٹھائی۔
مؤنث	رَفَعَتْ	رَفَعَتِ الطَّالِبَةُ الْكِتَابَ	طالبہ نے کتاب اٹھائی۔
مذکر	جَاعَ	جَاعَ الْوَلَدُ الصَّغِيرُ	چھوٹا لڑکا بھوکا ہوا۔
مؤنث	جَاعَتْ	جَاعَتِ الْبِنْتُ الصَّغِيرَةُ	چھوٹی لڑکی بھوکی ہوئی۔

سوال:- مندرجہ ذیل الفاظ کو مؤنث بنا کر انہیں جملوں میں استعمال کریں۔ اور ترجمہ بھی کیجئے:-

مذکر	مؤنث	عربی جملے	اردو ترجمہ
وَاسِعٌ	وَاسِعَةٌ	السَّيَّارَةُ وَاسِعَةٌ	گاڑی کشادہ ہے۔
طَالِبٌ	طَالِبَةٌ	وَصَلَتِ الطَّالِبَةُ	طالب علم لڑکی پہنچی۔
عَامِلٌ	عَامِلَةٌ	هٰذِهِ عَامِلَةٌ صَالِحَةٌ	یہ مزدور عورت نیک ہے۔

مذکر	مؤنث	عربی جملے	اردو ترجمہ
حَاضِرٌ	حَاضِرَةٌ	اَلطَّالِبَةُ حَاضِرَةٌ	طالب علم (لڑکی) حاضر ہے۔
وَلَدٌ	بِنْتٌ	ذَهَبَتِ الْبِنْتُ	بیٹی گئی
رَجُلٌ	اِمْرَاَةٌ	تِلْكَ اِمْرَاَةٌ عَالِمَةٌ	وہ پڑھی لکھی عورت ہے
جَدِيْدٌ	جَدِيْدَةٌ	هٰذِهٖ دَرَّاجَةٌ جَدِيْدَةٌ	یہ نئی سائیکل ہے
اَخٌ	اُخْتٌ	اَلْاُخْتُ صَغِيْرَةٌ	بہن چھوٹی ہے
اَبٌ	اُمٌّ	هٰذِهٖ اُمٌّ طَيِّبَةٌ	یہ اچھی ماں ہے
عَمٌّ	عَمَّةٌ	سَلَّمْتُ عَلٰى عَمَّتِيْ۔	میں نے اپنی چچی کو سلام کیا

سوال :۔ خالی جگہوں کو افعال مضارع کے ساتھ پُر کیجئے اور اردو میں ترجمہ کریں :

جواب :۔ اُخْتِيْ تَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ — میری بہن سکول جاتی ہے۔

تَصِلُ السَّيَّارَةُ السَّرِيْعَةُ — تیز رفتار گاڑی حاصل کی ہے۔

اَبِيْ يَرْجِعُ مِنَ السَّفَرِ — میرے والد سفر سے واپس آئیں گے۔

اَلْجَاهِلَةُ لَا تَفْهَمُ شَيْئًا — جاہل عورت کچھ نہیں سمجھتی۔

تَصْرُخُ الطِّفْلَةُ النَّائِمَةُ — سوئی ہوئی لڑکی چلاتی ہے۔

اَلْوَلَدُ يَشُدُّ الْحَبْلَ — لڑکا رسی کو باندھتا ہے۔

سوال :۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو ترتیب دے کر جملے بنائیں اور ترجمہ کریں :۔

جواب :۔ اَللّٰهُ طَيِّبٌ يَقْبَلُ الطَّيِّبَ — اللہ پاک ہے اور پاک کو پسند کرتا ہے۔

يُعَلِّمُ الْاُسْتَاذُ الْوَلَدَ — استاد لڑکے کو پڑھاتا ہے

اَلرَّجُلُ غَنِيٌّ لٰكِنَّهٗ كَرِيْمٌ — آدمی امیر ہے۔ لیکن سخی ہے۔

اَلْعَامِلُ يَجْتَهِدُ فِيْ عَمَلِهٖ — مزدور اپنے کام میں محنت کرتا ہے

سوال :۔ عربی سوالات کے عربی میں جوابات دیجئے :۔

س : كَيْفَ جِئْتَ ؟ — آپ کیسے آئے ؟

جِئْتُ بِزِيَارَتِكَ — میں آپ سے ملاقات کے لئے آیا ہوں۔

عَلٰى مَنْ سَلَّمْتَ ؟ — آپ نے کس کو سلام کیا ؟

سَلَّمْتُ عَلَيْكَ — میں نے آپ کو سلام کیا۔

مَعَ مَنْ خَرَجْتَ مِنَ الْمَدْرَسَةِ ؟ — آپ کس کے ساتھ سکول سے نکلے ؟

خَرَجْتُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ مَعَ صَدِيْقِيْ — میں اپنے دوستوں کے ساتھ سکول سے نکلا۔

مَتٰى تَعُوْدُ اِلٰى بَيْتِكَ ؟	آپ اپنے گھر کس وقت واپس آئیں گے ؟
اَعُوْدُ اِلٰى بَيْتِيْ بَعْدَ سَاعَةٍ	میں ایک گھنٹے کے بعد اپنے گھر واپس آؤں گا۔
هَلْ هُدَّأَ الْمَرِيْضُ ؟	کیا مریض کو سکون ہوا ؟
نَعَمْ هُدَّأَ الْمَرِيْضُ	جی ہاں، مریض کو سکون ہوا ؟
حَتّٰى مَتٰى تَتَأَخَّرُ ؟	آپ کب تک ٹھہریں گے ؟
اَتَأَخَّرُ لِيَوْمٍ۔	میں ایک دن تک ٹھہروں گا۔

سوال :۔ (اَبٌ، اَخٌ، حَمٌ) کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ وہ کسی اسم کی طرف مضاف نہ ہوں۔

۳- خَرَجَ الرِّجَالُ مِنَ الْبَيْتِ - مرد گھر سے نکلے -

۴- يَنْصُرُ الْمُسْلِمُوْنَ الْفُقَرَاءَ - مسلمان غریبوں کی مدد کرتے ہیں -

(ب) مؤنث کی مثالیں :-

۱- قَدِمَتِ الْبَنَاتُ مِنَ الْبَيْتِ - لڑکیاں گھر سے آئیں -

۲- تَنْظُرُ التِّلْمِيْذَاتُ اِلٰى سَبُّوْرَةٍ - لڑکیاں تختہ سیاہ کی طرف دیکھتی ہیں -

۳- ذَهَبَتِ النِّسَاءُ اِلَى السُّوْقِ - عورتیں بازار گئیں -

۴- تَرْجِعُ الطَّالِبَاتُ مِنَ السَّفَرِ - طالبات سفر سے واپس آئیں گی -

سوال : خالی جگہوں کو پُر کیجئے :-

۱- كِتَابُ مَحْمُوْدٍ مُفِيْدٌ - محمود کی کتاب کارآمد ہے -

۲- نَزَلَ الْمَطَرُ - بارش ہوئی -

۳- يَطْلُبُ سَعِيْدٌ مَاءً - سعید پانی مانگتا ہے -

۴- اَلدَّوَاءُ رَخِيْصٌ - دوا سستی ہے -

۵- قَرَأَتِ التِّلْمِيْذَةُ الدَّرْسَ - لڑکی نے سبق پڑھا -

۶- رَحْمَةُ اللهِ وَاسِعَةٌ - اللہ کی رحمت وسیع ہے -

۷- مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ - محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں

۸- سَافَرَ الرِّجَالُ اِلَى الْحَجِّ - مردوں نے حج کے لئے سفر کیا -

۹- طَلَعَتِ الشَّمْسُ - سورج طلوع ہوا -

۱۰- غَابَ الْقَمَرُ - چاند چھپ گیا -

۱۱- رَجَعَ التَّلَامِيْذُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ - شاگرد سکول سے واپس آئے -

۱۲- ذَهَبَتِ الْبَنَاتُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ - لڑکیاں سکول گئیں -

---

اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ عَشَرَ ـــــ سبق نمبر ۱۸

عزیز طلاب ! درج ذیل سبق کا تعلق عربی زبان کے ابتدائی قاعدہ سے ہے جب تک حروفِ تہجی کے بارے میں آپ کو معلومات نہ ہوں گی تو مزید اسباق / گرائمر کی پیچیدگیوں کو کس طرح سمجھیں گے - لہٰذا اگرچہ یہ سبق ہے لیکن تدریس میں اِسے

اولیت حیثیت حاصل ہے -

حروفِ تہجی کے لکھنے کا طریقہ	حروفِ تہجی کے پڑھنے کا طریقہ
ا - ب - ت - ث	اَلِف - با - تا - ثا
ج - ح - خ - د - ذ - ر - ز	جیم - حا - خا - دال - ذال - را - زا
س - ش - ص - ض	سین - شین - صاد - ضاد
ط - ظ - ع - غ - ف - ق	طا - ظا - عین - غین - فا - قاف
ك - ل - م - ن - و	کاف - لام - میم - نون - واؤ
ه - ي	ھا - یا -

مَخَارِجُ الْحُرُوْفِ - حروف کے مخارج

تعریف : ہر حرف کی آواز ہونٹوں سے سینے تک کسی نہ کسی مخصوص جگہ سے نکلتی ہے - یعنی ہونٹ ، زبان ، دانت ، حلق وغیرہ کی ایک مخصوص ہیئت کے ساتھ نکلتی ہے اس کو اسی حرف کا مخرج کہتے ہیں - درج ذیل میں ہم ان حروف کے مخارج اور حروف کا اپنی ساخت کے لحاظ سے مختلف قسموں میں تقسیم کا ذکر کریں گے :-

۱- اَلْحُرُوْفُ الشَّفَوِيَّةُ : ایسے حروف جو ہونٹوں سے ادا ہوں - ان میں (ب) (م) و شامل ہیں -

طریقہ مخرج :- (ب) - دونوں ہونٹ اس کی ادائیگی سے قبل پورے ملتے ہیں - اور پھیپھڑوں سے نکلنے والی ہوا کو وقتی طور پر روک لیا جاتا ہے - پھر دونوں ہونٹ یک دم ایک دوسرے سے علیحدہ ہو جاتے ہیں تو ب کی آواز نکلتی ہے -

م : اس کی آواز بھی ہونٹوں سے نکلتی ہے - لیکن اس کی ادائیگی اس وقت تک نہیں ہوتی جب تک آواز منہ اور ناک کے خلاء میں سے نہ گذرے -

و = اس کی آواز بھی ہونٹوں کے درمیان سے اس طرح نکالی جاتی ہے کہ دونوں ہونٹ آپس میں مل نہیں سکتے -

۲- اَلْحُرُوْفُ الشَّفَوِيَّةُ الْاَسْنَانِيَّةُ : ایسے حروف جو ہونٹوں اور دانتوں سے ادا ہوتے ہوں - مثلاً (ف)

طریقہ مخرج : ف : اس کی ادائیگی اوپر کے دانتوں کو نچلے ہونٹ کے ساتھ ملا کر ہوتی ہے - اور آواز اسی تنگ راستے سے باہر نکلتی ہے جو اس طرح اوپر والے دانتوں اور نچلے ہونٹ کے درمیان بنتا ہے -

۳۔ اَلْحُرُوْفُ الْاَسَانِیَّۃُ اللِّسَانِیَّۃُ = ایسے حروف جن کا مخارج دانت اور زبان کی مختلف حرکات ہوں۔ مثلاً ذ۔ ث۔ ظ۔

طریقہ مخارج = ذ = اس کی آواز زبان کو اوپر والے اور نچلے دانتوں کے درمیان اس طرح رکھنے سے پیدا ہوتی ہے کہ دونوں اوپر والے اور نچلے جوڑوں کے درمیان تنگ سی جگہ رہ جائے۔ پھر ذال کی آواز گردن کے صوتی تاروں کو چھیڑتی ہوئی آہستہ آہستہ تھرکتے ہوئے تاروں کی طرح نکلتی ہے۔

ث : اس کی ادائیگی ذال کی طرح ہے۔ سوائے اس کے کہ اس کی ادائیگی میں صوتی تاروں میں تھرتھراہٹ نہیں ہوتی۔

ظ = اس کا مخرج بھی ذال کی طرح ہے۔ البتہ اس کی ادائیگی میں زبان پیالے یا ڈش کی سی پچکی ہوئی شکل اختیار کرتی ہے۔ یعنی زبان کے کنارے اُٹھ جاتے ہیں اور بیچ میں گہرائی سی پیدا ہو جاتی ہے اور یہ کنارے تالو کی چھت سے مل جاتے ہیں۔

۴۔ اَلْحُرُوْفُ اللَّثَوِیَّۃُ اللِّسَانِیَّۃُ = ایسے حروف جن کا مخارج مسوڑھوں اور زبان کے مختلف حرکات ہوں۔ مثلاً د۔ ت۔ ط۔ ل۔ ر۔ ن۔ س۔ ز۔ ص۔

طریقہ مخارج = ت اور ط = لفظ کی ادائیگی عمومی اور فطرتی طرز پر خود بخود ہو جاتی ہے۔ ت کی ادائیگی زبان کی نوک سے ذرا اوپر والے حصہ کو بالائی اندرونی مسوڑھوں سے ملانے کے بعد ایک دم الگ کر دینے سے ہوتی ہے۔ جبکہ ط کی ادائیگی میں زبان پیالے یا ڈش کی پچکی ہوئی شکل اختیار کرتی ہے اور اس کا رُخ منہ کی چھت کی طرف ہوتا ہے۔

س اور ص = س کی ادائیگی بھی ہم عام طور پر صحیح کرتے ہیں۔ جب کہ ص کی ادائیگی پر توجہ کی اشد ضرورت ہے۔ پھیپھڑوں کی ہوا اس تنگ راستے سے باہر کی طرف گزرے۔ جو زبان کی نوک کے اندرونی نچلے مسوڑھے پر جھکاؤ کے ذریعہ پیدا ہوتا ہے۔ یہ آواز سیٹی کی طرح نکلتی ہے۔ صاد کی آواز ایک حد تک سین سے ملتی جلتی ہے مگر اس کی ادائیگی میں پوری زبان اوپر والے اندرونی مسوڑھے کے ساتھ ملتی ہے۔ اور زبان کا پچھلا حصہ پہلے کی طرف لوٹتا ہے

۵۔ الحروف الْاَضْرَاسِیَّۃُ اللِّسَانِیَّۃُ = ایسے حروف جو داڑھوں اور زبان کی نوک سے مل کر ادا ہوتے ہوں۔ مثلاً ض۔

طریقہ مخارج = ض = یہ حروف عربی زبان کی ایک مخصوص آواز کو ظاہر کرتا ہے۔ جو شاید کسی اور زبان میں نہیں پائی جاتی۔ اس لئے عربی زبان کو لُغَۃُ الضَّاد یعنی

ضاد کی زبان بھی کہا جاتا ہے۔ اس کی صحیح ادائیگی اس طرح ہے کہ زبان کا کنارہ (دایاں یا بایاں) اوپر والی داڑھوں (دائیں یا بائیں) کے ساتھ لگے اور ساتھ ہی پوری زبان اوپر کی طرف اٹھے مگر سانس نہ رُکے۔

۶۔ اَلْحُرُوْفُ الْوَسَطِیَّۃُ السَّقْفِیَّۃُ = ایسے حروف جو منہ کے درمیانی تالو سے ادا ہوں۔ مثلاً ش، ی، ج وغیرہ۔

طریقہ مخارج = ج۔ ش۔ ی۔ درمیانِ زبان اور اوپر کا سخت تالو کے ذریعے ان حروف کی ادائیگی ہوتی ہے۔ انہیں حروف سقفیہ کہتے ہیں۔

۷۔ حُرُوْفُ الْجُزْءِ الرَّخْوِ مِنْ سَقْفِ الْفَمِ = ایسے حروف جو تالو کے نرم حصہ سے ادا ہوں۔ مثلاً ک۔ ق وغیرہ۔

طریقہ مخارج = ق۔ ک = ک کی ادائیگی تقریباً درست کرتے ہیں مگر ق کی آواز کو ک میں ملا دیتے ہیں۔ جبکہ ک کی ادائیگی زبان کے پچھلے حصہ کو منہ کی چھت تالو کے اس حصے سے مکمل طور پر ملانے سے ہوتی ہے۔ جہاں تالو کا سخت حصہ ختم ہوتا ہے اور نرم حصہ شروع ہوتا ہے۔ لحظہ بھر کو سانس روکی جاتی ہے۔ پھر ک کی آواز زبان کو تالو سے ایک دم الگ کرنے سے پیدا ہوتی ہے۔ ق کا مخرج ک کے مخرج سے مشابہ ہے مگر ق کی ادائیگی میں زبان کا انتہائی پچھلا حصہ تالو کے نرم حصہ سے ملتا ہے۔ چنانچہ اس وقت سانس کا راستہ بند ہو جاتا ہے۔ پھر دونوں عضوین زبان اور تالو ایک دم الگ ہوتے ہیں تو سانس شدت کے ساتھ نکلتا ہے اور ساتھ ہی ق کی آواز پیدا ہوتی ہے۔

۸۔ حُرُوْفُ الْحَلْقِ = ایسے حروف جو حلق سے نکلتے ہوں حروفِ حلقی کہلاتے ہیں۔ یہ تعداد میں چھ ہیں۔ مثلاً ع۔ ح۔ غ۔ خ۔ ہ۔ ء

نوٹ : یہ چھ حروف حلق کے ابتدائیہ یا وسطیہ یا پھر آخر سے نکلتے ہیں۔ بہرحال ان کا تعلق چونکہ حلق سے ہوتا ہے اس لئے حروف حلقیہ کہلاتے ہیں۔

سوال : مخارج سے کیا مراد ہے ؟

جواب : جس جگہ سے حرف ادا ہوتا ہے اس کو مخرج کہتے ہیں۔ محقق فن علامہ جزریؒ کے قول کے مطابق مخارج سترہ ہیں جن کا کما حقہ سابقہ صفحات میں ذکر کر دیا گیا ہے۔

سوال : دانتوں کے نام لکھئے جو کہ قواعد تجوید میں استعمال ہوتے ہیں۔

جواب : دانتوں کے عربی زبان میں سات نام ہیں۔ جو کہ درج ذیل ہیں :-

۱۔ ثَنَایَا عُلْیَا = سامنے کے اوپر والے دو دانت۔

ثنایا سُفلیٰ = سامنے کے نیچے والے دو دانت ۔

۲۔ رُبَاعِیَات = ثنایا کے ساتھ دائیں بائیں اوپر نیچے ایک ایک کل چار دانت ۔

۳۔ اَنْیَاب = رباعیات کے آگے دائیں بائیں اوپر نیچے کل چار دانت ۔

۴۔ ضَوَاحِك = انیاب کے دائیں بائیں اوپر نیچے کل چار دانت ۔

۵۔ طَوَاحِن = ضواحک کے آگے دائیں بائیں اوپر نیچے تین تین دانت کل بارہ ۔

۶۔ نَوَاجِذ = طواحن کے آگے دائیں بائیں اوپر نیچے ایک ایک دانت کل چار ۔

۷۔ اَضْرَاس = ضواحک، طواحن، نواجذ ہیں دانتوں کو اضراس کہتے ہیں ۔ جس کو اردو میں داڑھیں بھی کہتے ہیں ۔

سوال :۔ لَحن سے مراد ہے ؟ وضاحت سے لکھیں ۔

جواب : اگر پڑھنے والا حروف تہجی کے مخارج صحیح معنوں میں نہ نکال سکے ۔ یعنی تجوید کے خلاف پڑھے لحن کہتے ہیں ۔ اس کی دو قسمیں ہیں (۱) لحن جلی (۲) لحن خفی ۔

۱۔ لَحنِ جلی ، بڑی غلطی = کسی حرف کو صحیح اس کے مخرج سے ادا نہ کرنے کو لحن جلی کہتے ہیں ۔ اس کی کم از کم آٹھ صورتیں ہیں ۔ مثلاً وَالصَّیْف کی جگہ وَالسَّیْف پڑھنا اَنْعَمْتَ کی جگہ اَنْعَمْتُ پڑھنا ۔ ایسا پڑھنا حرام اور پڑھنے والا سخت گناہگار ہوگا ۔

۲۔ لَحنِ خفی = صفاتِ مُحسِّنہ میں غلطی کرنے کو کہتے ہیں ۔ جیسے غنہ نہ کرنا ۔ اخفاء کی جگہ ادغام یا پھر ادغام کی جگہ اخفاء کرنا ۔ بعض لفظ کو باریک یا پھر بعض کو موٹا ادا کرنا ۔ اس کا حکم مکروہ ہے اس سے بچنا چاہیئے ۔

تمرین

سوال : عربی میں حروفِ ہجاء کتنے ہیں ؟

جواب : ہر زبان کی بنیاد حروف تہجی پر ہے ۔ اسے حروف ہجاء بھی کہتے ہیں ۔ انگریزی زبان میں کل ۲۶ اور اردو زبان میں ۳۶ حروف ہجا ہیں ۔ جب کہ عربی زبان میں ۲۸ حروف ہیں ۔

نوٹ : ا کو بعض ماہرینِ لغت نے شامل حروفِ ہجا کیا ہے اور بعض نے اسے قائم مقام ء مانا ہے ۔ بصورتِ حرکاتِ ثلاثہ کے الف کی نہ کوئی ذاتی آواز ہے اور نہ حرکت بلکہ الف الف ہی ہے ۔

سوال : حروفِ قمریہ اور حروفِ شمسیہ سے کیا مراد ہے ۔ نیز ان حروف کا استعمال کریں ۔

جواب : حروفِ شمسیہ : ایسے حروف جن پر (ال) آئے لیکن پڑھا نہ جائے ۔ انہیں

حروفِ شمسیہ کہتے ہیں ۔ مثلاً الشمس ، النون وغیرہ ۔

حروف قمریہ :۔ ایسے حروف جن پر (ال) آئے اور پڑھا بھی جائے تو انہیں قمری حروف کہتے ہیں ۔ مثلاً القمر الخادم وغیرہ ۔

سوال :۔ حروف قمریہ کون کون سے ہیں ؟ مثالیں دیں ۔

جواب :۔ یہ چودہ حروف ہیں جو کہ درج ذیل ہیں :۔

ا ، ب ، ج ، ح ، خ ، ع ، ق ، م ، ہ ، و ، ف ، ی ، ك ۔

مثالیں :۔ اَلْاَوْلَاد ، البنت ، الجنة ، الحق ، الخادم ، القمر ، اَلْکِتَاب ، المومن ، الھدیہ ، اَلْوَالِد ، العرب ، الغریب ، اَلْبَیْدُ ، الفجر ۔ وغیرہ ۔

سوال :۔ حروفِ شمسیہ کون کون سے ہیں ؟ مثالیں دیں ؟

جواب :۔ یہ حروف بھی چودہ ہیں جو کہ درج ذیل ہیں :۔

ت ، ث ، د ، ذ ، ر ، ز ، س ، ش ، ص ، ض ، طا ، ظا ، ل ، ن وغیرہ ۔

التّاء ، الطّاء ، الثّاء ، الصّاد ، الضّاد ، النّون ، الذّال ، الدّال ، الرّاء ، الزّای ، السین ، الشین ، اللام ، الظاء ۔

سوال : حروف المدّ کون سے ہیں اور انہیں حروف المدّ کیوں کہا جاتا ہے ؟

جواب : و ۔ ا ۔ ی حروف مدّ ہیں ۔ انہیں حروفِ علت بھی کہتے ہیں ۔ حروفِ مدّ اس لئے کہتے ہیں کہ ان کا تلفظ دو حروف کے برابر لمبا کر کے ادا کیا جاتا ہے ۔

سوال : مدّ کے لئے کون سی شرائط لازمی ہیں اور مدّ کی کتنی مقدار ہے ؟

جواب : حروفِ مدّ کے لئے شرطیں درج ذیل ہیں :۔

۱۔ ا = الف سے پہلے حرفِ مفتوح ہو جیسے دَاخِل ۔ ذَاھِب ۔ قابل وغیرہ ۔

۲۔ و = واؤ سے پہلے حرفِ مضموم ہو ۔ جیسے سوق ۔ نوح ۔ روح وغیرہ ۔

۳۔ یاء = سے پہلے حرفِ مکسور ہو ۔ جیسے ریح ۔ حلیب ۔ بعید وغیرہ ۔

مدّ کی مختلف حالتوں میں مختلف مقداریں ہیں ۔ اور ان کا تعلق مدّ کی اقسام پر منحصر ہے ۔ طوالت کے پیش نظر اسے فی الحال موقوف کیا جاتا ہے ۔

سوال ۵ تا ۱۲ کا تعلق طالب علم کی ریہرسل سے ہے ۔ ان کی ادائیگی ایک متعلم بار بار خود کرے ۔ اور محسوس کر کے لفظوں کے مابین آوازوں کا فرق ، مخارج کا فرق وغیرہ ۔

اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ عَشَرَ ـــــ سبق نمبر ۱۹

اَلْاَنَاشِيْدُ الْمُخْتَارَةُ ـــــ منتخب گیت

عربی جملے	اردو ترجمہ
يَا رَبِّ اَنْتَ خَالِقِيْ	اے رب! تو مجھے پیدا کرنے والا ہے۔
وَاَنْتَ اَنْتَ رَازِقِيْ	اور تو ہی میرا رازق ہے۔
خَلَقْتَ اُمِّيْ وَاَبِيْ	تو نے میرے ماں باپ کو پیدا کیا۔
وَكُلَّ مَنْ فِيْ نَسَبِيْ	اور ہر اس شخص کو جو میرے نسب سے ہے۔
وَقَدْ خَلَقْتَ الْعَرَبَا	اور تو نے پیدا کیا عربوں کو
وَالْمُسْلِمِيْنَ النُّجَبَا	اور مسلمانوں کو جو شریف الاصل (نجیب) ہیں۔
وَكُلَّ اَجْنَاسِ الْبَشَرِ	اور انسان کی تمام نسلوں کو۔
وَكُلَّ طَيْرٍ اَوْ شَجَرَ	اور تمام پرندوں اور درختوں کو۔
فَالشُّكْرُ يَا رَبِّيْ لَكَ	پس شکر ہے رب العزت تیرے لئے۔
وَالْحَمْدُ مَا دَارَ الْفَلَكْ	اور سب تعریفیں تیرے لئے ہیں۔ جب تک آسمان گردش میں ہے۔
اَلْكَوْنُ مَا صَنَعْتَهُ	کائنات وہ ہے جسے تو نے بنایا۔
وَالْهَدْيُ مَا هَدَيْتَهُ	اور سیدھا راستہ وہ ہے جسے تو نے دکھایا۔
فَسَدِّدِ الْخَطْوَ اِلٰى	پس تو قدموں کو سیدھا رکھ
رِضَاكَ يَا رَبَّ الْعُلَا	اپنی رضا کی طرف اے بلندیوں کے رب!

تمرین

سوال: مَنْ خَلَقَكَ — آپ کو کس نے پیدا کیا؟

جواب: اَللّٰهُ خَلَقَنِيْ — اللہ میرا خالق ہے۔

سوال: مَنْ خَلَقَ اَبَاكَ وَاُمَّكَ — آپ کے باپ اور آپ کی ماں کو کس نے پیدا کیا؟

جواب: اَللّٰهُ خَالِقُ اَبِيْ وَاُمِّيْ — اللہ میرے باپ اور میری ماں کا خالق ہے۔

سوال: لِمَاذَا تُحِبُّ الْعَرَبَ؟ — آپ عربوں سے کیوں محبت کرتے ہیں۔

جواب: لِاَنَّهُمْ اَصْحَابُ لُغَةِ الْقُرْاٰنِ الْكَرِيْمِ
کیونکہ قرآن عربی میں ہے اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان عربی ہے۔ اہل جنت کی زبان عربی ہے۔

سوال: لِمَاذَا تُحِبُّ الْمُسْلِمِيْنَ؟ — آپ مسلمانوں سے کیوں محبت کرتے ہیں؟

جواب: اُحِبُّ الْمُسْلِمِيْنَ لِلّٰهِ — میں اللہ کی خاطر سے مسلمانوں سے محبت کرتا ہوں۔

سوال: لِمَاذَا تَحْمَدُ اللّٰهَ؟ — آپ اللہ کی کیوں تعریف کرتے ہیں؟

جواب: لِاَنَّ اللّٰهَ اَنْعَمَ عَلَيْنَا اَنْعَامًا كَثِيْرًا لَا يُعَدُّ وَلَا يُحْصٰى

سوال: مَا مَعْنٰى سَدِّدِ الْخَطْوَ

جواب: سیدھا کر قدموں کو۔ یعنی اللہ رب العزت کی طرف جانے والا سیدھا راستہ مراد ہے۔

سوال: خَلَقْتَ الْعَرَبَ۔ ترکیب نحوی کیجئے:

جواب: خَلَقَ۔ فعل ماضی۔ تَ ضمیر مخاطب فاعل۔ اَلْعَرَبَ مفعول بہ } جملہ فعلیہ خبریہ ہے۔

مَا اَجْمَلَ الضِّيَاءَ۔ کتنی خوبصورت ہے۔ روشنی

تُشَقْشِقُ الطُّيُوْرُ	چہچہا رہے ہیں پرندے۔
فَرْحَانَةً بِالنُّوْرِ	خوش ہو کر روشنی سے۔
تَقُوْلُ فِي السُّرُوْرِ	کہہ رہے ہیں خوشی میں۔
مَا اَجْمَلَ الضِّيَاءِ	کتنی خوبصورت ہے۔ روشنی۔
وَالْحَقْلُ وَالدُّهُوْرُ	کھیت اور پھول
وَالْجَدْوَلُ الصَّغِيْرِ	اور چھوٹی ندی
تَقُوْلُ فِي سُرُوْرٍ	کہہ رہے ہیں خوشی میں۔
مَا اَجْمَلَ الضِّيَاءِ	کتنی خوبصورت ہے روشنی
وَالْوَلَدُ الصَّغِيْرِ	چھوٹا بچہ۔
وَالرَّجُلُ الْكَبِيْرِ	بڑا آدمی۔
يَقُوْلُ فِيْ سُرُوْرٍ	کہہ رہا ہے خوشی میں۔
مَا اَجْمَلَ الضِّيَاءِ	کتنی خوبصورت ہے روشنی۔
مَا اَجْمَلَ الضِّيَاءِ	کتنی خوبصورت ہے روشنی۔
يُسْرِقُ بِالْبَهَاءِ	چمک رہی ہے آب و تاب سے۔

فِی الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ	زمین و آسمان میں
مَا اَجْمَلَ الضِّیَاءَ	کتنی خوبصورت ہے روشنی

تمرین

سوال : متیٰ تشقشق الطیور ؟

جواب : تُشَقْشِقُ الطیور فی الصباح

سوال : ماھی الشقشقة ؟

جواب : ھِیَ اَصْوَاتُ الطُّیُوْرِ

سوال : عَلَامَ تَدُلُّ اصوات الطیور ؟ — پرندوں کی آوازیں کیا ظاہر کرتی ہیں ؟

جواب : تَدُلُّ اصوات الطیور علی الضیاء

سوال : مَاذَا یقول الولد ؟ — بچہ کیا کہہ رہا ہے ؟

جواب : یقول الولد ما اجمل الضیاء — بچہ کہہ رہا ہے کتنی خوبصورت ہے روشنی ۔

سوال : ما ذا یقول الرجل ؟ — آدمی کیا کہہ رہا ہے ؟

جواب : یقول الرجل ما اجمل الضیاء — آدمی کہہ رہا ہے کہ کتنی خوبصورت ہے روشنی ۔

مفرد	جمع	مفرد	جمع	مفرد	جمع
عقل	عقول	زهرة	زُهُوْرٌ	جدول	جَدَاوِلُ
صغیر	صِغَارٌ	رَجُلٌ	رجال	ولد	اولاد
کبیر	کِبَارٌ	نور	انوار	ضوء	اضواء

اَلْمُمَرِّضَة — نرس

رَاَیْتُهَا لَطِیْفَةً	دیکھا میں نے اس کو صاف ستھرا ۔
نَشِیْطَةً خَفِیْفَةً	پھرتیلی اور چست ۔
فُؤَادُهَا رَحِیْمٌ	اس کا دل مہربان ہے ۔
وَعَطْفُهَا عَظِیْمٌ	اس کی شفقت بہت بڑی ہے ۔
لَطِیْفَةُ الْکَلَامِ	وہ نرم گفتار ہے ۔
تَعْمَلُ فِیْ نِظَامٍ	وہ ایک نظام کے ساتھ کام کرتی ہے ۔
تَطُوْفُ بِالدَّوَاءِ	وہ دوا لے کر چکر لگاتی ہے ۔
فِی الصُّبْحِ وَالْمَسَاءِ	صبح اور شام ۔

وَتَاْخُذُ الْحَرَارَةَ	اور ٹمپریچر لیتی ہے ۔
بِغَایَةِ الْمَهَارَةِ	انتہائی مہارت کے ساتھ ۔
فِیْ کَفِّهَا الشِّفَاءُ	اس کے ہاتھ میں شفا ہے ۔
یَبْعَثُهُ الرَّجَاءُ	جس کو یعنی (شفا کو) پیدا کرتی ہے اُمید ۔
فِیْ قَلْبِهَا حَنَانٌ	اس کے دل میں شفقت ہے ۔
یَبُثُّهُ اللِّسَانُ	جس کو پھیلاتی ہے ۔ یعنی ظاہر کرتی ہے ۔ زبان

تمرین

سوال : صِفْ قَلْبَ الْمُمَرِّضَة ؟

جواب : قَلْبُهَا حَنَانٌ

سوال : مَتیٰ تطوف الممرضة بالدواء ؟

جواب : تطوف الممرضة بالدواء فی الصبح والمساء

سوال : وَلِمَاذَا ؟

جواب : لمعالجة المرضیٰ

سوال : مَا هُوَ الشَّیْئُ الَّذِیْ یبعث الشفاء ؟

جواب : الشیئ الذی یبعث الشفاء هو الرجاء

ترکیب نحوی کیجئے :-

سوال : فؤادها رحیم

جواب : فؤاد مضاف مبتدا ۔ ھا ضمیر مضاف الیہ ۔ رحیم خبر = جملہ اسمیہ خبریہ ۔

سوال : گیت میں تمام افعال نکالیے اور ان کی اقسام بتائیے ؟

جواب : (رایت ۔ ماضی) (یبعثه ۔ مضارع) (تاخذ ۔ مضارع) (تعمل مضارع ۔ تاخذ مضارع)

نَشِیْدُ الْعُمَّالِ ۔ مزدوروں کا گیت

اَلْفَلَّاحُ :- اِنِّیْ اَنَا الْفَلَّاحُ	کسان ، بے شک میں کسان ہوں ۔
مِنْ طَبْعِیَ الْکِفَاحُ	جدوجہد میری فطرت سے ہے ۔
طَعَامُکُمْ مِنْ جَهْدِیْ	تمہارا کھانا میری کوشش سے ہے ۔
وَخَیْرُکُمْ مِنْ کَدِّیْ	اور تمہاری بھلائی میری محنت سے ہے

اَلنَّجَّارُ :	اِنِّیْ اَنَا النَّجَّارُ	بڑھئی : بے شک میں بڑھئی ہوں ۔
	رَفِیْقِیَ الْمِنْشَارُ	میرا ساتھی آری ہے ۔
	مِنْ صَنْعَتِیَ الْمَوَائِدُ	میری صنعت میں سے کھانے کی میزیں
	وَالْبَابُ وَالْمَقَاعِدُ	دروازہ اور بنچ ہیں ۔
اَلْحَدَّادُ :	فِیْ کُتَلِ الْحَدِیْدِ	لوہار : لوہے کے ٹکڑوں میں
	اَعْمَلُ فِیْ تَجْدِیْدِ	میں نئی چیز بنانے کا کام کرتا ہوں ۔
	مِنْ صَنْعَتِی الْمَدَافِعِ	میری صنعت میں سے توپیں ہیں ۔
	عَنِ الْحِمٰی تُدَافِعِ	جو کہ سرحدوں کا دفاع کرتی ہیں ۔
اَلْجَمِیْعُ :	عَاشَتْ لَنَا الزِّرَاعَۃُ	سب مل کر : زراعت ہمارے لئے زندہ ہے ۔
	وَاُخْتُهَا الصِّنَاعَۃُ	اور اس کی بہن صنعت ۔
	فَکُلُّنَا بِالْمِهَنِ	پس ہم سب اپنے اپنے پیشوں کے ساتھ
	نَرْفَعُ شَانَ الْوَطَنِ	وطن کی شان بلند کرتے ہیں

تمرین

سوال : مَاذَا قَالَ الْفَلَّاحُ — کسان نے کیا کہا ؟

جواب : قَالَ الْفَلَّاحُ مِنْ طَبْعِیَ الْکِفَاحُ — کسان نے کہا کہ جد وجہد میری فطرت سے ہے ۔

سوال : مَا الْفَرْقُ بَیْنَ الْفَلَاحِ وَالْفَلَّاحِ — فلاح اور فلّاح میں کیا فرق ہے ؟

جواب : الفلاح یعنی الفوز وَالْفَلَّاحُ یعنی حارث

جمع بنائیے :

مفرد	جمع	مفرد	جمع
مِنْشَار	مناشیر	مقعد	مقاعد
باب	ابواب	مِدْفع	مَدَافِعُ

سوال : گیت میں ضمیر متصل نکالئے ؟

جواب : ی ۔ کم ۔ ھا ۔ نا وغیرہ ۔

سوال : ترکیب نحوی کیجئے ، رَفِیْقِیَ الْمِنْشَارُ

جواب : رفیق ۔ مضاف مبتدا ۔ ی ضمیر متکلم ، مضاف الیہ ۔ المنشار ۔ خبر ، جملہ اسمیہ خبریہ ۔

گیت میں جتنے جار و مجرور آتے ہیں ترجمہ کے ساتھ لکھیں ؟

مِنْ طَبْعِیْ ، میری طبیعت سے ۔ مِنْ کَدِّیْ ، میری محنت سے ۔ مِنْ صَنْعَتِیْ ، میری صنعت سے ۔ عَنِ الْحِمٰی ، سرحدوں کے بارے میں ۔ بِالْمِهَنِ ، مشقت کے ساتھ ۔

تمام گیتوں کے الفاظ / معانی ایک جگہ جمع کر دئے گئے ہیں :-

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
خَالِقِیْ	میرا پیدا کرنے والا	کُلُّ مَنْ فِیْ نَسَبِیْ	میرے سب آباء و اجداد
اَلنُّجَبَاءُ	شریف الاصل	مَادَارَ الْفَلَکُ	جب تک آسمان گردش میں ہے
اَجْنَاسُ	نسلیں / قومیں	مَا صَنَعْتَهٗ	جسے تو نے بنایا
مَاهَدَیْتَهٗ	جسے تو نے دکھایا	فَسَدِّدْ	سیدھا کر دے
خُطُوَہٗ	قدم	اَلْعُلَا	بلندی ۔ رفعت
تُشَقْشِقُ	چہچہا رہے ہیں	اَلشَّقْشَقَۃِ	چڑیوں کی آواز
اَلْحَقْلُ	کھیت	اَلْجَدْوَلُ	چھوٹی ندی
اَلضِّیَاءُ	روشنی	مَا اَجْمَلَ	کتنی خوبصورت
اَلْبَهَاءُ	چمک دمک	تُغَرِّدُ	چہچہاتے ہیں
عطف	مہربانی	تَطُوْفُ	چکر لگاتی ہے
اَلْحَرَارَۃُ	حرارت	بِغَایَۃِ الْمُهَارَۃِ	انتہائی مہارت کے ساتھ
کَفُّهَا	اس کی ہتھیلی	یَبْعَثُ	ابھارتی ہے
یَبُثُّ	پھیلاتا ہے	حَنَانٌ	شفقت
مِنْ طَبْعِیْ	میری فطرت میں	اَلْکِفَاحُ	کوشش
کَدِّیْ	میری محنت	جُهْدِیْ	میری کوشش
رَفِیْقِیْ	میرا ساتھی	اَلْمِنْشَارُ	آرا ۔ آری
صَنْعَتِیْ	میری صنعت	اَلْمَوَائِدُ	مائدہ کی جمع ۔ کھانے کی میز
کُتَلٌ	کُتْلَۃٌ کی جمع ۔ ٹکڑے	اَلْمَدَافِعُ	مِدْفَعٌ کی جمع ۔ توپیں
اَلْحِمٰی	سرحد	مِهَنٌ	مِهْنَۃٌ کی جمع ۔ پیشے

تمام گیتوں پر مشتمل اجمالی تمرینات

سوال : گیت (الدعاء) زبانی پڑھئے ۔ اس میں سے جار و مجرور نکالئے :-

جواب : اِیْ ۔ فِیْ ۔ جار ہے ۔ نَسَبِیْ ۔ مجرور ہے ۔

سوال : ترکیب نحوی کرنے کے بعد بتائیے کہ یہ جملہ مرکب تام ہے یا ناقص ؟

جواب : یُشَقْشِقُ بِالْبَهَاءِ = یشقشق فعل / فاعل ۔ با ۔ جار ۔ بھا ۔ مجرور ۔ جملہ فعلیہ خبریہ ہے

مرکب تام ہے۔

سوال :۔ گیت (اَلْمُمَرِّضَة) میں سے تمام مرکب اضافی نکالئے اور ترجمہ کریں :۔

فوادها = اس کا دل عطفها۔ اس کی شفقت ۔ لطيفة الغلام ۔ نرم گفتگو والی۔
غاية المهارة ۔ مہارت کی انتہا ۔ كفها ۔ اس کی ہتھیلی
قلبها: اس کا دل

سوال : کسی گیت کے آخری تین شعروں کا انتخاب کیجئے اور اردو میں ترجمہ کریں ۔

جواب : فَالشُّكْرُ يَا رَبِّي لَكَ — پس شکر ہے اے میرے رب تیرے لئے
وَالْحَمْدُ مَا دَارَ الْفَلَكْ — اور سب تعریفیں تیرے لئے ہیں۔ جب تک کہ آسمان گردش میں ہے۔
اَلْكَوْنُ مَا صَنَعْتَهُ — کائنات وہ ہے جسے تو نے بنایا ۔
وَالْهَدْيُ مَا هَدَيْتَهُ — اور سیدھا راستہ وہ ہے جسے تو نے دکھایا ۔
فَسَدِّدِ الْخُطُوَ اِلَى — پس تو قدموں کو سیدھا رکھ ۔
رِضَاكَ يَا رَبَّ الْعُلَا — اپنی رضا کی طرف ۔ اے بلندیوں کے رب !

سوال : مَاذَا يَقُولُ الْفَلَّاحُ ۔ جواب : يَقُولُ الْفَلَّاحُ ۔ مِنْ طَبْعِ الْكِفَاحِ ۔

سوال : وَمَاذَا يَقُولُ النَّجَّارُ جواب : يَقُولُ النَّجَّارُ ۔ رَفِيقِي الْمِنْشَارُ ۔

سوال : وَبِمَاذَا نَرْفَعُ شَانَ الْوَطَنِ ؟

جواب : نَرْفَعُ شَانَ الْوَطَنِ بِالْفَلَّاحِيْنَ وَالْعُمَّالِ وَبِا

سوال : مندرجہ ذیل جملے کی ترکیب نحوی کیجئے اور بتائیے کہ اس میں فاعل کہاں ہے ؟

تطوف بالدواء ۔

جواب : تطوف = فعل/فاعل ۔ باء = جار ۔ الدواء ۔ مجرور ۔ ھی ضمیر مستتر ، فاعل ، جملہ فعلیہ خبریہ ہے ۔

سوال : العمال کے گیت میں سے تمام اسمیہ جملے نکالئے ۔ ان کا ترجمہ کیجئے نیز کسی ایک اسمیہ جملے کی ترکیب نحوی کیجئے ۔

جواب : طَعَامُكُمْ ۔ تمہارا کھانا ۔ خَيْرُكُمْ ۔ تمہاری بھلائی ۔ وغیرہ

طعام = مضاف ، مبتدا ۔ كم = مضاف الیہ ۔ مِنْ = جار ۔ جهدی ۔ مضاف (موجود محذوف خبر) ی ضمیر ۔ مضاف الیہ = جملہ اسمیہ خبریہ ۔

قُوَّةُ الْاِخْلَاص (ب) قِصَّة

كَانَ يَسْكُنُ فِي قَرْيَةٍ مِنَ الْقُرَى شَابٌ صَالِحٌ وَكَانَ فِي هٰذِهِ الْقَرْيَةِ شَجَرَةٌ عَجِيبَةٌ وَكَانَتْ تُنْسَبُ اِلَيْهَا بَعْضُ الْاَخْبَارِ الْخَاطِئَةِ لِهٰذَا ظَنَّ النَّاسُ اَنَّهَا شَجَرَةٌ مُبَارَكَةٌ وَمَعَ مُرُوْرِ الْاَيَّامِ اَخَذَ بَعْضُ النَّاسِ يَعْبُدُ تِلْكَ الشَّجَرَةَ ۔

فَغَضِبَ الشَّابُ عَلٰى هٰذَا الشِّرْكِ وَعَزَمَ اَنْ يَقْطَعَ الشَّجَرَةَ فَاَخَذَ فَاْسَهُ ۔ وَذَهَبَ اِلٰى تِلْكَ الشَّجَرَةِ لِيَقْطَعَهَا وَفِي الطَّرِيْقِ ظَهَرَ اَمَامَهُ الشَّيْطَانُ ، وَقَالَ لَهُ : اَيُّهَا الشَّابُ ۔ اِلٰى اَيْنَ اَنْتَ ذَاهِبٌ ؟

ایک نیک نوجوان کسی بستی میں رہا کرتا تھا ۔ اور اس بستی میں ایک عجیب درخت تھا ۔ اور اس کی طرف بعض عجیب / غلط باتیں منسوب کی جاتی تھیں ۔ اس بناء پر لوگوں نے یہ گمان کر لیا کہ مبارک درخت ہے ۔ زمانے کے گزرنے کے ساتھ ساتھ بعض لوگوں نے اس درخت کی پوجا پاٹ شروع کر دی تھی ۔ پس یہ نوجوان اس شرک پر غضبناک ہوا اور عزم کر لیا اس نے کہ اس درخت کو کاٹے گا ۔ پس اس نے اپنا کلہاڑا پکڑا اور اس درخت کی طرف چلا تاکہ اسے کاٹ ڈالے ۔ راستے میں اس کے آگے شیطان ظاہر ہوا اور کہنے لگا اس نوجوان کو ۔ اے نوجوان ! کس طرف جا رہے ہو ؟

قَالَ : اِلٰى هٰذِهِ الشَّجَرَةِ ۔ نوجوان نے کہا کہ اس درخت کی طرف ۔

قَالَ : وَمَاذَا تَعْمَلُ عِنْدَ الشَّجَرَةِ ؟ شیطان نے سوال کیا کہ اس درخت کے پاس آپ کیا عمل کریں گے ؟

قَالَ : اَقْطَعُهَا ۔ نوجوان نے کہا کہ میں اسے کاٹ دوں گا ۔

قَالَ : وَلِمَ ؟ شیطان نے پوچھا ۔ کہ کیوں ؟

قَالَ : لِاَنَّ بَعْضَ النَّاسِ يَعْبُدُهَا ، وَيُشْرِكُ بِاللّٰهِ بِسَبَبِهَا ۔ نوجوان نے کہا ۔ کہ بعض لوگ اس کی پوجا پاٹ کرتے ہیں اور اس کے دم سے اللہ کے ساتھ شرک کرتے ہیں ۔

قَالَ : اَشَابَ هٰذَا الْكَلَامَ ۔ وَهُوَ صَادِقُ النِّيَّةِ فِي الْعَمَلِ لِوَجْهِ اللّٰهِ

نوجوان نے جب یہ بات کہی ۔ اس وقت وہ عمل میں سچی نیت میں تھا ۔ اللہ کی رضا کے لئے ۔

فَقَالَ الشَّيْطَانُ : لَا تَصِلُ إِلَيْهَا، وَأَنَا أَمْنَعُكَ مِنْهَا - شیطان نے کہا۔ تو اس کی طرف نہیں پہنچ سکتا۔ میں تجھے اس کی طرف سے روکوں گا۔

وَأَخَذَ بِرَقَبَةِ الشَّابِّ - فَغَضِبَ الشَّابُّ وَأَمْسَكَ الشَّيْطَانَ - اور نوجوان کی گردن کو پکڑ لیا۔ نوجوان غضب ناک ہوا اور شیطان کو پکڑ لیا۔

وَرَمَاهُ عَلَى الْأَرْضِ، وَجَلَسَ عَلَى صَدْرِهِ - اور زمین پر دے مارا اور اس کے سینے پر بیٹھ گیا۔

وَاقْتَرَبَتْ رُوحُهُ أَنْ تَخْرُجَ - اور اس کی روح نکلنے کے قریب ہو گئی۔

فَصَارَ الشَّيْطَانُ يَطْلُبُ مِنَ الشَّابِّ الْعَطْفَ وَالرَّحْمَةَ - پس شیطان نوجوان سے شفقت اور رحمت کا سوال کرنے لگا۔

وَيُكَلِّمُهُ بِكَلَامٍ لَيِّنٍ وَيَرْجُو مِنْهُ عَفْوَهُ - اور نرم بات کرنے لگ گیا۔ اور اس سے معافی کی امید کرنے لگ گیا۔

حَتَّى رَحِمَهُ الشَّابُّ وَتَرَكَهُ - یہاں تک کہ نوجوان نے اس پر رحم کھایا اور اسے چھوڑ دیا۔

وَهُنَا قَامَ الشَّيْطَانُ وَقَالَ لِلشَّابِّ - اور ادھر ہی کھڑا ہو کر شیطان نے کہا۔ نوجوان کو۔

يَا سَيِّدِي! أَنَا لَا أُرِيدُ أَنْ أَمْنَعَكَ مِنْ قَطْعِ الشَّجَرَةِ - اے میرے سردار! میں نہیں چاہتا کہ تجھے روکوں درخت کے کاٹنے سے۔

وَلَكِنْ فَقَطْ أُرِيدُ أَنْ تَتْرُكَهَا لِيَوْمٍ أَوْ يَوْمَيْنِ - لیکن فقط یہ چاہتا ہوں کہ تو اسے چھوڑ دے ایک دن کے لئے یا دو دن کے لئے۔

لِأَنَّ لِي فِيهَا مَطْلَبًا - کیونکہ اس میں میری ایک حاجت ہے۔

فَإِذَا حَصَلَ مَطْلَبِي فَلَكَ أَنْ تَفْعَلَ مَا تُرِيدُ - جس وقت میرا مطلب حاصل ہو جائے گا۔ پھر آپ جو چاہیں کر لیں۔

وَأَنْتَ أَحْسَنْتَ إِلَيَّ الْآنَ وَرَحِمْتَنِي - اب تو آپ نے مجھ پر احسان کیا۔ اور رحم کھایا تو نے مجھ پر۔

فَإِذَا أَحْسَنْتَ إِلَيَّ مَرَّةً ثَانِيَةً تَتْرُكُ لِي هَذِهِ الشَّجَرَةَ - پس آپ احسان کریں آپ مجھ پر دوسری مرتبہ، کہ آپ چھوڑ دیں واسطے میرے اس درخت کے

وَأُعْطِيكَ مُقَابِلَ كُلِّ يَوْمٍ مِئَةَ رُوبِيَةٍ - کہ آپ عطا کروں گا ہر دن کے

بدلے سو روپیہ۔

فَقَبِلَ الشَّابُّ - وَقَالَ فِي نَفْسِهِ - پس نوجوان نے یہ بات قبول کر لی اور اپنے جی میں کہنے لگا۔

أَقْطَعُ هَذِهِ الشَّجَرَةَ بَعْدَ أَنْ آخُذَ عِدَّةَ مِئَاتٍ مِنَ الرُّوبِيَّاتِ - کہ اس درخت کو چند سو روپے وصول کرنے کے بعد کاٹ دوں گا۔

وَاتَّفَقَ الشَّابُّ مَعَ الشَّيْطَانِ عَلَى تَرْكِ الشَّجَرَةِ لِعِدَّةِ أَيَّامٍ - تو نوجوان درخت کو چند دن چھوڑنے پر شیطان کے ساتھ متفق ہو گیا۔

وَلَكِنْ بِشَرْطِ أَنْ يَأْخُذَ مِئَةَ رُوبِيَةٍ مُقَابِلَ كُلِّ يَوْمٍ - لیکن اس شرط پر کہ ہر دن کے بدلے میں ایک سو روپیہ لے گا۔

وَذَهَبَ كُلٌّ مِنَ الشَّيْطَانِ وَالشَّابِّ فِي طَرِيقِهِ - اور ہر ایک یعنی شیطان اور نوجوان نے اپنی اپنی راہ لی۔

وَفِي الْيَوْمِ الثَّانِي جَاءَ الشَّيْطَانُ إِلَى مَنْزِلِ الشَّابِّ وَأَعْطَاهُ مِئَةَ رُوبِيَةٍ - دوسرے دن شیطان آیا نوجوان کے گھر کی طرف اور اس کو دیا ایک سو روپیہ۔

فَفَرِحَ الشَّابُّ بِهِ وَأَنْفَقَ مِنْهُ عَلَى نَفْسِهِ وَأُمِّهِ وَاشْتَرَى لَحْمًا وَسَمْنًا وَخُبْزًا وَفَاكِهَةً - پس نوجوان خوش ہوا۔ اور خرچ کیا اس روپیہ کو اپنے نفس پر اور اپنی ماں پر اور خریدا گوشت، گھی، روٹی اور پھل۔

وَفِي الْيَوْمِ الثَّالِثِ جَاءَ الشَّيْطَانُ بِالْمِئَةِ الثَّانِيَةِ فَاشْتَرَى الشَّابُّ ثِيَابًا لِنَفْسِهِ وَأُمِّهِ - اور تیسرے دن پھر شیطان دوسرا سو روپیہ لے کر آیا۔ پس نوجوان نے خریدے کپڑے اپنے لئے اور اپنی ماں کے لئے۔

وَمَرَّتِ الْأَيَّامُ وَكَثُرَتِ الرُّوبِيَّاتُ وَنَسِيَ الشَّابُّ الشَّجَرَةَ وَانْشَغَلَ بِاللَّذَّاتِ - اور چند دن گذر گئے اور پیسے بہت ہو گئے۔ نوجوان درخت کو بھول گیا۔ اور لذتوں میں مصروف ہو گیا۔

وَفِي يَوْمٍ غَابَ الشَّيْطَانُ، وَانْقَطَعَتِ الرُّوبِيَّاتُ وَانْتَظَرَ الشَّابُّ طُولَ النَّهَارِ - لیکن ایک دن شیطان بھی غائب ہو گیا اور روپیہ بھی ختم ہو گیا اور نوجوان نے پورا دن انتظار کیا۔

وَمَا حَضَرَ الشَّيْطَانُ - لیکن شیطان حاضر نہ ہوا۔

وَهَكَذَا مَرَّ الْيَوْمُ الثَّانِي وَالثَّالِثُ وَالرَّابِعُ وَلَا حَضَرَ الشَّيْطَانُ - اور

اس طرح دوسرا، تیسرا اور چوتھا دن گزر گیا اور شیطان حاضر نہ ہوا۔

وَلَا حَصَلَ الشَّابُ عَلَى الرُّوبِيَاتِ حَتّٰى ضَاقَ مِنَ الْاِنْتِظَارِ وَغَضِبَ۔ اور نوجوان روپیہ حاصل نہ کر سکا۔ یہاں تک کہ نوجوان انتظار سے تنگ پڑ گیا۔ اور غصے سے غضب ناک ہوا۔

وَهُنَا تَذَكَّرَ الشَّجَرَةَ مَرَّةً ثَانِيَةً، وَقَامَ يُرِيدُ اَنْ يَقْطَعَهَا،

اور اس وقت دوسری مرتبہ درخت کو یاد کیا اور اس کو کاٹنے کے ارادے سے کھڑا ہو گیا۔

فَحَمَلَ فَاسَهُ وَفِي الطَّرِيقِ ظَهَرَ اَمَامَهُ الشَّيْطَانُ مَرَّةً ثَانِيَةً۔ پس اس نے کلہاڑا اٹھایا اپنا۔ اور رستے میں ظاہر ہوا شیطان اس کے سامنے دوسری دفعہ۔

وَقَالَ لَهُ:- اِلٰى اَيْنَ تَذْهَبُ؟ اور کہا اس کو، کہ کہاں جاتا ہے تو؟

وَقَالَ الشَّابُّ:- اَنَا ذَاهِبٌ لِقَطْعِ الشَّجَرَةِ لِاَنَّكَ قَطَعْتَ الرُّوبِيَّاتِ عَنِّي۔ نوجوان نے کہا۔ کہ میں درخت کو کاٹنے کے لئے جاتا ہوں کیونکہ تو نے روپے مجھ سے روک لئے۔

قَالَ الشَّيْطَانُ:- لَا تَصِلُ اِلٰى هُنَاكَ، وَاَنَا اَمْنَعُكَ مِنَ الذَّهَابِ اِلٰى تِلْكَ الشَّجَرَةِ۔ شیطان کہنے لگا کہ اب تو وہاں نہیں پہنچ سکتا اور میں تجھے اس درخت کی طرف جانے سے روکوں گا۔

فَاَمْسَكَ بِرَقَبَةِ الشَّابِّ وَرَفَعَهُ ثُمَّ رَمَاهُ عَلَى الْاَرْضِ۔ پھر اس نے نوجوان کی گردن کو پکڑ لیا۔ اور اسے اٹھایا اور دے مارا زمین پر۔

وَجَلَسَ عَلٰى صَدْرِهِ۔ اور اس کے سینے پر بیٹھ گیا۔

حَتّٰى اَقْتَرَبَتْ رُوحُهُ اَنْ تَخْرُجَ، فَصَارَ الشَّابُّ يَعْتَذِرُ اِلَى الشَّيْطَانِ۔ یہاں تک کہ اس نوجوان کی روح نکلنے کے قریب ہو گئی پس نوجوان شیطان سے معذرت کرنے لگا۔

حَتّٰى قَبِلَ الشَّيْطَانُ عُذْرَهُ وَلٰكِنْ بِشَرْطِ اَنْ يَذْهَبَ اِلَى الشَّجَرَةِ وَيَفْعَلَ مِثْلَ النَّاسِ۔ یہاں تک کہ شیطان نے اس کا عذر قبول کر لیا۔ لیکن اس شرط پر کہ درخت کے پاس جائے گا اور وہی عمل کرے گا جو لوگ کرتے ہیں۔

فَقَبِلَ الشَّابُّ هٰذَا الشَّرْطَ، وَبَعْدَ اَنْ تَرَكَهُ الشَّيْطَانُ سَاَلَهُ الشَّابُّ۔ پس نوجوان نے یہ شرط قبول کر لی۔ شیطان کے چھوڑنے کے بعد نوجوان نے اس سے سوال کیا۔

كَيْفَ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَغْلِبَنِي وَصِرْتُ فِي يَدِكَ مِثْلَ الرِّيشَةِ۔ تو نے کیسے مجھے مغلوب کر لیا اور میں تیرے ہاتھ میں پر کی طرح ہو گیا۔

فَقَالَ الشَّيْطَانُ۔ كُنْتَ فِي الْمَرَّةِ الْاُولٰى تَعْمَلُ فَقَطْ لِوَجْهِ اللّٰهِ۔ پس شیطان نے کہا۔ کہ پہلی دفعہ تو عمل کر رہا تھا اللہ کی رضا کے لئے۔

فَمَنَحَكَ اللّٰهُ تِلْكَ الْقُوَّةَ، لٰكِنْ فِي الْمَرَّةِ الثَّانِيَةِ كُنْتَ تَعْمَلُ لِوَجْهِ الرُّوبِيَّاتِ پس اللہ رب العزت نے یہ طاقت عطا کر دی۔ لیکن دوسری مرتبہ تو عمل کر رہا تھا روپیہ حاصل کرنے کے لئے۔

فَاَخَذَ اللّٰهُ مِنْكَ قُوَّتَهُ وَتَرَكَكَ، فَغَلَبْتُكَ۔ پس اللہ نے تیرے سے وہ قوت سلب کر لی اور تجھے چھوڑ دیا۔ پس میں تجھ پر غالب آ گیا۔

فَخَجِلَ الشَّابُّ وَنَكَّسَ رَاْسَهُ وَعَرَفَ اَنَّ الْاِخْلَاصَ لِلّٰهِ كَانَ سَبَبَ قُوَّتِهِ وَغَلَبَتِهِ عَلَى الشَّيْطَانِ۔ پس نوجوان شرمندہ ہو گیا اور اپنے سر کو نیچا کر لیا۔ اور اس حقیقت کو پا لیا کہ اللہ کے لئے اخلاص شیطان پر غلبہ اور طاقت کا سبب ہوا کرتا ہے۔

وَهَزِيمَتُهُ اَمَامَ الشَّيْطَانِ كَانَ بِسَبَبِ رُجُوعِهِ عَنْ ذٰلِكَ الْاِخْلَاصِ۔ اور اس کی شکست شیطان کے آگے اس اخلاص کو چھوڑ دینے کی وجہ سے تھی۔

تمرین

سوال: اس قصہ سے تمام مرکب توصیفی نکالئے اور ترجمہ کیجئے:-

جواب:

مرکب توصیفی	ترجمہ	مرکب توصیفی	ترجمہ
اَلْاَخْبَارُ الْخَاطِئَةُ	غلط خبریں	شجرة عجيبة	عجیب درخت
شَجَرَةٌ مُبَارَكَةٌ	مبارک درخت	كلام لين	نرم گفتگو
اَلْيَوْمُ الثَّالِثُ	تیسرا دن	المرة الاولى	پہلی بار
		مرة ثانية	دوسری بار

سوال: مندرجہ ذیل الفاظ کے معانی لکھئے:-

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
قريه	بستی	فكر	سوچ
عزم	پختہ ارادہ	فاس	کلہاڑا
اَقطع	میں کاٹتا ہوں	صادق النيت	سچی نیت والا
اَمْسَكَ	پکڑ لیا	على	پر

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اِقْتَرَبَتْ	قریب ہوگئی	لَیِّن	نرم
عفو	درگزر کرنا	کَمَا تُرِیْدُ	جیسا تو چاہتا ہے۔

سوال: اس کہانی سے منفی جملہ فعلیہ نکالنے کی کوشش کیجئے۔ ترجمہ بھی کریں:۔

جواب:

منفی جملہ فعلیہ	ترجمہ
لَا تَصِلُ اِلَیْهَا	تو اس کی طرف نہیں پہنچ سکتا۔
لَا اُرِیْدُ	میں نہیں چاہتا۔
لَا حضر الشیطان	شیطان حاضر نہ ہوا۔
لَا حَصَلَ الشَّابُ علی الرُّوبیات	نوجوان روپیوں کو نہ پاسکا۔
لَا تَصِل	تو اس کی طرف نہیں پہنچ سکتا۔

سوال: اس کہانی سے پانچ ایسے جملے نکالئے جو فعل، فاعل اور مفعول سے بنے ہوں:۔

جواب:

فَاَخَذَ فَاْسَهٗ	پس اس نے اپنا کلہاڑا پکڑا۔
ظَهَرَ اَمَامَهُ الشَّیْطَانُ	اس کے آگے شیطان ظاہر ہوا۔
اَقْطَعُهَا	میں اس کو کاٹ دوں گا۔
رَحِمَهُ الشَّابُ	نوجوان نے اس پر رحم کھایا۔
وَتَرَکَهٗ	اور اس کو چھوڑ دیا۔

سوال: کہانی سے ایسے پانچ جملے نکالئے جو فعل، فاعل اور جار و مجرور سے بنے ہوں۔

جواب:

یَسْکُنُ فِیْ قَرْیَةٍ	وہ ایک بستی میں رہتا ہے۔
فَغَضِبَ الشَّابُ عَلٰی هٰذَا الشِّرْکِ	پس نوجوان اس شرک پر غضب ناک ہوا۔
ذَهَبَ اِلٰی تِلْکَ الشَّجَرَةِ	وہ چلا اس درخت کی طرف۔
مَاذَا تَعْمَلُ عِنْدَ الشَّجَرَةِ	اس درخت کے پاس تو کیا کرے گا؟
وَیُشْرِکُ بِاللّٰهِ بِسَبَبِهَا	اور وہ اللہ کے ساتھ اس کی وجہ سے شرک کرتا ہے۔

اَلدَّرْسُ الْعِشْرُوْنَ ـــ بیسواں سبق

عزیز طلاب! چاہئے تو یہ تھا کہ ان احادیث کا ترجمہ و تشریح ہم پہلے بیان کرتے۔ لیکن کتاب کی طرز کے مطابق ہم نے بھی اسے آخر میں ذکر کیا ہے۔ بہرحال احادیث مبارکہ کا ترجمہ و تشریح برکت کی غرض سے کیا جا رہا ہے۔ دوسرا ان احادیث کو اگر آپ زبانی یاد کرلیں تو دنیاوی زندگیوں کے بے شمار پہلوؤں پر آپ کی نگاہ رہے گی اور اُخروی زندگی میں نجات کا موجب بھی بنے گی۔ انشاء اللہ العزیز!

حدیث نمبر ۱

مفرد	معانی	مفرد	معانی
اَمْرٌ	معاملہ	عَجَبًا	عجیب ہے
اَصَابَتْهُ	اسے پہنچی	سَرَّاءُ	خوشحالی
ضَرَّاءُ	دکھ، مصیبت	شَکَرَ	اس نے شکر ادا کیا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

عَجَبًا لِاَمْرِ الْمُؤْمِنِ اِنَّ اَمْرَهٗ کُلَّهٗ لَهٗ خَیْرٌ۔

مومن کا بھی عجیب معاملہ ہے کہ اس کا حال سب کا سب اس کے حق میں اچھا ہے

وَلَیْسَ ذَاکَ لِاَحَدٍ اِلَّا لِلْمُؤْمِنِ۔

اور یہ بات سوائے مومن کے اور کسی کو نصیب نہیں۔

اِنْ اَصَابَتْهُ سَرَّاءُ شَکَرَ فَکَانَ خَیْرًا لَّهٗ۔

اگر اسے خوشی ملے تو وہ شکر کرتا ہے۔ سو وہ اس کے حق میں اچھا ہوتا ہے۔

وَاِنْ اَصَابَتْهُ ضَرَّاءُ صَبَرَ فَکَانَ خَیْرًا لَّهٗ۔

اور اگر اسے تکلیف پہنچے تو وہ صبر کرتا ہے۔ سو وہ بھی اس کے حق میں اچھا ہوتا ہے۔

تشریح:۔ اگرچہ اس حدیث کے لفظی ترجمہ سے ہی بات بالکل واضح ہو چکی ہے کہ مومن کے ہر دو چند حالات اس کے حق میں اچھے ہیں۔ خوشی میسر آئے تو شکر کرے گا۔ اللہ رب العزت شکر کرنے والوں کو پسند فرماتے ہیں۔ اور اگر مصیبت پہنچے تو صبر کرتا ہے۔ اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہوتا ہے۔ یہ اعزاز سوائے مومن کے کسی اور کو نصیب نہیں۔

تمرین

وَضِّحْ معانی التراکیبات الآتیة: مندرجہ ذیل ترکیبوں کے معانی کی وضاحت کریں:۔

لَیْسَ ذَاکَ - اَمْرُ الْمُؤْمِنِ - اَصَابَتْہ - اِلَّا لِلْمُؤْمِن۔

جواب:۔ یہ نہیں ہے۔ مومن کا معاملہ - اسے پہنچی - مگر مومن کے لئے۔

سوال: استخراج ثلاث فوائد مِنْ ھٰذَا الحدیث باللغة العربیه۔

جواب: ثلاث فوائد المستخرجه من الحدیث شکر المومن علی الراحت خیر و صبر المومن علی خَیْرٌ۔

سوال: این الفاعل فی کل من الفعلین الآیتین:۔ شکر۔ صبر۔

جواب: شکر۔ صبر۔ اس نے شکر کیا۔ اس نے صبر کیا۔

ان دونوں جملوں میں ھُوَ (ضمیر غائب) کی فاعل ہے۔ جس کو ضمیر مُسْتَتِر بھی کہا جاتا ہے۔

حدیث ۲:

مفرد	معانی	مفرد	معانی
یُؤْمِنُ	ایمان لاتا ہے	اَلْیَوْمِ الْاٰخِرِ	آخرت کا دن
لَا یُؤْذِ	نہ ایذا پہنچائے	فَلْیُکْرِمْ	پس وہ تعظیم کرے
فَلْیَقُلْ	پس وہ کہے	لِیَصْمُتْ	خاموش رہے۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے:۔

مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا یُؤْذِ جَارَہٗ۔

جو شخص ایمان رکھتا ہے اللہ کے ساتھ اور آخرت کے دن کے ساتھ تو وہ اپنے ہمسایہ کو تکلیف نہ دے۔

وَمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْیُکْرِمْ ضَیْفَہٗ۔

اور جو شخص ایمان رکھتا ہے اللہ کے ساتھ اور آخرت کے دن کے ساتھ تو وہ عزت کرے اپنے مہمان کی۔

وَمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْیَقُلْ خَیْرًا اَوْ لِیَصْمُتْ۔

اور جو شخص ایمان رکھتا ہے۔ اللہ کے ساتھ اور آخرت کے ساتھ۔ تو وہ کہے اچھی بات یا خاموش رہے۔

سوال: وَضِّحْ مَعَانِیَ مَا یَاْتِیْ؟

لَا یُؤْذِ - فَلْیُکْرِمْ - لِیَصْمُتْ - یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ - ضَیْفَہٗ۔

جواب: نہ اذیت دے۔ پس وہ تعظیم کرے۔ خاموش رہے۔ ایمان لاتا ہے ساتھ اللہ کے۔ اس کا مہمان!

سوال نمبر ۲۔ اِسْتَخْرِجْ ثلاث فوائد من الحدیث باللغة العربیة۔

جواب: ثلاث فوائد المستخرجه من الحدیث علی المومن ان لا یُؤْذِی جارہ ولیکرم ضیفہ ولا ینطق اِلا بالخیر

سوال ۳:۔ اعراب مَا یَاْتِیْ؟ ترکیب نحوی کیجئے:۔

یومن باللہ وَالْیَوْمِ الْاٰخِر۔

جواب: یُؤْمِن۔ فعل مضارع۔ باء، جار۔ اللہ، مجرور معطوف علیہ۔ وحرف عطف الیوم معطوف موصوف الاخر، صفت۔) جملہ فعلیہ خبریہ۔

سوال ۴: اشرح الحدیث باللغة الاردیة؟

جواب: اس حدیث مبارکہ کے ذریعے تین معاشرتی پہلوؤں کی اہمیت کا پتہ چلتا ہے۔ شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فرمان کے مطابق اگر ایک شخص اللہ اور آخرت پر یقین کامل رکھتا ہو۔ یعنی اسے اس بات کی خبر ہو کہ اللہ رب العزت نے مجھے پیدا کیا ہے اور مجھے راعی بنایا ہے۔ دنیاوی زندگی کے استعمال کے بارے میں قیامت کے دن مجھ سے باز پرس ہوگی۔ تو اس سے اس کا ہمسایہ محفوظ رہے، مہمانوں کی عزت کرے لغویات سے اپنے آپ کو محفوظ رکھے۔ یعنی اچھی بات کہے یا پھر خاموش ہی رہے

حدیث نمبر ۳:۔

مفرد	معانی	مفرد	معانی
حَلَاوَۃُ	مٹھاس	اَحَبَّ	سب سے زیادہ محبت
سِوَاھُمَا	ان دونوں کے سوا	یُحِبُّ	وہ پسند کرتا ہے
یَکْرَہُ	وہ ناپسند کرتا ہے	یُقْذَفَ	اسے ڈالا جائے

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:۔

نبی اکرم (صلی اللہ علیہ وسلم) کا ارشاد گرامی ہے:۔

ثَلَاثٌ مَنْ کُنَّ فِیْہِ وَجَدَ حَلَاوَۃَ الْاِیْمَانِ۔

تین چیزیں جس میں ہوں اس نے ایمان کی شیرینی کو پا لیا

اَنْ یَکُوْنَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِمَّا سِوَاھُمَا ۔

پہلی یہ کہ ہو اللہ اور اس کا رسول سب سے زیادہ محبوب اسے ان دونوں کے سوا ہر ایک سے ۔

وَاَنْ یُحِبَّ الْمَرْءَ لَا یُحِبُّہٗ اِلَّا لِلّٰہِ ۔

دوسری یہ کہ وہ اُس آدمی کو دوست رکھے اس حال میں کہ وہ اسے صرف اللہ کے لئے دوست رکھتا ہو ۔

وَاَنْ یَکْرَہَ اَنْ یَعُوْدَ فِی الْکُفْرِ کَمَا یَکْرَہُ

تیسری یہ کہ وہ کفر کی طرف عود کرنے (واپس آنے) کو ناپسند کرے

اَنْ یُقْذَفَ فِی النَّارِ ۔

جیسے آگ میں ڈالے جانے کو ناپسند کرتا ہے

تمرین

سوال :- وَضِّحْ مَعَانِیْ مَا یَاْتِیْ ۔ مندرجہ ذیل کے معانی کی وضاحت کریں :-

وَجَدَ حَلَاوَۃَ - لَا یُحِبُّہٗ اِلَّا لِلّٰہِ - کُنَّ فِیْہِ - سِوَاھُمَا ۔

جواب :- وَجَدَ حَلَاوَۃَ ۔ اس نے مٹھاس پائی - لَا یُحِبُّہٗ اِلَّا لِلّٰہِ ۔ وہ اللہ کے سوا کسی سے محبت نہیں کرتا - کُنَّ فِیْہِ، وہ اس میں تھیں - سِوَاھُمَا ۔ ان دونوں کے سوا ۔

سوال : اِسْتَخْرِجْ ثَلَاثَ فَوَائِدَ مِنَ الْحَدِیْثِ بِالْعَرَبِیَّۃِ ۔

جواب : عَلَی الْمُؤْمِنِ اَنْ یَکُوْنَ حُبُّہٗ لِلّٰہِ وَلِرَسُوْلِہٖ اَشَدَّ وَاَعْمَقَ مِنْ حُبِّہٖ لِجَمِیْعِ الْاَشْیَاءِ فِی الْکَوْنِ ۔ ۲- وَاَنْ یَکُوْنَ حُبُّہٗ لِلْاٰخَرِیْنَ لِوَجْہِ اللّٰہِ تَعَالٰی فَقَطْ ۳- وَاَنْ یَکْرَہَ الْعَوْدَ اِلَی الْکُفْرِ اَشَدَّ الْکَرَاھِیَۃِ ۔

سوال : یُحِبُّ الْمُؤْمِنُ اللّٰہَ ۔ اَعْرِبْ ھٰذِہِ الْجُمْلَۃَ وَبَیِّنْ نَوْعَھَا ۔

جواب : یحب - فعل مضارع - المومن ، فاعل - اللہ - مفعول بہ - جملہ فعلیہ

حدیث ۴ :- مشکل الفاظ کے معانی :-

سَرَّ - اس نے خوش کیا - یُمَدَّ لَہٗ ۔ اس کے لئے بڑھا دیا جائے - یُوَسَّعَ لَہٗ اس کے لئے وسیع کر دیا جائے - یُدْفَعَ عَنْہُ - اس سے دور کیا جائے - مِیْتَۃ ۔ مرنے کی کیفیت - السُّوْءِ - بُرا - فَلْیَتَّقِ - پس وہ تقویٰ اختیار کرے - وَلْیَصِلْ رَحِمَہٗ - اور وہ صلہ رحمی کرے ۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ :-

رسول کریم (صلی اللہ علیہ و

مَنْ سَرَّہٗ اَنْ یُمَدَّ لَہٗ فِیْ عُمُرِہٖ ۔

جس شخص کو یہ بات اچھی لگے کہ اس کی عمر بڑھا دی جائے

وَیُوَسَّعَ لَہٗ فِیْ رِزْقِہٖ ۔

اور کشادہ کر دیا جائے اس کے لئے اس کا رزق ۔

وَیُدْفَعَ عَنْہُ مِیْتَۃَ السُّوْءِ ۔

اور دور کر دیا جائے اس سے بُری موت کو ۔

فَلْیَتَّقِ اللّٰہَ، وَلْیَصِلْ رَحِمَہٗ ۔

پس اسے چاہئے کہ وہ ڈرے اللہ تعالےٰ سے اور صلہ رحمی کرے ۔

تمرین

سوال : ھَاتِ مَاضِیَ الْاَفْعَالِ الْاٰتِیَۃِ ۔ مندرجہ ذیل افعال کا ماضی بتائیے :-

یُوَسِّعُ - یَصِلُ - یَدْفَعُ - یُمَدُّ

جواب : وَسَّعَ - وَصَلَ - دَفَعَ - مَدَّ

سوال : اِشْرَحِ الْحَدِیْثَ بِاللُّغَۃِ الْاُرْدِیَّۃِ :-

جواب : اس حدیث کی روشنی میں ہمیں اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ اگر کوئی شخص طویل عمر اور کشادہ رزق کا متمنی ہو، اور یہ بھی چاہتا ہو کہ اللہ رب العزت نزع کے وقت آسانی فرمائیں تو وہ صلہ رحمی کرے ۔ یعنی اقربا کے ساتھ حُسنِ سلوک سے پیش آئے ۔ جس حد تک ہو سکے ۔ ان کے ساتھ مشفقانہ سلوک روا رکھے ۔

سوال : اَعْرِبِ الْجُمْلَۃَ الْاٰتِیَۃَ ؟ مندرجہ ذیل جملہ کی ترکیب نحوی کیجئے :-

یَصِلُ الرَّجُلُ رَحِمَہٗ ۔

جواب :

یصل	فعل مضارع	جملہ فعلیہ خبریہ
الرجل	فاعل	
رحمہ	مضاف (مفعول بہ)	
ہٗ	ضمیر - مضاف الیہ	

حدیث ۵ :-

مِثْقَالُ : برابر - حَبَّۃ ، دانہ - کِبْر، غرور و تکبر - ثَوْب ، کپڑا لباس - نَعْل

جوتا۔ اَلْجَمَال، خوبصورتی۔ بَطَرُ الْحَقِّ۔ حق کو رد کرنا۔ غَمْط، حقیر سمجھنا۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ :۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے :۔

لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ۔ مَنْ کَانَ فِیْ قَلْبِہٖ مِثْقَالُ حَبَّۃٍ مِنْ کِبْرٍ۔

نہیں داخل ہوگا جنت میں وہ شخص جس کے دل میں دانے کے برابر غرور ہو۔

فَقَالَ رَجُلٌ :۔ اِنَّ الرَّجُلَ یُحِبُّ اَنْ یَکُوْنَ ثَوْبُہٗ حَسَنًا وَنَعْلُہٗ حَسَنًا۔

تو ایک آدمی نے کہا۔ کہ بے شک آدمی پسند کرتا ہے کہ ہو اس کا لباس خوبصورت اور اس کا جوتا خوبصورت۔

قَالَ، اِنَّ اللّٰہَ جَمِیْلٌ وَیُحِبُّ الْجَمَالَ۔

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بے شک اللہ خوبصورت ہے اور پسند کرتا ہے خوبصورتی کو۔

اَلْکِبْرُ بَطَرُ الْحَقِّ وَغَمْطُ النَّاسِ۔

غرور، حق کو رد کرنا اور لوگوں کو حقیر سمجھنا ہے۔

تمرین

سوال: وَضِّحْ مَعَانِیْ یَا مَاتِیْ ؟

لَا یَدْخُلُ۔ مِثْقَالُ حَبَّۃٍ۔ یُحِبُّ الْجَمَالَ۔ نَعْلُہٗ حَسَنٌ

جواب: لَا یَدْخُلُ۔ وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ مِثْقَالُ حَبَّۃٍ۔ دانے کے برابر۔ یُحِبُّ الْجَمَالَ۔ خوبصورتی سے محبت کرتا ہے۔ نَعْلُہٗ حَسَنٌ۔ اس کا جوتا خوبصورت۔

سوال: استخرج ثلاث فوائد من ھذا الحدیث بالعربیہ۔

جواب: ۱۔ اَلْاِسْتِکْبَارُ مَانِعٌ مِنْ دُخُوْلِ الْجَنَّۃِ۔ ۲۔ حُبُّ اللِّبَاسِ الْحَسَنِ الْجَمِیْلِ لَیْسَ مِنَ الْکِبْرِ۔ ۳۔ اَصْلُ الْکِبْرِ اِسْتِخْفَافُ الْحَقِّ وَاِسْتِحْقَارُ النَّاسِ

سوال: کیف یکون الکبر۔ وضح ذلک مما تستفیدہ من ھذا الحدیث۔

جواب: الکبر بطر الحق وغمط الناس۔

حدیث ۶:

اَصْلِحْ: تو درست کردے، عِصْمَۃٌ حفاظت، مَعَاشٌ۔ زندگی۔ مَعَادٌ لوٹنے کی جگہ۔ رَاحَۃٌ۔ آرام وسکون۔ دُنْیَایَ: میری دنیا۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم :۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے :۔

اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ ھُوَ عِصْمَۃُ اَمْرِیْ۔

اے اللہ! درست کردے میرے لئے میرے دین کو جو حفاظت کا باعث ہے میرے معاملات کی۔

وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَاشِیْ

اور درست کردے میرے لئے میری دنیا جس میں میری معیشت ہے۔

وَاَصْلِحْ لِیْ اٰخِرَتِیَ الَّتِیْ اِلَیْھَا مَعَادِیْ

اور درست کردے میرے لئے میری آخرت کو جس کی طرف مجھے لوٹنا ہے۔

وَاجْعَلِ الْحَیَاۃَ زِیَادَۃً لِّیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ۔

اور بنادے زندگی کو میرے لئے ہر بھلائی میں زیادتی۔

وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَۃً لِّیْ مِنْ کُلِّ شَرٍّ

اور بنادے موت کو میرے لئے ہر برے کام سے راحت۔

تمرین

سوال: وَضِّحْ مَعَانِیْ مَا یَاتِیْ ؟

رَاحَۃً لِیْ۔ عِصْمَۃُ اَمْرِیْ۔ فِیْھَا مَعَادِیْ۔ کُلِّ شَرٍّ۔ اٰخِرَتِیَ۔ دُنْیَایَ

جواب: میرے لئے آرام۔ میرے معاملہ کی حفاظت۔ اس میں میرا لوٹنا۔ ہر شر۔ میری آخرت۔ میری دنیا۔

سوال: استخرج من الحدیث بعض الفوائد التی تلاحظھا۔

جواب: اس حدیث مبارکہ میں جو دعائے ماثورہ پیش کی گئی ہے اسے صبح وشام پڑھنے سے بے شمار فوائد اخروی / دنیاوی سے مستفید ہوا جاسکتا ہے۔

سوال: اعرب ما یاتی: الموتُ راحۃٌ مِن کلِّ شرٍّ

جواب: الموت، مبتدا، راحۃ، خبر۔ مِن حرف جار۔ کل، مضاف مجرور شر، مضاف الیہ متعلق خبر } جملہ اسمیہ خبریہ۔

حدیث ۷:

اِتَّقِ۔ تو بچ۔ اَعْبُدْ، زیادہ عبادت گذار۔ اِرْضَ، تو راضی ہوجا۔ اَغْنِ۔ زیادہ دولت مند۔ اَحْسِنْ۔ تو اچھا سلوک کر۔ اَحِبَّ، تو پسند کر۔ تَکُنْ۔ تو

ہو جائے گا۔ تمیت، وہ مار دیتی ہے۔ لَا تُكْثِرْ، تو زیادہ نہ کر۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :-

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے :-

اِتَّقِ الْمَحَارِمَ تَكُنْ اَعْبَدَ النَّاسِ ۔

تو بچ حرام کاموں سے تو ہو جائے گا سب لوگوں سے زیادہ عبادت گذار۔

وَارْضَ بِمَا قَسَمَ اللّٰهُ لَكَ تَكُنْ اَغْنَى النَّاسِ

اور تو راضی ہو جا جو تقسیم کیا اللہ نے تیرے لئے۔ تو سب لوگوں سے زیادہ دولت مند ہو جائے گا۔

وَاَحْسِنْ اِلٰى جَارِكَ، تَكُنْ مُؤْمِنًا ۔

اور تو اچھا سلوک کر اپنے ہمسایہ کے ساتھ تو ہو جائے گا مومن۔

وَاَحِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ تَكُنْ مُسْلِمًا ۔

اور تو پسند کر لوگوں کے لئے وہی جو تو پسند کرتا ہے اپنے لئے تو ہو جائے گا مسلمان۔

وَلَا تُكْثِرِ الضَّحِكَ فَاِنَّ كَثْرَةَ الضَّحِكِ تُمِيْتُ الْقَلْبَ ۔

اور تو زیادہ نہ ہنس۔ کیونکہ زیادہ ہنس مردہ کر دیتی ہے دل کو۔

تمرین

سوال : وَضِّحْ معانی المفردات الآتیة :-

اَغْنٰى - قَسَمَ - اِتَّقِ - اَعْبَدَ - اَحِبَّ ۔

جواب : اَغْنٰى - زیادہ دولت مند۔ قَسَمَ - اس نے تقسیم کیا۔ اِتَّقِ، تو بچ۔

اَعْبَدَ - زیادہ عبادت گزار۔ اَحِبَّ - تو پسند کر۔

سوال : استخرج من الحدیث ثلاث فوائد باللغة العربیة۔

۱۔ تَرْكُ الْمَحَارِمِ خَشْيَةً لِلّٰهِ مِنْ اَحْسَنِ الْعِبَادَاتِ ۲۔ وَالرِّضَاءُ بِتَقْسِيْمِ اللّٰهِ وَتَقْدِيْرِهٖ اَصْلُ الْغِنٰى ۳۔ وَالاحسان اِلَى الْجَارِ من اقتضاء الایمان

سوال : ماذا تکون اغنی الناس برضاك بما قسم الله لك ۔

اللہ کی تقسیم پر راضی ہو کہ تو سب لوگوں سے زیادہ دولت مند ہو جائے گا۔

جواب : اللہ کی تقسیم پر راضی رہ کر انسان کا ضمیر مطمئن ہو جاتا ہے۔ کہ دینے والے نے میرے مقدر میں یہی کچھ لکھا ہے۔ اگرچہ اس میں جدوجہد بھی شامل ہو۔ یعنی مَنْ جَدَّ وَجَدَ۔ اور لیس للانسان الا ما سعٰی بھی رہے۔ صرف ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر

تقسیم پر رضاء الٰہی درست نہیں۔ حضرت علیؓ کا قول اس ضمن میں شاندار حیثیت رکھتا ہے۔ کہ ہم اپنے جبار کی تقسیم پر راضی ہیں کہ ہمارے لئے علم اور جاہلوں کے لئے مال۔ علم باقی رہتا ہے اور مال فنا ہو جاتا ہے۔

آخر میں نمونہ کے پرچہ جات کے عکس درج کئے جا رہے ہیں۔ دوران تدریس انہیں سامنے رکھ کر اصل کتاب اور خلاصہ ہذا کو ملحوظ خاطر رکھنے سے آپ کی تمام پریشانیاں حل ہو جائیں گی۔

اے اللہ! ہم کو نبی محتشم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے صدقے عربی زبان سمجھنے کی صلاحیت نصیب فرما۔

آمین بجاہ سید المرسلینؐ۔